بزغالہ ف بکری کا بچّہ۔

بزل ع سختی۔ شدت۔

بزلہ ع (بذال معجمہ بھی درست ہے) باتیں لطیف اور سخن ظریفانہ اور لطیفہ۔

بزم ف سبھا۔ مجلس۔ جشن۔

بزمگاہ ف مجلس کی جگہ۔ اور جگہ عیش کی۔

بزور ع جمع بزر کی معنے بیج۔ تخم۔

بزور ف ساتھ زور کے۔

بزہ ف گناہ۔ خطا۔ بدنصیب آدمی۔

بزہ کار ع گنہگار۔ خطادار۔

بس ف بہت اور بس - کباب
کرنیکی سیخ کو کہتے ہیں -
بساف بہت - اکثر نام ایک
شہر کا فارس میں -
بسان ف مانند - ویساہی
بست ف بیس یعنے ۲۰ عدد
بستان ف پھلواڑی - باغ -
بستر ف بچھونا - چٹائی وغیرہ
بستم ف بیسواں یعنے (۲۰)
بستن ف باندھنا -
بسط ع بچھانا - پھیلانا -
بساط ع بچھونا - چٹائی وغیرہ -
بسمل ع زخمی - گھائل -
بسم اللہ ع خدا کے نام سے
شروع کرتا ہوں -
بسند ف بس کیا ہوا - پسند کیا ہوا
بسی / بسیار } ف بہت
بسیط ع جو کہ مرکب نہو بے جزو
فراخ -
بشارت ع خوشخبری -
بشاشت ع کشادہ روئی -
اور لطف کلام سے پیش آنا -
خوش ہوکر بات کرنا -

بشر ع آدمی - انسان - اس میں مؤنث
اور مذکر برابر ہیں -
بشرہ ع چہرہ - مکھ -
بُشرے ع خوشخبری - اچھی خبر
بشریت ع آدمیت -
بشیر ع خوشخبری دینے والا - اور
خوبصورت -
بصارت ع نظر - بینائی -
بصر ع آنکھ - اور بینائی -
بصائر ع جمع بصیرت کی بینائی
اور زیرکی دل کی -
بصرہ ع نام مشہور شہر کا ہے -
بصل ع پیاز - بصل ایک گٹھی
پیاز کی اور لوہیکا خنجر -
بصیر ع دانا - بینا - اور نابینا -
بصیرت ع دانائی - بینائی یقین
بصائر جمع اُس کی ہے -
بضاعت ع پونجی - تھوڑا سا مال
جس سے سوداگری کی جاوے -
بط ع بطخ -
بطال ع ناچیز آدمی - اور معطل
اور بیکار اور دلاور -
بطالت ع دلیری - بیکاری -
اور ہزل -

بطانت ع راز پوشیدہ اور
ہر چیز کا استر -
بطش ع حملہ کرنا - حملہ - دلیری
بطل ع بہادر - پہلوان - جمع ابطال
بطلان ع جھوٹ - بے اصل -
بطن ع پیٹ - شکم -
بعث ع اُٹھنا اور لشکر جو کسی طرف
روانہ کیا جائے روانہ کرنا - اور زندہ کرنا
نیند سے جگانا اور پراگندہ کرنا -
بعثت ع برانگیختگی - اُٹھاؤ -
بیداری - پراگندگی -
بعد ع پیچھے - پس -
بُعد ع دوری -
بعض / بعضے } ع کوئی - کچھ - ایک -
بعید ع دور -
بعینہ ع عین ہیں - وہی -
بغاوت ع دنگا - اور بگڑ جانا -
بُغتتاً ع اتفاقاً - فوراً - اچانک -
اچانچک -
بغچہ ت چھوٹی سی گٹھڑی کپڑوں وغیرہ کی
بغرا ع ایک قسم کا کھانا ہے - جو
گوشت چاول ڈال کر پکاتے ہیں بانی
اس کھانے کا بغرخان بادشاہ خوارزم

کا تھا - اس واسطے بغراہ کہتے ہیں اور سور نر اور کلنگ کو بھی کہتے ہیں -

بغض ع کینہ اور دشمنی -

بغل ع کچھ - بازو کے نیچے کا جسم اور خچر -

بغی ع بھرا ہوا -

بفت ف بننا - کپڑا بننا -

بقا ع باقی رہنا - موجود رہنا -

بقاع ع جمع بقعہ کی - معنے مکان - جگہ -

بقایا ع جمع باقی کی -

بقر ع گائے -

بقچہ ت گٹھڑی کپڑوں کی -

بقعہ ع مکان رہنے کا - خانقاہ مندر -

بقل ع ساگ پات جو تخم سے اُگے

بقیہ ع بچا ہوا - بچت -

بکا ع رونا - زاری -

بکارت ع چہرہ - دوشیزگی کنوارپن

بکاول ف بھنڈاری - داروغہ باورچی خانہ -

بکتر ف ایک قسم کی زرہ ہے جو لڑائی میں پہنتے ہیں -

بکر ع دوشیزہ - کنواری - چہرہ بند -

بکم ع جمع ابکم کی بمعنے گونگے لوگ جو بول نہیں سکتے -

بل ع بلکہ -

بلا ع بیت مصیبت - دُکھ -

بلاد ع جمع بلد کی معنے شہر -

بلادت ع بیوقوفی - کند ذہنی -

بلاغ ع پُہنچانا -

بلاغت ع حسب موقع گفتگو کرنی جیسا حال دیکھنا ویسی گفتگو کرنا -

بلاہت ع احمق پن - بیوقوفی سادگی -

بلبل ع نام ایک پرند خوش الحان کا ہے

بلبلہ ع غم اور دسو - اور جو بات سمجھ میں نہ آوے مصیبت پڑنا - اور بلبلہ پانی کا - آبلہ

بلخ ع نام شہر مشہور کا ہے خراسان میں -

بلدان ع جمع بلد کی معنے شہر -

بلد
بُلدہ } ع نگر - شہر - بستی -

بلشت ع بلشت یعنی چھنگلیا کے سر سے انگوٹھے تک کی ناپ -

بلغا ع جمع بلیغ کی -

بلکہ ف بلکہ

بلقیس ع ملکہ شہر سبا کی کہ اُس کا نکاح سلیمان نے ملک تیغ اصغر سے کر دیا تھا - اور اس سے اولاد بھی ہوئی جو لوگ سلیمان علیہ السّلام کی جورو کہتے ہیں وہ غلط ہے -

بلند ف اونچا -

بلوا ف آزمائش - سختی - اور دریافت کرنا کسی چیز کا -

بلوط ع نام ہے ایک بڑے درخت کا جس کی چھال سے چمڑے رنگے جاتے ہیں -

بلوغ ع پہنچنا - بالغ ہونا - جوانی کو پہنچنا -

بلہ ع احمق - بے وقوف -

بلے ف ہاں - ہاں جی - ہاں صاحب -

بلید ع کُند ذہن آدمی - کم سمجھ افسردہ دل -

بلیغ ع جو حسب حال گفتگو کرے جسکی زبان بہت فصیح ہو -

بلیات ع جمع بلا کی - مصائب اور مصیبتیں -

بم ع آواز راگ کی جو اونچی ہو -

بمجرد ف فرت - فوراً - جبھی -

بن ف بیٹا۔ ولد۔
بُن ف جڑ اور بُن باغ اور کھیتی۔
بناء ساتھ ہمارے۔
بنات ع جمع بنت کی۔
بنا بر ف اس لیئے۔ اسی سبب۔
بنادر ف جمع بندر کی وہ منڈیاں جو ساحل پر ہوں۔
بناگوش ف کان کی لو۔
بنان ع انگلیوں کی پوریاں۔
بنائے ف بنیاد۔ دیوار۔ مکان۔
بنت ع بیٹی۔ لڑکی۔
بنج ع مب بھنگ۔
بندر ف سوداگری کی جگہ دریا کے کنارے پر۔
بندگی ف خدمت کرنی۔ تابعداری غلامی۔ سلام۔
بندن ف باندھنا۔
بند ف قید۔ بندھن۔ بدن کا جوڑا۔
بندہ ف غلام۔ داس۔
بندی ف قید۔ جیلخانہ۔
بنگ ب بھنگ۔

بنگاہ ف مکان اور جگہ جہاں پر نقد اور جنس رکھیں۔
بنی ع جمع ابن کی پسران۔ بیٹے
بنیاد ف۔ نیو۔ کسی چیز کی جڑ۔
بو ف گندہ۔ بو۔
بواب ع دربان چوکیدار دروازے کا۔
بواطن ع جمع باطن کی۔
بو العجب ع انوکھا آدمی۔ جسکو دیکھ کر تعجب آوے۔
بو العجب ع عجیب۔ خوبصورت عجائب۔ جسے دیکھکر حیرت ہو۔
بو الفضول ع سست آدمی جو بیٹھا ہوا باتیں بنایا کرے۔
بو الہوس ع جسکو ہوس زیادہ ہو۔
بیوتات ع گھر۔ مکانات جمع بیوت کی اور وہ جمع بیت کی ہے۔
بوتہ ف سونا یا چاندی ڈھالنے کی کٹھالی۔ اونٹ کا بچہ۔ درخت شاخدار۔ انکر۔
بوتیمار ف بگلا جو دریا کے کنارے بیٹھا رہتا ہے"
بود و باش ف بناس۔ رہنا سہنا
بودن ف ہونا۔

بورہ ف کھانڈ۔ یہ لفظ فارسی ہے معرب اس کا بورق ہے۔
بورہ ف سوراخ۔ گڑھا۔ غار آگ کا۔
بوزنہ ف بندر جانور مشہور ہے۔
بوزہ ف ایک قسم کی ہلکی شراب جس کو انگریزی میں بیر شراب کہتے ہیں۔
بوس ف چومنا۔ بوسہ۔
بُوس ف شدت۔ دُکھ۔ رنج۔
بوستان ف پھلواڑی باغ۔
بوس ف پیار کرنا۔ اور بغل میں لینا۔
بوسہ ف چومنا۔ بوسہ۔
بوسیدن ف چومنا۔ بوسیدہ ہونا۔
بوسیدہ ف کہنہ۔ پُرانا۔ گلا ہوا۔ سڑا ہوا۔
بغرہ ف ایک قسم کا کھانا ہے۔ گوشت اور آٹا ڈال کر پکاتے ہیں۔
بوق ف کرنائے۔ سرنائی۔ جو شکار کے وقت سینگ بجاتے ہیں اس سینگ کو بھی بوق کہتے ہیں۔ سنکھ۔

بول ع موت - پیشاب -
بوم ع الو جانور پرند ہے - زمین
جس میں ہل نہ چلا ہو سرشت طینت -
بوئیدن ف سونگھنا - سونگھانا -
بوقلموں ف رنگا رنگ -
طرح طرح -
بہ ف اچھا - خوب -
بہاء روشنی - رونق و زیبائی -
بہا ف مول قیمت ۔ بہار ف بسنت فصل ربیع
بہادر ف ببر - سورما - شجاع -
بہانہ ف حوالہ - سبب - وجہ -
بہائم ع جمع بہیمہ کی چوپائے
جانور -
بہبود - بہبودی ف بھلائی -
کسی کے حق میں اچھی بات ہوئی -
بہتان ع دوس - جھوٹ لگانا -
افترا -
بہتر ف بہت اچھی چیز -
بہجت ع خوشی - تازگی زیبائش
خوبی -
بہر ف واسطے - لئے باعث -
بہرام ف ستارہ مریخ اور نام ایک
بادشاہ عراق کا جس کو بہرام گور
بھی کہتے ہیں -

بہر حال ف ہر بہت سے - ہر طرح
سے - سب طرح سے -
بہشت ف جنت -
بہق ع چھیپ - جسم پر داغ
پڑ جاتے ہیں -
بہم بر آمد ف غصہ ہو گیا -
خفا ہو گیا -
بہم ف ساتھ -
بہمن ف گیارھواں مہینہ فارسی
ہندی پھاگن اور نام بادشاہ کا
جو اسفندیار کا بیٹا تھا نام فرشتہ کا -
بہی ف بہتری - بہبودی - اور نام
ایک میوہ کا ہے جس کا تخم
بیدانہ ہے -
بہی ع روشن - تاباں -
بہیمہ ع چوپایا - مثل گائے -
بھینس وغیرہ کے -
بہین ف بہت بہتر - سب سے تحفہ
بے ف بنا - بدوں - سوائے -
بیاض ع سفیدی -
بیباق ف جو کچھ باقی نہ رہے -
بیت ع گھر - شعر -
بیت اللہ ع خانہ خدا - خدا کا گھر
مراد کعبہ - مکہ -

بیت العتیق
بیت الحرام } ع مکہ - کعبہ شریف
بیت اقصےٰ
بیت المقدس } جروزلم اور شلیم -
بیت المال ع خزانہ سرکاری -
بیت الخلاء ع پیخانہ - جا ضرور -
بیت الشرف ع بہت اونچا مقام
سیارہ کا -
بینات ع جمع بینہ کی روشن
کرنے والیاں اور روشن گواہاں
صادق دلائل -
بیوتت ع شب باشی کرنا کسی جگہ -
بیچوباف ایک قسم کا خیمہ جس
میں چوب نہ ہو -
بیچون ع بے مانند جس کا ہمسر
کوئی نہ ہو -
بے حمیت ف بیحیا - بے شرم -
بیخ ف جڑ - اصل -
بیختن ف چھاننا -
بید ف بید کا درخت -
بیدا ع میدان - بیوند - اور ہلاک ہونا
اس کی جمع بیدا آتی ہے -
بیداد ف ظلم ستم -
بیدار ف جاگتا ہوا - جو سویا ہوا نہ ہو -

بیدق ف پیادہ شطرنج کا جو معرب پیادہ کا ہے۔
بیر ع کنواں۔ چاہ۔
بیرق ف چھوٹا نیزہ۔ چھوٹا جھنڈا اور کپڑا جو علم پر لگاتے ہیں۔
بیروں ف باہر۔ خارج۔
بیش ف زیادہ۔ اودھک۔ بہت۔
بیشائبہ ف بیشک۔ بے آمیزش بیمثل۔
بیشہ ع جنگل۔ شیر کے رہنے کی جگہ۔ بن۔
بیشی ف زیادہ۔ ادکائی۔
بیضا ع روشن۔ سفید۔ سورج۔ نام شہر کا جو فارس میں ہے۔
بیضوی ع انڈے کی مانند شکل۔
بیضاوی ع شمسی رہنے والا بیضا شہر کا۔
بیضہ ع تخم۔ مرغ کا انڈا۔
بیطار ع جو چارپائوں۔ گھوڑوں وغیرہ کا علاج کرے۔
بیع ع بیچنا۔ فروخت کرنا۔
بیعانہ ع سائی جو فروخت کیواسطے پہلے کچھ دیں۔
بیعت ع مرید ہونا۔ کسی پیر کا شاگرد بننا۔
بیغل و غش ف بے شک و بے شبہ لغوی معنے بے کھوٹ اور ملاپ کے۔
بیگ ت خاوند۔ امیر۔
بیگم ت امیر کی بی بی۔ لیڈی۔ خاتون۔ بیوی۔
بیگلر بیگ ت امیر الامرا۔ سپہ سالار۔
بیل ف کدال۔ یا پھاوڑہ زمین کودنے کا۔
بیم ع خوف۔ ڈر۔
بیمار ف روگی۔ آزاری۔
بیمہ ف بخوف رہزنی جو کسی ساہوکار کو محصول کسی نقد یا مال کے پہنچانے کا دیا جائے اور وہ ذمہ وار اُس کا ہو۔
بینش ف دیکھنا۔ دید۔ بینائی۔
بَین ع درمیان۔
بینوا ف بے توشہ۔ فقیر۔ بے سامان۔
بینی ف ناک۔
بیِن ع ظاہر۔ آشکارہ۔ گواہ۔
بے نیاز ف بے پرواہ۔
بیوتات ف محل شاہی جن میں بیگمیں رہا ہوں۔
بیوہ / بیوا ف رانڈ جس کا خصم مرگیا ہو۔
بیہودہ ف بیفائدہ جس سے کچھ فائدہ نہ نکلے۔

باب الپاء

پا ف ٹانگ۔ ٹنگری۔ بیخ۔ بنیاد۔
پا افزار ف جوتی۔ کفش۔
پا انداز ف بچھونا۔ جو آمدورفت کی جگہ دروازے کے مقام پر بچھاتے ہیں۔
پا بلند کردن ف بھاگ جانا۔ دوڑنا۔
پا بر جا ف ثابت۔ قائم۔ ہمیشہ۔
پا برنجن ف پیروں کا گہنا۔ جس کو گوجری اور پازیب کہتے ہیں۔
پابند ف رسی۔ اور جال۔
پابوس ف پیر چومنے والا۔
پابوسی ف پیر چومنا۔
پاپوش ف جوتا۔ پیزار۔

پاجامہ ف وہ کپڑا جو ٹانگ کے نیچے ٹانگوں میں پہنتے ہیں یعنی سُتھن۔
پاجی ف نالائق۔ کمینہ۔ نیچ
پاچک ف اوپلا۔ گوہا۔
پاچلہ ف جوتی۔ جراب۔
پاچال ف جولاہے کے پیر لٹکانے کا گڑھا۔ کھڈی۔
پاداش ف بدلا۔ عوض۔ پلٹا۔
پارچہ ف کپڑا۔ لیڑا۔
پارس ف ملک فارس۔
پارسا ف پرہیزگار۔ گناہ سے بچنے والا۔
پارسال ف گذشتہ سال۔ پچھلا برس۔
پارسا ف پرہیزگار۔ گناہ سے بچنے والا۔
پارہ ف ٹکڑا۔ حصہ۔ نام ایک دہات کا اور رشوت یہ پرانی فارسی ہے۔ تحفہ۔ تبرک۔
پارہ کار ف شوخ۔ لُچا۔
پارہ دوز ف وہ شخص جو خیمہ کو سیتا ہے اور پیوند لگاتا ہے۔
پاریدن ف ٹکڑے ہونا۔ پھٹ جانا۔

پارینہ ف پُرانا۔ قدیم۔
پاس ف واسطے۔ نیز گھنٹے کا عرصہ۔ پہرہ۔ محافظت۔
پاسبان ف چوکیدار۔ پہرہ۔
پاستان ف اگلا۔ گذرا ہوا۔
پاسخ ف جواب۔
پاسخاطر ف لیئے۔ واسطے کسی کی خاطر رکھنا
پاسداری ف طرفداری۔ نگہبانی۔
پاندار ف طرفدار۔ نگہبان۔
پاسنگ ف وہ پتھر جو ترازو کے پلڑوں کو برابر کرنے کو رکھتے ہیں۔
پاش ف چھڑکنا۔ اور ٹکڑے ٹکڑے ہونا اور پراگندہ کرنا۔
پاشنہ ف ایڑی پیر کی اور لکڑی اور خربوزہ اور تربوز کو بھی پاشنہ کہتے ہیں۔
پاشیدن ف چھڑکنا۔ بکھیرنا۔
پاک ف پوتر۔ جس میں کچھ ناپاکی نہ ہو۔ بے گناہ۔
پاکباز ف نیک آدمی۔
پاکو فتہ ف ناچنا۔ کودنا۔ پھرنا۔
پاکی ف صفائی۔ پوترتائی۔ اور استرہ بال مونڈھنے کا۔

پاکیزہ ف پاک۔ صاف۔ پوتر۔
پالان ف گدھے کے اوپر کی کاٹھی جھٹ۔ گون۔
پالودن ف پاک کرنا صاف کرنا۔
پالودہ ف پاک۔ صاف کیا ہوا۔ صاف۔
پالودہ ف ایک قسم کی کچھ چاولوں کی جمی ہوئی پکا کر شربت میں ملا کر کھاتے ہیں مشہور شئے ہے۔
پالنگ ع تنکار بند۔ وہ رسی جو گھوڑوں کی لگام میں باندھتے ہیں۔ باگ ڈور۔
پالیدن ف پاک کرنا۔ ڈھونڈ جستجو کرنا۔
پالیز ف خربوزہ یا تربوز یا ککڑی کا کھیت۔
پامال ف مصیبت زدہ۔
پان ف شہد پتا جسکو ہندوستانی کھایا کرتے ہیں۔
پانزدہ ف پندرہ یعنی ۱۵
پانے ف پیر۔ پاؤں۔ پایہ
پایاب ف تھوڑا پانی دریا کا جس میں آدمی پیدل نکل جائے۔

پایان ف انتہا۔ اور آخر۔
اور انجام۔
پائے بند ف کسی کام میں پھنسا
ہوا۔ بیڑی۔
پائتابہ ف جراب۔ موزہ چمڑے کا۔
پائے تخت ف وہ شہر جہاں پر
بادشاہ رہتا ہو راجدھانی۔
پائخانہ ف جگہ پیخانے کی۔
پائیدن ف ٹھیرنا۔ پائیدا پہنا
نظر میں رکھنا۔
پائدار ف مضبوط۔ ہمیشہ صاحب
قدر اور مرتبہ کا۔
پائے کاشت ف وہ کسان جو
جو دوسرے گاؤں سے جوتنے کو آتا ہے
پابستن ف منتظر رہنا۔
توقع رکھنا۔
پائیگاہ ف رتبہ۔ درجہ۔
پائمال ف پائمال۔
پائمرد ف مددگار۔ مدد دینے والا۔
پائمردی ف مددگار۔ مدد دینے
والا۔
پائمزد ف مزدوری جو قاصدوں
کو ملتی ہے۔
پائے زیب ف ایک قسم کا زیور
جو پیروں میں پہنتے ہیں۔
پائندہ ف قائم۔ استوار۔
پایہ ف پاؤں۔ رتبہ۔ درجہ۔
تخت۔
پائین ف نیچے۔ تحت۔ زیر۔
پتک ف ہتھوڑا۔
پتیل ف بتی چراغ کی۔
پنجاوہ ف اینٹ پکنے کا آوا۔
پختن ف پکانا۔
پختہ ف پکا ہوا۔
پدر ف باپ۔
پدرانہ ف مانند باپ کے۔
پدروار ف موافق باپ کے۔
پدری ف باپ کی۔
پدید ف ظاہر۔ پرنکش۔
پدیدار ف ظاہر۔ نمودار۔
پذیر ف قبول کر۔ مان۔
ماننے والا۔
پذیرائی ف قبولیت۔
پذیرفتن ف قبول کرنا۔ منظور
کرنا۔
پُر ف بھرا ہوا۔
پر ف جانور کا پر۔
پراگندگی ف تتر بتر ہونا۔
پراگندن ف تتر بتر کرنا۔
پراگندہ ف تتر بتر۔ بکھرا ہوا۔
پرانیدن ف اڑانا۔
پرتاب ف تیر جو دور جا سکتا
ہو۔ اور ڈالنا۔
پرتو ف شعاع۔ روشنی۔ کرن۔
پرخاش ف لڑائی۔ جھگڑا۔
پرچم ف کپڑا جو نیزہ پر
باندھتے ہیں۔
پرچین ف باڑ کھیت کی۔ باغ
کی باڑ جو خاردار درختوں کی شاخوں
سے بناتے ہیں۔
پرداختن ف آراستہ کرنا۔
خالی کرنا۔ سنوارنا۔
پردگی ف پوشیدگی۔
پردہ ف چلمن۔ چک۔ کپڑے
کا پردہ۔ اونٹ۔
پردہ پوش ف بھیت پوشیدہ
کرنے والا۔
پردہ نشین ف عورت جو پردہ
میں رہتی ہے۔
پرزہ ف ٹکڑا۔ چیتھڑا۔
پرسش ف پوچھ۔ دریافت کرنا۔
پرستار ف غلام۔ کنیز۔ باندی۔

پرستک ف ابابیل - دیوولائی
ایک پرند مشہور ہے -
پرستش ف پوجا - عبادت -
پرستن ف پوجنا -
پرستیدن ف پوجنا -
پرسان ف پوچھنے والا -
پرسیدنی ف لائق پوچھنے کے -
پرکار ف موٹا - عفص -
پرگنہ ف ایک حصہ ضلع کا -
پرکالہ ف ٹکڑا - حصہ -
پرنیان ف دیبا ایک قسم کا کپڑا
پرند ف اڑنے والا - چڑیا -
پروا ف طاقت - آرام - خبر - توجہ
رغبت - التفات - خوف - پرورش
پرواری - موٹا تازہ - چربی دار -
پرواز ف اُڑنا - اور نثار کرنا - زر کا
پروانگی ف اجازت دیا گیا -
پروانہ ف نبیتری - کیڑا اڑنیوالا -
پتنگا - حکمنامہ - حکم -
پروبال ف پرواز بازو - قوت -
پرسیدن ف پوچھنا -
پرسش ف پوچھنا - پوچھا پوچھ کرنا
پروردگار ف پروردگار خدا تعالےٰ
پالنے والا -

پرورانیدن ف پلوانا -
پروردن ف پالنا -
پرورش ف پالنا - اور حکمت
اور علم سے بھی مراد ہوتی ہے -
پرویز ف فتحمند - مچھلی - نام نوشیرواں
کے بیٹے کا -
پرویزن ف چھلنی جس میں
آٹا چھانتے ہیں -
پروین ف نام چند ستاروں
کا ثریا موتی -
پرہ - پروہ - دامن - طرف
کنارہ ہر چیز کا -
پرہ بینی ف نتھنو کا درمیانی
پردہ -
پرہیز ف بچنا گناہ یا کسی چیز سے
پرہیزگار ف بچنے والا -
پرہیزیدن ف گناہ سے بچنا
پرہیز کرنا -
پری ف خوبصورت - پرسوں
دیو کی ضد -
پری پیکر ف خوبصورت شکل -
معشوق -
پری خوان ف منتر جاننے
والا - اور وہ شخص جسکے حکم میں کوئی جن ہو -

پریدن ف بھرنا - پر کرنا -
پریدن ف اڑنا -
پریروز ف پرسوں کا دن
گذرا ہوا -
پریزاد ف پری کی اولاد -
خوبصورت شخص -
پریشان ف پراگندہ مصیبت زدہ
پریشانی ف پراگندگی -
پرورده ف پلا ہوا -
پری شب ف پچھلی رات سے
جو آگے گزرے -
پرانیدن ف بچوانا -
پزاوه ف اینٹ پکانے کا آوا -
پزشک ف طبیب - جراح -
پزشکی ف طبابت - بیدک -
پژمان ف مرجھایا ہوا -
بیرونق - غمگین -
پژمرده ف کملایا ہوا - مرجھایا ہوا
پژوہش ف تلاش - کھوج لگانا
پژوہیدن ف کھوجنا -
تلاش کرنا - فکر کرنا -
پژیدن ف پکانا -
پس ف تب تو - اس لئے
آخرش - پیچھے -

پست ف نیچا۔ کم رتبہ۔ کمین۔
پستان ف چھاتی۔ چوچے۔ مماں۔
پستی ف نیچائی۔ نیچ پن۔
پسخوردہ ف جوٹھا کھانا۔ بعد کھانے کے جو بچ رہے۔
پسر ف لڑکا۔ بیٹا۔
پس رو ف پیچھے چلنے والا۔
پس فردا ف پرسوں۔ آئندہ۔
پسندیدن ف پسند کرنا۔
پسند ف اپنی خوشی۔ ریجھ۔
پس و پیش ف دیکھ بچار۔ سوچ بچار۔ آگا۔ پیچھا۔
پسین ف پچھلا۔
پشت ف پیٹھ۔
پشتارہ ف بوجھ۔ گٹھڑی۔
پشت دادن ف بھاگ جانا۔
پژمردہ ف کُملانا۔ مرجھانا۔
پشت پناہ ف حمایت کرنیوالا اور حمایت۔
پشتہ ف تودہ ٹیلا۔
پشتی ف مدد۔ تائید۔ پرورش ٹیکنی۔
پشم ف اون۔

پشتیبان ف سہارا دینے والا۔ معاون لکڑی جو دیوار سے استحکام کیلئے کھڑی کریں۔
پشمینہ ف اون کا کپڑا وغیرہ۔
پشیز ف پوتھ اور زر قلب۔ کھوٹا سکّہ۔
پشیمان ف پچتانیوالا۔ شرمندہ۔
پشیمانی ف پچتاوا۔
پشہ ف مچھر۔
پگاہ ف بھور۔ صبح۔
پُل ف دریا پر راہ بنا ہوا۔
پلاس ف موٹا کپڑا۔ ڈھاک کا درخت۔ جاجم موٹی۔
پلاؤ ف گوشت اور چاول پکے ہوئے مشہور کھانا ہے پلاؤ پیش سے غلط ہے۔
پلپل ف مرچ۔
پلک ف آنکھ کے پردہ کے بال
پلنگ ف چیتا۔ تیندوا۔
پلہ ف ڈھاک کا درخت۔
پلہ ف ترازو کا پلڑا۔ سیڑھی درجہ۔
پلیتہ ف چراغ کی بتی۔ پٹی ہوئی بتی۔
پلید ف ناپاک۔

پناہ ف بچاؤ۔ بچنے کا ٹھکانا۔
پنبہ ف روئی۔
پنہاں ف پوشیدہ۔ چھپا ہوا۔
پنج ف پانچ یعنی (۵) (ص)
پنجم ف پانچواں یعنے (۱/۵)
پنجاہ ف پچاس یعنے (۵۰) (ص)
پنجاہم ف پچاسواں یعنے (۱/۵۰)۔
پنجرہ ف قفس۔ پنجرہ۔
پنجشنبہ ف پنجشنبہ جمعرات کا دن۔
پند ف نصیحت۔ بھلائی کی بات۔
پندار ف غرور۔ سمجھ۔ اٹکل۔
پنداشتن ف پہچاننا۔ معلوم کرنا۔
پنبہ دوز ف اسکو کہتے ہیں جو پرانے پارچے اور چمڑے سیوے۔
پود ف بانا بننے کا سوت۔
پور ف بیٹا نام ایک راجہ قنوج کا جو لاہور میں سکندر سے لڑا تھا۔ اور تیتر جو ایک پرند ہے اُس کو بھی کہتے ہیں اور سادہ تما۔
پوزش ف عذر اور معذرت کرنا۔
پوست ف چھلکا اور غیبت اور بدگوئی۔

پوستین ف کھال کی کرتی اور بدگوئی کرنے کے معنے بھی آتے ہیں۔

پوش ف غلاف زرہ۔ جوشن اور ایک یہ معنی بھی اس کے ہیں کہ الگ ہو جاؤ چنانچہ اکثر لوگ پوش پوش کرتے ہیں۔

پوچ ف نالائق۔ بیہودہ۔ خالی بیمغز۔ بیگانہ آدمی کا۔

پوشانیدن ف کپڑا پہنانا۔

پوشاک ف لباس۔ پہننے کے کپڑے۔

پوشش ف لباس۔

پوشیدن ف پہننا۔ چھپانا۔

پوشیدہ ف چھپا ہوا۔ اور ڈھکا ہوا۔

پوطہ دار ف نقد روپیہ رکھنے والا۔ خزانچی۔

پوئی ف پویہ جانا۔ یعنی نہ تیز اور نہ آہستہ۔

پویہ ف ایک قسم کی چال گھوڑے کی جو نہ تیز اور نہ آہستہ ہو اور اس معنے میں بھی آتا ہے چلو قدم اٹھاؤ۔

پوئیدن ف تلاش کرنا۔ ادھر ادھر پھرنا۔ اڑنا۔

پول ف پیسا۔ تانبے کا سکہ دریا کا پل۔

پہلوان ف سورما۔ بہادر۔ طاقتدار آدمی۔

پہلو کردن } ف انکار کرنا۔
پہلوتہی کردن } بات سے پھر جانا۔

پہلوی ف ایک پرانی زبان فارسی کی۔

پہن ف فراخ۔ چوڑا۔

پہنات چوڑائی۔ چوڑات

پے ف پاؤں۔ کھوج۔

پیاپے ف پے در پے۔ لگاتار۔

پیام ف سندیسا۔ کچھ بات کا کہلا بھیجنا۔

پیچش ف پیچتاب۔ مروڑا۔

پیچیدن ف لپٹنا۔ لپٹنا۔

پیداوار ف فصل کی پیداوار اور حاصل۔

پیر ف بوڑھا۔ بڑی عمر کا آدمی۔

پیراستن ف زیبائش کرنا۔ کتر کر زیبائش کرنا۔ چھانٹنا

پیرزال ف بوڑھی عورت۔

پیر سال ف بوڑھا۔ بوڑھی۔

پیر مغان ف آگ کا پجاری معشوق۔

پیرامون ف آس۔ پاس۔

پیرد ف پچھلگو۔

پیرایہ ف سجاوٹ۔ آرائش۔ لباس و زیور۔

پیروز ف فتحمند۔

پیزار ف جوتی۔

پیزیدن ف چھننا اور چھاننا

پیزہ } ف چھلنی
پیزن }

پیش ف آگے۔ سامنے۔

پیشانی ف ماتھا۔ بیشرمی اور شوخی وسعت۔

پیشکار ف سامنے کام کرنے والا۔

پیشکش ف نذر۔ تحفہ دینا۔ بھینٹ۔

پیشدست ف مددگار۔ آگے کام کرنے والا۔

پیشنہاد ف ارادہ دل کا۔

پیشوا ف رہنما۔ ہادی۔

پیشواز ف عورت کی گون - پشواز مشہور ہے۔
پیشوائی ف کسی کے آگے اُسکو لانے کو جانا۔
پیشہ ف ہنر۔ کسب۔
پیشین ف اگلا۔
پیشینہ ف اگلا۔ پہلے والا۔
پیشینیاں ف اگلے زمانہ کے لوگ
پیغام ف سندیسا۔
پیغمبر ف سندیسا لانے والا۔
پیغارہ ف ملامت۔ بہتان۔
پیغولہ ف کونہ۔ کٹھرا۔
پیک ف قاصد۔
پیکار ف لڑائی۔ جنگ۔
پیکان ف بھال تیر کی۔ یا برچھی کی۔
پیکر ف شکل۔ جسم۔
پیل ف ہاتھی۔
پیلبان ف ہاتھی بان۔ ہاتھی ہانکنے والا نوکر۔
پیلپایہ ف تھم۔ ستون۔
پیلہ ف ریشم کا کیڑا جو ریشم بناتا ہے اور کویا ریشم کا۔
پیش ف آگے چلنے والا نوکر۔

پیماف پیمائش کرنے والا۔ ناپک۔
پیمان ف وعدہ۔ عہد۔ بچن۔
پیمائش ف ناپنا۔ ناپ۔
پیمودن ف ناپنا۔
پیوستن ف ملانا۔ ملنا۔ مضبوط ہونا۔
پیوستہ ف ملا ہوا۔ بیٹھا ہوا۔
پیوند ف جوڑ۔ ٹکڑا۔
پیہ ف چربی۔
پے ہم ف برابر۔ لگاتار۔

باب التاء

تا ف تک اور اس تک بمعنے گنتی کے جیسے دوتا۔
تاب ف گرمی۔ روشنی۔ طاقت پیچیدگی۔
تابان ف چمکدار۔ چمکنے والا۔
تابستان ف گرمی۔ موسم گرما۔
تابش ف چمک۔ طاقت۔
تابع ع ماتحت۔ نوکر۔ فرمانبردار
تابعدار ف اوہین۔ حکم ماننے والا۔
تابعین ع جمع تابع کی ہے۔

تابناک ف روشن۔ چمکدار۔
تابوت ع صندوق مردہ کا۔
تابہ ف توا۔
تابیدن ف چمکنا۔
تابندہ ف چمکنے والا۔
تاثر ع اثر قبول کرنے والا۔
تاثیر ف اثر کرنا۔
تاج ع ٹکٹ۔ پادشاہی ٹوپی۔
تاج خروس ف مرغ کی کلغی۔ اور ایک سُرخ پھول ہوتا ہے۔
تاجدار ف بادشاہ۔
تاجر ع سوداگر۔
تاجک } تاجیک } وہ آدمی جو عرب میں پیدا ہوا اور فارس میں پرورش پاکر بڑا ہوا ہو اسطرح کے لوگ اکثر سوداگری کرتے ہیں اسلئے تاجک کے معنے سوداگر بھی لوگ سمجھ لیا کرتے ہیں اور تاجیک نام ایک مُلک غیر عرب کا بھی ہے
تاجوری ف بادشاہت۔
تاخت ف حملہ سپاہ۔
تاختن ف حملہ کرنا۔ حملہ کرنا۔ دوڑنا۔ دوڑانا۔
تاخر ع دیر کرنا۔ پیچھے ہونا۔

تاخیر ع دیر۔ دیری۔
تادب ع زباندانی سیکھنا۔ ادب اختیار کرنا۔
تادیب ع ادب دینا۔ علم زبان سکھلانا۔
تار ف ڈورا۔ سوت۔ بانا۔
تاراج ف لوٹ۔ غارت۔
تارک ع چھوڑنے والا۔
تارک ف درمیان سر کے جو ایک لکیر ہے۔ یعنے مانگ۔
تارکش ف وہ شخص جو تار کھینچتا ہے۔
تار پود ف بانا۔ اور تانا۔
تاریخ ع کوئی دن مہینے کا۔ ایک حادثہ۔ عرصہ۔ زمانہ کا علم واقعات اور حادثات کا۔
تاریک ف سیاہ۔ کالا جس کے آرپار نظر نہ جا سکے۔
تاریکی ف اندھیرا۔
تاز ف حملہ۔ ہلہ
تازگی ف تازہ ہونا۔ تازہ پن۔
تازہ ف نیا۔ ترت کا۔
تازی ف عربی۔
تازیانہ ف کوڑا۔ چابک

تاجور ف بادشاہ۔
تازیدن ف دوڑنا۔
تاسع ع نواں (۹)۔
تاسف ع افسوس کرنا۔ افسوس۔
تاسیس ع بنیاد رکھنا۔ جڑ بنانا۔ مضبوط کرنا۔
تاش ف صاحب۔ یار۔ خداوند۔ شریک۔
تاغی ف باغی پھرا ہوا بادشاہ سے۔
تافتن ف بٹنا۔ چمکنا۔
تافتہ ف بٹا ہوا۔ ریشمی کپڑا۔
تاقی ف ٹوپی۔ کلاہ۔
تاک ف انگور۔ درخت داکھ کا۔ داکھ۔
تاکید ف بار بار کہنا۔ پختہ کرنا۔ محکم کرنا۔
تالاب ف جوہڑ۔ چھپڑ۔ پانی رکا ہوا۔
تالف ع باہم الفت کرنا۔ محبت کرنا۔ دوستی۔
تالیف ع کتاب بنانا۔ جمع کرنا۔ الفت ڈالنا۔
تمام ع پورا۔ تمام۔ کامل۔

تامل ع خیال کرنا۔ سوچنا۔
تانی ع دیر کرنا۔ تاخیر کرنا۔
تانیث ع عورت۔
تاؤ ع گرمی۔ طاقت۔
تاوان ف جرمانہ۔ عوض۔
تاویل ع بیان کرنا۔ تعبیر خواب کی کسی چیز کو ظاہر سے پھرنا۔ اور اس کے اور ہی معنے بیان کرنا۔
تاہل ع شادی کرنا۔ جورو کرنا۔
باز آنے والا۔
تائب ع توبہ کرنے والا۔ باز آنے والا۔
تائید ع مدد کرنا۔
تپ ف تپ۔ بخار۔ تابش۔
تبادر ع باہم دوڑنا۔ اور کسی کام میں پیشی پانا۔
تبادل ع بدل کرنا۔ باہم ایک دوسرے کی تبدیلی ہونی۔
تباہی ف اوجڑنا۔
تباین ع مخالف۔ جدا ہونا۔ دو چیز کا آپس میں۔
تبار ف خاندان۔ نسل۔ اولاد
تبجیل ع بزرگی کرنا۔ عزت کرنا۔

تبجرؔ ع مثل دریا کی علم میں ہونا بہت علم ہو جانا۔
تبختر ع مٹک کر چلنا۔ ناز کرکے چلنا۔
تبدل ع عوض کرنا۔ بدلنا۔
تبدیل ع بدلنا۔ بدل ڈالنا۔
تبر ف ایک قسم کی کلھاڑی ہے۔
تبر ع سونا۔ زر۔ طلا۔ کندن۔
تبرّا ع نفرت کرنا۔ بری ہونا۔ بیزار ہونا۔
تبرک ع برکت لینا۔ اور وہ چیز جس سے برکت لیجاوے۔
تبخیر ع لو کا اُٹھنا۔ بخار بننا۔ دھواں بنا کر اُٹھانا۔
تبرکات ع برکت لینے کی چیزیں جمع تبرک کی ہے۔
تبرید ع سرد کرنا۔ اور ٹھنڈائی۔
تبسّم ع مُسکرانا۔ کلی کا کھلنا۔
تبصر ع دیکھنا۔ نظر۔
تبعہ ع انجام بد۔ نتیجہ بد۔ عذاب۔
تبعیّت ع تابعداری۔ حکم ماننا۔ پیروی
تبعات ع کسی چیز کے لوازم۔ گنہ کے عذاب۔ دکھ۔ سختی خرابی۔

تبلیغ ع پہنچانا۔ کسی پاس کچھ روانہ کرنا۔
تبنی ف بیٹا بنانا۔ گود لینا۔
تبیین ع بیان کرنا۔ بتلانا۔
تبہ } برباد اور اجڑا ہوا۔
تبہ کار }
تبیان ع خوب بیان کرنا۔ معنے کا روشن کرنا۔ آشکارا کرنا۔
تب ف کس۔ بخار۔ بخاری۔
تباک ف چالاکی۔ گرمجوشی۔
تپش ف گرمی۔ سوزش۔
تپک ف بندوق۔
تپیدن ف تڑپنا۔ اور گرم ہونا۔
تتبع ع ڈھونڈھنا۔ تلاش کرنا۔ پیروی کرنا۔
تتری ع ملک تاتار کا رہنے والا۔ یا اُس ملک کی کوئی چیز۔
تتمہ ع تمامی۔ بقیہ۔ آخر ہر شئے کا
تتمیم ع تمام کرنا۔ پورا کرنا۔ آخر کو پہنچا دینا۔
تثریب ع سرزنش کرنا۔ ملامت کرنا۔
تثنیہ ع دوگنا۔ دو کرنا۔
تثلیث ع تین حصوں میں تقسیم کرنا۔

تجار ع سوداگر۔ تجارت کرنے والا۔
تجارب ع باہم ایک دوسرے کو آزمانا۔
تجارب ع جمع تجربہ کی۔ یعنی آزمائش۔
تجارت ع سوداگری۔ بیوپار سوداکرنا۔
تجاوز ع گذرنا۔ حد سے گذرنا۔ لانگنا۔ جانا۔
تجاہد ع کوشش کرنا۔
تجاہل ع جان بوجھ کر جاہل ہونا۔ انجان ہونا۔
تجدید ع نیا کرنا۔ نئے سرے کوئی کام کرنا۔
تجربہ ف آزمانا۔ اور آزمائش۔
تجربہ کار ف آزمودہ۔ آزمائش کیا ہوا۔
تجرد ع ننگا ہونا۔ تنہائی۔ علیحدگی دنیا سے۔
تجرع ع گھونٹ گھونٹ کرکے پینا۔
تجرید ع تنہائی۔ مجرد کرنا۔ ننگا کرنا۔

تجزی ع تقسیم کرنا۔ جزو جزو ہونا۔
تجسس ع تلاش کرنا۔ ڈھونڈھنا۔
تجلی ع روشنی۔ آشکارا ہونا۔ روشن ہونا۔ اور نور الٰہی۔
تجمل ع زیبائش۔ شان شکوہ ور جمال۔ اور اپنے آپ کو آرائش کرنا۔
تجنیس ع ہمجنس کرنا۔ یکساں کرنا۔
تجویز ع جائز کرنا۔ رائے دینا۔ بات نکالنا۔
تجویف ع شکم خالی رکھنا۔ کھوکھلا بنانا۔
تجہیز ع سامان۔ جہیز شادی کا۔ دینا اور اسباب مردہ کا تیار کرنا۔
تحاب ع باہم محبت کرنا۔ آپس میں پیار دینا۔
تحائف ع جمع تحفہ کی۔
تحت ع زیر نیچے۔
تحذیر ع ڈرانا۔ خوف لانا۔
تحدث ع قصہ بنانا۔ کہانی کہنا۔
تحریر ع لکھنا۔ صاف کرنا۔ حشو زائد سے آزاد کرنا۔

تحرک ع حرکت۔ ہلنا۔
تحریص ع لالچ دلانا۔ حرص دلانا۔
تحریک ع حرکت دینا۔ ہلانا۔
تحریف ع بدل ڈالنا۔ حرف بدلنا۔
تحسر ع افسوس۔ حسرت۔
تحسین ع سراہنا۔ تعریف کرنا۔
تحصیل ع حاصل کرنا۔
تحف ع جمع تحفہ کی۔ نادر اشیاء۔
تحفگی ف تحفہ پن۔ خوبی۔
تحفہ ع نادر۔ انوکھا۔ بہت خوب۔
تحدید ع حد کرنا۔ ماہیت بیان کرنا۔
تحقق ع ثابت ہونا۔ موجود ہونا۔
تحقیق ع دریافت کرنا۔ کھوج لگانا۔
تحقیر ع ذلیل کرنا۔ حقیر سمجھنا۔
تحکم ع دعوے کرنا۔ حکومت کرنا۔ زبردستی سے حکومت کرنا۔

تحلیل ع اجزا کا کھول دینا۔ بچا دینا۔ کسی چیز کو گلا کر فانی کر دینا۔
تحمل ع برداشت کرنا۔ اوٹھانا۔
تحمید ع تعریف کرنا۔ حمد کرنا۔ سراہنا۔
تحمیل ع لادنا۔ بوجھ لاد دینا۔
تحویل ع سپرد کرنا۔ کسی کو کوئی چیز حوالہ کرنا۔
تحویلدار ف خزانچی۔ نقد رکھنے والا۔ روکڑیا۔
تحیہ ع زندگانی دینا۔ سلام کرنا۔ مبارکباد کہنا۔
تحیر ع حیران ہونا۔ بھوچکا ہو جانا۔
تخالف ع باہم مخالف ہونا۔
تخت ف بیٹھنے کی چوکی۔ تخت بادشاہی۔
تختگاہ ف دارالسلطنت۔ حاکم اعلیٰ کے رہنے کا شہر۔
تختہ ف لکڑی کٹی ہوئی۔ تختہ۔
تخریب ع خراب کرنا۔ اوجاڑ دینا۔

تخصیص ع خاص کرنا۔ خصوصیت
تخفیف ع ہلکا کرنا۔ بوجھ اتارنا۔
کم کرنا۔
تخلص ع چھٹکارا۔ بچاؤ۔
مختصر نام جو شاعر لوگ اپنا نام
مقرر کر کے شعر میں لکھا کرتے ہیں۔
تخلف ع پیچھے رہنا۔
خلاف وعدہ کرنا۔
تخلل ع بیچ میں آجانا۔ خلل ڈالنا
خرابی اور تباہی۔
تخلیص ع خلاص کرنا۔ چھوڑ دینا
تخم ف بیج۔ گری۔
تخمہ ع بدہضمی۔
تخمیر ع خمیر اوٹھانا۔ اُبال
اُٹھانا۔
تخمین ع اندازہ کرنا۔ اٹکل
کرنا۔
تخمینہ ع حساب سری سری
اٹکل سے حساب کرنا۔
تخمیناً ع اٹکلوں۔ اندازہ سے۔
تدابیر ع تدبیریں۔ تجویزیں۔
بندوبست۔
تداخل ع ایک دوسرے میں داخل ہونا
کئی چیزیں جو باہم ملکر داخل ہوں

تدارک ع کسی چیز فوت شدہ
کو پانا۔ بدلے۔
تداول ع دست بدست ایک
دوسرے سے ملنا۔
تدبیر ع پیچھے پڑنا۔ غور کرنا۔
تدریج ع درجہ بدرجہ ہونا۔ تھوڑا
تھوڑا ہونا۔
تدریس ع سبق دینا۔ علم سکھلانا
کہنہ کرنا۔
تدفین ع زمین میں گاڑ دینا
دفن کرنا۔
تدقیق ع باریک کرنا۔ خوب کوٹنا
باریک بات کا نکالنا۔
تدوین ع جمع کرنا۔ تالیف کرنا۔
تدیّن ع دیندار۔ دینداری
کرنا۔
تذبذب ع ڈگر۔ پکڑ۔ دبدبہ
شک وشبہ۔
تذکرہ ع یادداشت۔ یاد۔ ذکر۔
تذکّر ع مردانیت۔ یاد کرنا۔
تذرو ف کبک مشہور پرندہ ہے
تذلیل ع ذلیل کرنا۔ بعزت کرنا۔
تر ف لتھڑا۔ بھیگا۔
تراب ع مٹی۔ زمین۔ خاک۔

تراخی ع دیر۔ کاہلی۔ تقصیر کرنا۔
ترازو۔ تکڑی۔ تلا۔
تراش ف کاٹ۔ کٹوتی۔ افتخار
آرائش۔ نفع۔
تراشہ ف چھلکا تراشا ہوا۔
ایک آلہ لوہے کا جس سے پتھر تراشتے ہیں
تراشیدن ف کاٹنا۔ چھیلنا۔
تراکم ع انبوہ۔ بھیڑ۔
تراکیب ع جمع ہے ترکیب کی
یعنی ترکیبیں۔
ترانہ ف راگ۔ گیت۔
تراوش ف ٹپکنا۔ ٹپکا۔
تراویدن ف ٹپکنا۔
ترب ف مولی ایک قسم کی ترکاری
ہے۔
تربت ع مٹی۔ زمین۔ قبر۔
تربز ف تربوز۔ ہندوانہ۔
تربیت ع پرورش کرنا۔ پالنا۔
ترجمان ع وہ شخص جو ایک زبان
کو دوسری زبان میں بتلاوے۔
ترجمہ ع ایک زبان کو دوسری
زبان میں بدلنا اور لغوی معنے
اس کے بیان کرنا۔
ترجیح ع غلبہ دینا۔ اور افزوں کرنا

ترحم ع رحم کرنا۔ دیا کرنا۔
ترش کرنا۔
ترخیم ع دم کاٹنا۔ مختصر کرنا۔
تردد ع آمد ورفت۔ کشتکاری
شک۔
ترددات ع کشتکاریاں۔
شکوک۔
تردامن ف گنہگار۔
تردماغ ف عقلمند۔ صاحب
شعور۔ مسرور۔ مست۔
تردید ع رد کرنا۔ کسی بات کا
جواب دینا۔
تردیف ف کسی کے پیچھے ایک
گھوڑے پر سوار ہونا دو لفظوں
کے ایک معنے ہونا۔
تر زبان ف فصیح۔ خوش کلام
بولنے والا۔
ترس ف خوف۔ ڈر۔ دہشت۔
ترس ع ڈھال۔ سپر۔
ترسا ف ڈرنے والا۔ آتش پرست
ترسان ف ڈرنے والا۔ ڈرتا ہوا۔
ترسانیدن ف ڈرانا۔
ترسناک ف خوفناک۔ ڈراؤنا۔
ترسندہ ف ڈرنے والا۔

ترسیل ع روانہ کرنا۔ بھیجنا۔
نامہ بھیجنا۔
ترش ف کھٹا۔ چوکا۔
ترشح ع ٹپکنا پانی کا۔ چھلکنا۔
ترش رو ف ناراض۔ خفا۔
ترشی ف کھٹائی۔ ناراضگی۔
خفگی۔
ترصد ع امید گھات لگانا۔
امید رکھنا۔
ترصیص ع مضبوط بنانا۔ پاس
پاس ملا کر بنا کر۔
ترغیب ع رغبت دلانا۔ لالچ دینا۔
ترفہ ف آسودگی۔ دولتمندی۔
ترفیہ ع آسودہ کرنا۔
ترقب ع امید رکھنا۔ امید
انتظار۔
ترقی ع بلند ہونا۔ اوپر چڑھنا۔
ترقیق ع باریک کرنا۔
ترقیدن ف پھٹنا۔ پھوٹنا۔
شگفتہ ہونا۔
ترقیم ع لکھنا۔ رقم کرنا۔
ترک ع چھوڑنا۔ چھوڑ دینا۔
ترکان ف لقب عورتوں کا ہے۔
جیسے بی بی اور بیگم کہتے ہیں۔

ترک ف نام ایک قوم کا ہے جو ترکستان
میں بستی ہے کہتے ہیں کہ یہ لوگ
اولاد ترک بن یافث کی ہیں مجازی
معنے معشوق کے ہیں۔
ترکتاز ف دوڑ دھوپ۔ حملہ
ہلہ۔
ترکش ف تیر رکھنے کا خانہ۔
ترکمان ف نام ایک قوم کا ہے اور
ترک کی مانند لفظی معنے ہیں۔
ترکہ ع مال مردہ کا۔
ترکی ف زبان ترک قوم کی جو
ترکستان میں بولی جاتی ہے۔
ترکی تمام شد ف غرور جاتا رہا
ترکیب ع مرکب کرنا۔ کئی چیزوں
کو ملا کر بنانا۔
ترکیدن ف شق ہونا۔ پھٹ جانا۔
ترمش ف باقلا مصری جو کھٹا
ہوتا ہے۔
ترمیم ع مرمت کرنا۔
ترنج ف لیمو۔ نیبو۔
ترنم ع گیت گانا۔
ترویج ع رائج کرنا۔ چلانا۔
ترہ ف کینہ۔ باطل۔ ساگ
ترکاری۔

ترہات ف خرافات ۔بیہودگیاں مہملات ۔
تریاق ع زہر مہرہ ۔ زہر کی دوا۔
تراحم ع انبوہ ۔ اور انبوہ کرنا۔ بھیڑ کرنا۔
تزائد ع زیادہ ہونا۔ افزون ہونا۔
تزک ۔ توزک ف قانون اور وہ واقع جس کو خود بادشاہ نے لکھا ہو۔ شان ۔ شوکت۔
تزکی ع پاک کرنا۔ صاف کرنا۔
تزکیہ ع پاک کرنا۔
تزلزل ع زلزلہ آنا۔
تزویر ع جھوٹ بدلنا۔ فریب کرنا۔
تزئین ع زینت کرنا۔ زیبائش کرنا۔
تساوی ع برابری ۔ برابر کرنا۔
تساہل ع آسان سمجھنا۔ غفلت کرنا۔
تسبیح ع پاکی سے یاد کرنا۔ خدا کا سبحان اللہ کہنا۔
تسخیر ع تابع کرنا۔ اپنی طرف کو لینا۔
تسدید ع درست کرنا۔ مضبوط کرنا۔

تسدیس ع چھ حصوں میں تقسیم کرنا۔
تسرع ع شتابی کرنا جلدی کرنا۔
تسطیر ع لکھنا۔ سطری بندی کرنا۔
تسع ع (۹) نو
تسعون ع نوے یعنی (۹۰) نوے
تسکین ع تسلی ۔ آرام ڈھارس۔
تسلسل ع سلسلہ بندی ۔ لڑی باندھنا۔
تسلط ع حاکم ہوجانا۔ غالب آجانا۔
تسلی ع ڈھارس ۔ خاطر جمع۔
تسلیم ع سلام کرنا۔ ماننا۔ منظور کرنا حکم کو۔
تسمہ ف چمڑے کا لمبا ٹکڑا مشہور ہے۔
تسمین ع موٹا کرنا۔ فربہ کرنا۔
تسمیہ ع نام رکھنا۔
تسوید ع سیاہ کرنا۔ لکھنا۔
تشابہ ع باہم مشابہ ہونا۔
تشارک ع ایکدوسرے کے شریک ہونا۔
تشاکل ع باہم ایک شکل ہونا۔
تشبیہ ع کسی کو ایک دوسرے سے مثال دینا۔ مشابہ ہونا۔

تشتت ع پراگندگی ۔ پریشانی۔ تتر بتر۔
تشخص ع تعین پانا۔ معین ہوجانا۔
تشخیص ع مقرر کرنا۔ جانچنا۔
تشدید ع سخت کرنا۔ استوار کرنا۔
تشریح ع شرح کرنا۔ کھولنا۔ طب میں بدن کا حال بیان کرنا۔
تشریف ع خلعت لباس قیمتی جو بادشاہ کے دربار سے ملے۔ بزرگ کرنا۔ اور عزت رکھنا۔
تشفی ع تسکین ۔ تسلی ۔ اور شفایابی۔
تشکک ع شک میں پڑنا۔ شبہ میں پڑنا۔
تشکیک ع شک میں ڈالنا کسی کو
تشنگی ف پیاس۔
تشنج ع بدن کا عضو اینٹھ جانا۔
تشنہ ف پیاسا۔
تشنیع ع برا بھلا کہنا ۔ لعنت ملامت کرنا۔
تشویش ع متفکر ہونا۔ پریشان ہونا۔ پریشانی۔
تشویر ع شور کرنا۔

تشویش ع فکر میں ڈالنا۔ اور فکر
تشہیر ع مشہور کرنا۔ شہرت دینا۔
تشیید ع مضبوط کرنا۔ گچ اور
چونہ سے عمارت بنانا۔
تشیّع ع اپنے تئیں شیعہ کہنا
مذہب شیعہ میں ہونا۔
تشیّن ع شان پانا۔ عزت دار بننا۔
تشییع ع رخصت کرنا مسافر کو راہ
تک پہنچانے کو جانا۔
تصاعد ع بلند ہونا۔ اوپر چڑھنا
باہم ملکر بلند ہونا۔
تصافح ع باہم ہاتھ ملانا وقت
ملاقات کے۔
تصانیف ع کتابیں تصنیف
کی ہوئیں۔
تصاویر ع تصویریں۔ صورتیں
کھینچی ہوئیں۔
تصحیح ع صحیح کرنا۔ درست کرنا۔
تصحیف ع کتاب بنانا۔ لکھنا۔
پڑھنے یا لکھنے میں کچھ غلطی کرنا۔
تصدق ع وسیلہ اور صدقہ کرنا۔
تصدی ع درپیش آنا۔ سامنے آنا۔
تصدیع ع تکلیف دینا۔ دردسر
کردینا۔

تصدیق ع سچا کرنا۔
تصرف ع دخل کرنا۔ کچھ کا کچھ
کردینا۔
تصاریف ع گردشات۔ گردشیں
تصریف ع گردان کرنا۔ گردانا۔
تصریح ع ظاہر کرنا۔
تصغیر ع چھوٹا کرنا۔
تصفیہ ع صفا کرنا۔ صفائی کرنا۔
تصلیب ع سولی دینا۔ سولی
پر کھینچنا۔
تصمیم ع پختہ کرنا۔ خالص کرنا۔
تصنیع ع بناوٹ۔ کاریگری
کرنا۔ خوشامد عورت کا اپنا بناؤ
اور حسن درست کرکے ظاہر کرنا۔
تصنیف ع کوئی کتاب بنانا۔
دل سے کچھ مضمون نکالنا قسم قسم
علیحدہ کرکے بنانا۔
تصور ع دھیان۔ خیال۔
تصوف ع نام ہے اُس علم
کا جو صوفی لوگ پڑھتے ہیں۔
یعنی علم فقیری۔
تصویر ع صورت۔ صورت گری
صورت بنانا۔
تضاعف ع دو چند ہونا۔ دوچند۔

تضاد ع باہم ضد ہونا۔ آپس میں
مخالف ہونا۔
تضحیک ع ہنسنا۔ ہنسانا۔
تضرع ع گڑگڑانا۔ منت کرنا۔
زاری کرنا۔
تضمن ع پیٹ میں لینا۔ بیچ
میں ملا لینا۔
تضمین ع کسی کی کلام کو اپنی
کلام کے اندر لے لینا۔
تضییع ع ضائع کرنا۔ کھونا۔
بیفائدہ برباد کرنا۔
تطاول ع ظلم۔ تکبر۔ دراز
دستی کرنا۔
تطابق ع باہم مطابق ہونا۔
مطابقت۔
تطبیق ع مطابق کرنا۔
تطوع ع حکم ماننا اور سوائے فرض
کے زیادہ خدمت کرنا۔
تطویل ع دراز کرنا۔
تطہیر ع پاک کرنا۔
تظلم ع ظلم سے فریاد کرنا۔ اور
رونا بسبب ستم کے۔
تعارض ع کسی کے سامنے آنا
کچھ جھگڑا کرنا۔

تعارف ع جان پہچان باہم شناخت کرنا۔

تعاقب ع پیچھا کرنا۔ باہم پیچھا کرنا۔

تعالِ ع اس کے معنی ہیں آؤ۔

تعالےٰ ع بلند ہونا یہ صیغہ فعل ماضی کا ہے۔

تعاون ع باہم ایکدوسرے کی مدد کرنا۔

تعب ع رنج۔ ماندگی۔ تھکاؤ۔

تعبیر ع بیان کرنا۔ خواب کے معنے بتلانا۔

تعبیہ ع آراستہ کرنا۔ پنہاں کرنا۔

تعجب ع اچنبھا۔ انوکھاپن۔ اچنبھا کرنا۔

تعجیل ع شتابی کرنا۔ اور جلدی کرنا کسی کام میں۔

تعداد ع گننا۔ شمار کرنا۔

تعدّد ع شمار کرنا ہے۔ گننا ہے۔

تعدی ع ظلم ستم حد سے زیادہ بڑھ جانا

تعذر ع عذر کرنا۔ معذور رکھنا۔

تعذیب ع دکھ دینا۔ عذاب دینا۔

تعذیر ع عذر کرنا۔ معذور رکھنا۔

تعرض ع پیش آنا۔ چھیڑنا۔

تعریض ع چھیڑنا۔ کسی کو کام پر لانا۔

تعریف ع معنے بیان کرنا۔ سراہنا۔ جتلانا۔

تعرف ع شناخت کرنا۔ جاننا۔

تعریت ع ننگا کرنا۔

تعزیت / تعزیہ ع ماتم پرسی کرنا۔ ماتم کرنا۔

تعزیر ع سیاست کرنا۔ سزا دینا۔

تعزیل ع عہدہ سے برطرف کرنا۔

تعسّر ع دشواری۔ مشکل ہونا۔

تعسّف ع بے راہ جانا۔ گمراہ جانا۔

تعشق ع عاشق ہونا۔ فریفتہ ہونا۔

تعصب ع پیچ کرنا۔ طرفداری کرنا۔

تعطر ع خوشبو ہونا۔ سوگندہ ہو جانا۔

تعطیل ع بیکار کرنا۔ کسی شخص کو۔

تعطل ع بیکار ہونا۔

تعظم ع بزرگ ہونا۔

تعظیم ع بزرگی کرنا۔ عزت کرنا۔

تعفن ع بدبو ہونا۔ سڑ جانا۔

تعقب ع کسی بھاگے ہوئے کے پیچھے جانا۔ پیچھا کرنا۔

تعلق ع لگاؤ۔ علاقہ رکھنا۔

تعقل ع سمجھنا۔ جاننا۔ فکر کرنا۔

تعلّقہ ع علاقہ۔ لگاؤ۔

تعلل ع دوبارہ شراب پلانا۔

تعلیل ع وجہ بیان کرنا۔

تعلم ع سیکھنا۔ علم سیکھنا۔

تعلیق ع لٹکانا کسی چیز کو دوسری چیز سے متعلق کرنا۔

تعلیقہ ع ضبط کرنا۔ اسباب کا۔

تعمق ع غور کرنا۔ اور کسی چیز کی کنہ کو پہنچنا۔

تعلیم ع سکھلانا۔ علم پڑھانا۔

تعمل ع عمل میں لانا۔ کام کرنا۔

تعمیر ع عمارت بنانا۔ آباد کرنا۔

تعویذ ع پناہ دینا۔ اور پناہ میں لانا۔

تعویق ع باز رکھنا۔ اور روکنا۔ بند کرنا۔

تعویل ع بھروسا کرنا۔ اعتماد کرنا۔

تعہد ع کسی کام کا سرانجام کرنا۔ اپنے ذمہ پر لینا ضامنی کرنا۔

تعیین ع معین کرنا۔ خاص کرنا۔ کئی چیزوں سے ایک شے کو خاص کرنا۔
تعینات ع تشخیصات۔ خصوصیات۔
تعییر ع سرزنش۔ ملامت کرنا۔ عار دلانا۔
تغابن ع باہم نقصان اُٹھانا۔
تغار ع تغذی یعنی طشت مٹی کا۔ یا تحغال مٹی کا۔
تغاری ف کونڈا مٹی کا۔
تف ف تھوک۔ اور تھوکنا۔
تغافل ع غفلت کرنا جان بوجھ کر۔
تغایُر ع فرق باہم مغائر ہونا۔
تغزیہ ع غذا دینا۔ پالنا۔ خورش دینا۔
تغلب ع غلبہ کرنا۔ غالب ہونا۔ زبردستی کرکے کسی کا مال لینا۔
تغمہ ف یہ لفظ غلط مشہور ہے۔ اصل میں تمغہ ہے۔
تغیر ع بدلنا۔ پہلی حالت سے دوسری حالت کرنا۔
تف ف بخار۔ حرارت۔ روشنی۔ بدبو۔

تفاح ع سیب مشہور میوہ ہے۔
تفاخر ع آپس میں فخر کرنا اوروں سے آپ کو بڑا سمجھنا۔
تفاریق ع جمع تفریق کی جدائیاں تفریقیں۔
تفاسیر ع جمع تفسیر کی شرح قرآن کی یا خدا کی کتاب کی۔
تفاصیل ع جمع تفصیل کی۔
تفاوت ع فرق۔ فاصلہ۔ فرق درمیان دو چیزوں کے۔
تفاول ع فال لینا۔ آپس میں شگون لینا۔
تفت ف گرم۔ سوختہ۔ غضبناک مجاز بمعنے مفلس۔
تفتہ ف گرم۔ سوختہ۔ جلا ہوا۔ عاشق۔
تفتن ف گرم ہونا خفا ہونا۔ جلنا۔
تفتیح ع کھولنا۔ کھولدینا۔
تفتیش ع ڈھونڈھنا۔ کھودنا تلاش۔
تفحص ع ڈھونڈھنا۔ کھودنا تلاش کرنا۔
تفرج ع کشائش اور خوشحالی۔ مجاز بمعنے سیر و تماشا۔

تفرد ع یگانہ ہونا اور خلوت پسند کرنا۔
تفریس ع پھاڑنا۔ درندہ پن۔
تفرس ع اول نظر میں دیکھتے ہی پہچان لینا کسی چیز کا اُس کے علامات اور آثار سے۔ دانائی۔
تفرقہ ع فرق۔ فاصلہ۔ جدائی۔
تفریح ع خوش کرنا۔ فرحت دینا۔
تفریط ع ضائع کرنا۔ یا کم کرنا کسی کام میں۔
تفریق ع فرق کرنا۔ فاصلہ کرنا۔ علیحدہ کرنا۔
تفسیدن ف گرم ہونا۔ تتا ہونا۔
تفسیر ع بیان کرنا۔ اور کلام خدا کی شرح کرنا۔ شرح۔
تفصیل ع جدا کرنا۔ فاصلہ کرنا۔
تفضیل ع فضیلت دینا۔ بزرگی دینا۔
تفضیح ع رسوائی کرنا۔ فضیحت کرنا۔
تفضل ع بزرگی۔ بڑائی۔ فضیلت۔
تفقد ع گم شدہ کو ڈھونڈھنا۔ پرسش کرنا۔ مہربانی۔ دلجوئی۔ غمخواری کرنا۔
تفکر ع فکر کرنا۔ من میں سوچ پیدا کرنا۔

تفکّہ ع میوہ کھانا۔
تفنگ ف بندوق۔
تفنگچی ف بندوقچی۔ بندوق والا۔
تفنن ف شاخ شاخ ہونا۔ گونہ گونہ ہونا ایک حال سے دوسرے حال میں ہونا۔
تفوق ع برتری کرنا۔ اوپر ہونا۔
تفویض ع سپرد کرنا۔ اپنا کام دوسرے کو دینا۔
تفہ ع بے مزہ جس چیز میں مزہ ہو جیسا کدو۔ خیار۔
تفہم ع خود سمجھنا۔
تفیدن ف گرم ہونا۔ خفا ہونا۔ سوختہ ہونا۔
تقابل ع باہم مقابل ہونا۔
تقادیر ع جمع تقدیر کی۔
تقارب ع باہم قریب ہونا۔ پاس پاس ہونا۔
تقاریر ع جمع تقریر کی۔
تقاضا ع خواہش۔ مانگنا۔
تقاعد ع کسی کام سے باز رہنا کسی کام کرنے سے رک بیٹھنا۔
تقاطر ع پے درپے قطرے ٹپکنے۔

تقالیب ع گردشات زمانہ کی۔ جمع ہے تقلیب کی۔
تقاوی ع قوت دینا۔ اصطلاح میں وہ روپیہ جو سرکار بطور قرضہ کے زمینداروں کو واسطے درستی زراعت کے دیتی ہے۔
تقاویم ع جمع ہے تقویم کی جنتریاں۔
تقبل ع قبول کرنا۔ منظور کرنا۔
تقبیل ع بوسہ لینا۔ چومنا کسی چیز کا۔
تقدس ع پاک کرنا۔ اور پاک ہونا۔
تقدیر ع اندازہ کرنا۔ اور اندازہ جو خدا نے پہلے سب کا کر لیا ہے۔
تقدیس ع پاک کرنا۔ اور پاکی سے منسوب کرنا۔
تقدیم ع پیش پہنچانا مقدم کرنا۔
تقرب ع نزدیکی۔
تقرر ع مقرر کرنا۔ ٹھیرانا۔ ٹھیراؤ۔
تقریب ع نزدیک کرنا۔ ایسی طرح پر بات کہنا کہ مطلب کو لازم ہو جاوے۔
تقریباً ع تخمیناً۔
تقریر ع مقرر کرنا۔

تقسیم ع بانٹنا۔ حصہ کرنا۔
تقشیر ع چھلکا اوتارنا۔
تقصیر ع کمی کرنا۔ کوتاہی کرنا۔ خطا قصور۔
تقصیروار ف قصوروار آدمی گنہگار۔
تقطیر ع ٹپکانا۔ قطرہ قطرہ ڈالنا۔
تقطیع ع ٹکڑے کرنا۔ قطع دار کرنا۔
تقلب ع پلٹنا۔ گردش۔ پھر جانا۔
تقلیب ع پلٹنا۔ الٹنا۔ بدلنا۔
تقلید ع گلوبند درمیان گردن کے ڈالنا اپنی گردن پر کام لینا مجازاً پیروی کرنا کسی کے بدون دریافت اس کی حقیقت کی۔
تقلیدی ع وہ شخص جو کسی کا پیرو ہو۔
تقلیل ع کم کرنا۔ اور تھوڑا کرنا۔
تقوی ع ڈرنا۔ اور پرہیزگاری۔
تقویت ع قوت دینا طاقت۔
تقویم ع قیمت کرنا۔ سیدھا کرنا اور جنتری نجومیوں کی۔

تقی ع ڈرنیوالا خدا سے پرہیزگار۔
تقیید ع قید کرنا اور بند کرنا۔
تکاثر ع بہتائت۔ کثرت۔ اور افزوں ہونا۔
تکارم ع آپس میں کرم کرنا۔ آپس میں بخشش کرنا۔
تکاسل ع اپنے تئیں سُست اور کاہل دکھانا۔
تکافو ع آپس میں برابر ہونا۔
تکالیف ع جمع تکلیف کی ہے۔
تکاور ف تیزرو گھوڑا۔
تکاہل ع اپنے تئیں کاہل کرنا۔ اور کاہل دکھلانا۔
تکبر ع غرور کرنا۔ بڑا سمجھنا اپنے تئیں۔
تکبیر ع بزرگ کرنا۔ بڑا کہنا۔ بڑا کرنا۔
تکثیر ع زیادتی کرنا۔ افزونی کرنا۔
تکدر ع مکدر ہونا۔ تیرہ ہونا۔
تکدو ف یہ اصل میں تگ و دو ہے تگ بمعنے دوڑنے کے اور دو دویدن سے مراد دوڑ دھوپ کرنا۔
تکذیب ع جھٹلانا۔ جھوٹا۔
تکرار ع بار بار پھرانا۔

تکریر ع بار بار کرنا۔ پھر پھر کر کوئی بات کرنا۔
تکریم ع بزرگی کرنا۔ عزت کرنا۔
تکسل ع کاہل اور سست ہونا۔
تکسر ع ٹوٹنا اور شکستہ ہونا۔
تکفل ع ضامن اور ذمہ وار کسی چیز کا ہونا۔
تکفیر ع کافر کہنا۔ اور کفارت دینا۔
تکفیل ع کفالت کرنا۔ ضمانت دینا۔
تکفین ع مردہ کو کفن پہنانا۔
تکلہ ع نام بادشاہ شیراز کا۔
تکلف ع اپنے پر تکلیف اُٹھانا یا وہ بات دکھلانا جو اپنے میں نہ ہو۔
تکلم ع بات کرنا۔ اور امر کا صیغہ ہے اگر تکلم پڑھیں۔
تکلیف ع دُکھ۔ کسی کو رنج میں ڈالنا وہ کام کرنا کسی سے جو اُسکی طاقت سے خارج ہو۔
تکمہ ف گریبان کی گھنڈی۔
تکثیر ع زیادتی یعنے افزونی کرنا۔
تکمید ع ٹکور لگانا۔ گرم پوٹلی سے بدن کا سیکنا۔
تکمیل ع کامل کرنا۔

تکون ع ہو جانا۔ وجود پانا۔
تکوین ع پیدا کرنا۔ وجود دینا۔
تکہ ع آزار بند۔
تکیہ ع جس پر سہارا لگایا جاوے۔
تکیہ زدن ف بھروسا کرنا۔
تگ ف ڈگ۔ قدم دوڑنا۔ زمین۔
تگاپو ف دوڑ۔ دھوپ یعنے آمد و رفت جلدی سے کرنا۔
تگرگ ف جس کو ژالہ۔ اور اولہ بھی کہتے ہیں۔
تگدو ف دوڑ دھوپ تلاش۔
تگ و پو ف ایضاً
تل ف پودہ۔ ٹیلا۔
تلازم ع باہم لازم ہونا۔
تلاش ف جستجو ڈھونڈھنا۔
تلاطم ع باہم طپانچہ زنی کرنا اور موج زنی باہم ہونا۔
تلافی ع تدارک پانا۔ اور ہاتھ میں لانا۔
تلاقی ع باہم ملاقات کرنا۔ ملنا۔
تلامذہ ع جمع تلمیذ کی شاگرد۔ لوگ۔
تلاوت ع پڑھنا قرآن شریف کا۔
تلبیس ع لباس پہننا۔ مکر۔ اور فریب

تلخ ف کڑوا۔
تلخاں ف صفرا اور پتہ اور پتا۔
تلخیص ع خلاصہ کرنا۔ پاک صاف کرنا۔
تلذذ ع لذات لینا۔ مزہ اُٹھانا۔
تلطف ع مہربانی۔ لطف۔
تلف ع ضائع کرنا۔ کھو دینا۔
تلفظ ع الفاظ کا منہ سے بولنا۔ بولنا۔
تلقی ع ملاقات کرنا۔ قبولنا۔
تلقین ع سمجھانا۔ اور تعلیم کرنا۔
تلمذ ع شاگرد ہونا۔
تلمیذ ع شاگرد۔ مرید۔
تلواسہ ع غم۔ اور اضطراب اور فکر۔
تلون ع رنگا رنگ ہونا۔ رنگ برنگ۔
تلوین ع طرح بطرح ہونا۔
تلیین ع نرم کرنا۔ ملین۔
تماثیل ع تصویریں اور فرمان بادشاہی جمع تمثال کی۔
تماثل ع مشابہ ہونا ہم شکل آپس میں ہونا۔
تماچہ ف تھپڑ۔ دھپہ۔

تمادی ع کشیدگی۔ درازی۔
تماشا ف سیر کرنا۔ پیدل باہم مل کر چلنا۔
تماش بین ف رنڈی بازی۔ کنجری بازی۔
تمام ع پورا۔ کمال۔
تمائم ع جمع تمیمہ کی۔ تعویذات۔
تمتع ع برخورداری پانا۔ فائدہ مندی اُٹھانا۔
تمثال ع صورت۔ پیکر۔ فرمان بادشاہی۔
تمثل ع سامنے ہونا۔ مثال دینا۔
تمثیل ع مثال دینا۔ تشبیہ دینا۔
تمجید ع بزرگ کرنا۔
تمدد ع کشیدگی۔ کھینچاؤ۔
تمر ع کھجور۔ سوکھی ہوئی کھجور۔
تمرد ع سرکشی کرنا۔ سرکشی۔
تمساح ع نہنگ۔ ناکو۔
تمسخر ع ہنسی کرنا۔ ٹھٹھہ کرنا۔
تمسک ع کسی چیز میں چنگل مارنا۔ پکڑنا کسی شے کا۔
تمشی ع ارادہ جاری کرنا۔ رواں کرنا۔
تمشیت ع جاری کرنا۔ رواں کرنا۔

تمغات ع محصول اَور مہر جو اسباب سوداگری پر سرکار سے لگائی جاتی ہے اور فرمان شاہی کو جو لوگ تمغہ کہتے ہیں وہ غلط ہے۔
تمکن ع جگہ پکڑنا۔ اور قائم ہونا۔
تمکنت ع غرور۔ ٹیپ ٹاپ۔
تمکین ع جگہ دینا۔ اور عین جگہ پر پیر رکھنا۔ قدر مرتبہ۔
تملق ع نرم ہونا۔ عادت پکڑنا۔
تملک ع مالک ہونا۔
تملیک مالک کرنا کسی شخص کو مال یا کسی چیز کا۔
تمن ت دس ہزار آدمی۔ اور بیس روپیہ۔
تمنا ع خواہش کرنا۔ آرزو کرنا۔
تموز ع بڑی گرمی۔ ساون کا مہینہ۔
تمول ع مالدار ہونا۔ دولتمند ہونا۔
تمہید ع بچھونا بچھانا۔ ہموار اور نیک ہونا۔
تمیز ع جدا کرنا۔ اور علیحدہ کرنا۔
تن ف بدن۔ پنڈ۔ اور تنخواہ۔
تناد ع ایک دوسرے کو پکارنا۔ مجازاً قیامت۔

تنازع ع باہم جھگڑا کرنا۔ جھگڑا۔
تنازل ع باہم اُترنا۔
تناسب ع باہم نسبت ہونا۔ مناسب ہونا۔
تناسخ ع ایک صورت سے دوسری صورت میں ہونا۔ روح کا ایک قالب سے نکل کر دوسرے قالب میں آنا۔
تناہی ع منتہی ہونا۔ انتہی کو پہنچنا اور رکنا کسی چیز کا۔
تناسل ع باہم اولاد جننا۔ باہم نسل جننا۔
تنافی ع ایک دوسرے کی نفی کرنا۔ منافی کرنا۔
تناقض ع ایک دوسرے کو توڑنا۔
تناور ف قوی جثہ شخص فربہ جسم۔
تناول ف لینا۔ اور پکڑنا کسی چیز کا مجازاً کھانا کھانا۔
تنبول ف پان۔ کمادہ یعنے چھوٹی کمان۔
تنبان ف پاجامہ۔ سنھن۔ شلوار۔
تنبیہ ع جتلانا۔ واقف کرنا مجازاً مارنا فہمیہ کرنا
تنبہ ع آگاہ کرنا۔
تنجیم ع ستارہ شناسی بساعت نیک و بد جاننا۔

تند ف تیز اور سخت مزاج۔ غصہ والا۔
تندباد ف آندھی۔ جھکڑ۔
تنخواہ ف مزدوری۔ روپیہ جو بابت نوکری کے ہو۔
تندخو بدخو آدمی۔ بدمزاج۔
تندرست ف جس کو بیماری نہ ہو۔ چنگا۔
تندر ف بجلی کی کڑک۔ بلبل۔
تندو ف مکڑی۔ عنکبوت۔
تندی ف کوشش۔
تندیر ع ڈرانا۔ خوف دلانا۔
تنزل ع اترنا۔ درجے سے کم ہونا۔
تنزیل ع قرآن شریف نازل کرنا۔
تنزہ ع دور ہونا عیب سے۔ باغ اور سبزہ کی سیر کرنا۔ اور مجازاً خوشی۔
تنزیہ ع دور کرنا۔ اور پاک کرنا بد چیزوں سے۔
تنسک ع خداپرستی۔ تصوف۔
تنسق ع مرتب ہونا۔ منتظم ہونا۔
تنسیق ع انتظام کرنا۔ ترتیب کرنا۔
تنسل ع اولاد جاری کرنا۔ نسل ہونا۔
تنشیط ع خوش کرنا۔ اور شادمان کرنا۔

تنصر ع نصاری بننا۔ مذہب عیسوی اختیار کرنا جتلانا۔
تنصیف ع دو حصہ کرنا۔ آدھوں آدھ کرنا۔
تنضیج ع پکانا۔ پختہ کرنا۔
تنظیر ع مثال لانا۔ نظیر لانا۔
تنظیم ع موتی دھاگے میں پرونا۔ مجازاً درستی امورات شہر اور دربار وغیرہ کی کرنا۔
تعظیم ع عزت کرنا۔ بزرگی کرنا۔
تنعیم ع ناز و نعمت دینا۔ ناز و نعمت میں پالنا۔
تنعیش ع عیش دینا۔ عیش میں رہنا۔
تنعم ع ناز و نعمت۔ ناز و نعمت میں پلنا۔
تنفر ع نفرت کرنا۔ بھاگنا۔
تنفید ع حکم۔ اور فرمان کو جاری کرنا
تنفس ع سانس لینا۔ اپنے تئیں نفیس سمجھنا۔
تنقل ع نقل کرنا۔ کھانا۔
تنقی ع پاک کرنا۔ صاف کرنا۔
تنقیح ع پاک اور صاف کرنا کسی شے کا عیب سے خالص کرنا۔

تنقیہ ع پاک اور صاف کرنا۔
تنک ف باریک اور کم۔ نازک اور لطیف۔
تنکیر ع عام کرنا۔ بھیس بدلنا۔ انجان کرنا۔
تنگ ف سکڑا۔ بھنچا ہوا۔
تنگبار ف جس جگہ ہر ایک شخص کو دخل نہ ہو۔
تنگار ف سہاگہ۔
تنگ چشم ف بخیل۔ کنجوس۔ نو دولت۔ اور صفت معشوق کی بھی ہے
تنگدست ف محتاج۔ مفلس۔
تنگدل ف بخیل۔ کم خرچ۔
تنگری ت خدا تعالےٰ۔
تنگنائے ف جائے تنگ۔ تنگ کوچہ۔
تنکہ ف خواہ چاندی کا ہو یا سونے کا یا تانبے کا۔
تنکہ ف جانگیا چمڑے کا جو کشتی کے وقت پہنتے ہیں۔
تنگی ف سکڑاپن۔ ضد فراخی کی۔
تنمیہ ع بڑھنا درخت یا انسان یا حیوان کا۔
تنور ف ت روٹی پکانے کی جگہ۔

تنوّع ع طرح بطرح اور قسم بقسم ہونا۔
تنومندی ف قوی جثہ اور فربہ ہونا۔ موٹاپا۔
تنویر ع روشن کرنا۔ نور دینا۔
تنوین ع نون پیدا کرنا۔ دو زبر یا دو زیر یا دو پیش کا پڑھنا۔
تنہ ف دھڑ درخت کا جڑھ سے لگا کے مقام شاخوں تک کا جہاں سے اسکی شاخیں اگنی شروع ہوتی ہیں۔
تنہا ف اکیلا۔
تنیدن ف تننا جولاہے کا کام پسارنا۔
تنّین ع اژدہا بڑا سانپ جمع اسکی تنانین ہے۔
تو ف کلمہ خطاب۔
توّاب۔ توبہ قبول کرنے والا۔
توابل ع گرم مصالح جو کھانے میں ڈالتے ہیں۔
تواتر ع پے در پے ہونا۔
توارد ع باہم ایک جگہ اترنا۔ ایک مضمون کا دو شخص کو ذہن میں لانا۔
تواریخ ع علم واقعات اور علم السنون۔

توازی ع باہم برابر ہونا۔ بطرح پرچہ۔
تواضع ع فروتنی کرنا۔ عاجزی کرنا۔
تواضع سمرقندی ف جھوٹی خاطر داری۔
توافق ع باہم موافق ہونا۔ آپس میں موافقت کرنا۔
توافر ع بہتایت۔ کثرت۔ وفور۔
توالد ع باہم ملکر جننا۔ اولاد پیدا کرنا۔
توالی ع پے در پے۔ متواتر۔
توام ع جڑواں بچہ جو ایک بچے کے ہمراہ ایک دفعہ دونوں پیدا ہوں۔ برج جوزا۔
توامان ع دو بچے جو ایک ساتھ ایک ہی عورت سے پیدا ہوں۔
توان ف قوت۔ قدرت۔ طاقت۔
توانا ف طاقتور۔ قوت ور۔
توانستن ف سکنا۔ طاقت رکھنا
توانگر ف صاحب قوت۔ مجازاً مالدار۔
توانگری ف صاحب قوت ہونا مالداری۔
توانائی ف طاقت۔ قوت۔
توپ ت فرج۔ لشکر اور توپ مشہور ہے

توبرہ ف گھوڑوں کو دانہ کھلانے کا تھیلا۔
توپ زدن ف توپ مارنا۔
توپ زن ف توپ چھوڑنے والا گولنداز۔
توپک ف گنجینہ۔ مخزن۔ خزانہ۔
توبہ ع گنہ سے پھرنا۔ باز آنا۔
توبیخ ع ملامت کرنا۔ جھڑنا۔
توت ف درخت مشہور ہے۔ جس کو شہتوت کہتے ہیں۔
توتیاف سُرمہ بعضے طوتیا لکھتے ہیں۔ یہ غلط ہے۔
توثیق ع محکم اور استوار کرنا۔ اور مضبوط کرنا۔
توجع ع درد پیدا کرنا۔
توجہ ع کسی کی طرف منہ پھیرنا۔
توجیہ ع کسی کی طرف منہ پھیرنا۔ اور بیان اچھا کرنا وجہ بتلانا۔
توحد ع یکتائی۔ ایک ہونا۔ وحدانیت۔
تواحش ع وحشی ہونا۔ نفرت کرنا۔
توحید ع ایک ماننا۔ ایک جاننا۔
تودد ع دوستی۔ محبت۔
تودہ ع انبارہ۔ ڈھیر۔ ٹیلا۔

تودیع ع رخصت کرنا۔ وداع کرنا۔
تورع ع پرہیزگاری۔
تورف نام ہے فریدوں کے بیٹے کا۔
تورہ ت قانون۔ دستور العمل۔ جاہل۔ سُست۔
توریت ع آسمانی کتاب جو حضرت موسیٰؑ پر نازل ہوئی۔
توزیدن ع جمع کرنا۔ اکٹھا کرنا۔
توزف بھوج پتر۔ مشہور پتہ ہے۔ پہاڑ میں ہوتا ہے۔
توزک ت سامان۔ آرائش۔ انتظام۔
توزیع ع پراگندہ کرنا۔ بانٹنا۔
توزین ع باہم وزن کرنا دو چیز کا۔
توسط ع میانہ روی۔ اور اعتدال۔ اور واسطہ کرنا۔
توسل ع وسیلہ ڈھونڈھنا۔ بیچ میں کسی کو ڈالنا۔
توسیع ع فراخ کرنا۔ کشادہ کرنا۔
توسن ف گھوڑے کا بچّہ جو تُند اور شوخ اور سرکش ہو۔
توشدان ف جس میں خوراک سفر کی رکھیں۔

توشک ع فرش بچھانا۔
توشمال ف خانساماں۔ خوان سالار۔
توشہ ف زادِ راہ یعنی راہ کا خرچ و خوراک۔
توشیح ع بدھی گردن میں ڈالنا اور آرائش کرنا۔
توصیف ع تعریف کرنا۔ وصف کرنا۔
توضیح ع روشن اور پیدا۔
توطن ع وطن اختیار کرنا۔
توظیف ع ہر روز رسد دینا۔ رسد مقرر کرنا۔
توغل ع مشق کامل کرنا۔ ایک کام میں بہت لگا رکھنا۔
توفق ع موافق۔ یکجائی۔
توفیر ع بہت کرنا۔ اور بہت ہونا۔ اور فائدہ جو اجارہ پر ہو۔
توفیق ع موافق کر دینا۔ برابر کرنا۔ اصطلاحی معنے موافق کرنا۔ خدا کا اسباب نیکی کے حسب خواہش بندہ کے
توق / **توقان** ف آرزومندی۔ اور غلبہ شہوت کا۔
توقد ع آگ بھڑکنا۔

توقیر ع وقر کرنا - عزت کرنا -
توقع ع اُمید - بھروسہ -
توقف ع دیر کرنا - وقفہ کرنا -
توقی ع نگہبانی - بچاؤ -
توقیع ع دستخط بادشاہ کا فرمان پر - فرمان بادشاہی -
توکل ع بھروسہ کرنا خدا پر - دل اُٹھانا دُنیا سے اور خدا پر لگانا -
توکیل ع وکیل کرنا - کسی کو کسی کام پر چھوڑنا -
تولّاء محبت امید - پھر جانا - حکومت کرنا -
تولّد ع پیدا کرنا - زائیدہ ہونا -
تولّی ع پھر جانا - حکومت کرنا -
تولید ع جنانا - پیدا کرنا - پرورش کرنا -
تولیت ع حاکم کرنا - اور پے درپے ہونا -
تومان ت گروہ - پرگنہ - دس ہزار اور بیس ۲۰ روپیہ -
توہم ف وہم میں ڈالنا - وہم کرنا -
توہین ع اہانت کرنا - سست کرنا - ذلیل کرنا -
تہ ف نیچے کی فرش - تلے - تلا -

تہبند ف ٹانگوں میں جو چادر باندھتے ہیں -
تہالک ع باہم ہلاک ہونا -
تہاون ع خوار اور ذلیل رکھنا - حقیر سمجھنا -
تہتّک ع پردہ دری کرنا - رسوائی -
تہجی ع ہجے کرنا - حروف مفردہ کا پڑھنا -
تہجین ع ذلیل کرنا - بیعزت کرنا -
تہ خانہ ف نیچے کا گھر -
تہدید ع ڈرانا - دھمکانا خوف دلانا -
تہذیب ع آراستہ کرنا - پاک کرنا -
تہلکہ ع ہلاک ہونا - مرنا - نیست ہونا -
تہلیل ع لا الٰہ الّا اللہ کہنا -
تہنیت ع مبارک بادی دینا -
تہمت ع عیب لگانا - برائی کرنا -
تہمتن ف لقب ہے رستم پہلوان کا - دلاور -
تہ نشین ف تہ پر بیٹھنے والا دُرد - تل چھٹ -
تہ و بالا ف زیر و بالا -

تہور ع مردانگی - زیادتی قوت غضبی کی -
تہوّع ع ابکائی آنا - یعنے قے کی آواز کرنا اور کچھ مادہ نہ نکلے - متلی اُبکائی -
تہویل ع خوف دلانا - ڈرانا -
تہی ت خالی جو بھرا ہوا نہ ہو -
تہیدست ف مفلس خالی ہاتھ
تہیگاہ ف کوکھ یعنے سرین کے اوپر اور پہلو سے نیچے جو جگہ ہوتی ہے -
تہی مغز ف بیوقوف - جاہل -
تہیہ ع تیاری - سامان -
تیار ع موج زن - جلد رفتار -
تیر ف کمان کا تیر - ستارہ عطارد -
تیرماہ ف چوتھا مہینہ سال شمسی کا جب آفتاب برج سرطان میں ہو -
تیرگی ف اندھیرا - دھوندلاپن -
تیرہ ف تاریک - سیاہ رنگ -
تیرہ روزگار ف بدنصیب - بدقسمت -
تیز ف چالاک - اور دھار جو کاٹ اچھا کرے -
تیز آب ف تیز پانی جو مشہور شے ہے -
تیشہ ف بسولا -

تیسر ع آسان کرنا۔ اور آسانی۔
تیغ ف تلوار۔ شمشیر۔ خنجر۔
تیغاف خنجر۔ چھوٹی تلوار۔
تیقن ع یقین کرنا۔ اعتبار کرنا۔
تیمار ف غمخواری۔ اور خدمت کرنا
اور علاج۔
تیمم ع بجائے پانی کے مٹی سے
منہ ہاتھ دھونا۔
تیول ع جاگیر جس پر گذارہ ہو۔
تیمن ع مبارکبادی لینا۔ برکت
لینا۔
تین ع انجیر ایک مشہور میوہ ہے۔
تیہ ع جنگل۔ صحرا۔ تکبر کرنا۔
تیہو ف نام ایک پرند مشہور کا ہے
یعنے بٹیر۔

باب الثاء

ثابت ع قائم۔ مضبوط۔
ثاقب ع روشن۔ چمکول۔
ثالث ع تیسرا۔
ثالثہ ع ساٹھواں حصہ دقیقہ کا
یعنی لحظہ۔ لمحہ۔
ثامن ع آٹھواں یعنی (۸/۱)
ثانی ع دوسرا (۲/۱)
ثانیہ ع سیکنڈ انگریزی میں۔ دقیقہ
عربی میں یعنے ساٹھواں حصہ گھنٹہ کا
ثانوی ع دوسرے والا۔ دائمی
ثبات ع پائدار۔ قیام۔
ثبت ع لکھنا۔ تحریر کرنا۔
ثبوت ع ثابت ہونا۔
ثدی ع چھاتی۔ چوچے۔
ثراء ع دولت۔ مال۔
ثروت ع کثرت مال کی۔ توانگری۔
ثری ع دولت۔ خاک۔ مٹی۔ خاک
جو نیچے زمین کے ہے۔
ثریا ع پروین وہ چھ ستارے جو
باہم متصل واقعہ ہیں۔
ثرید ع ٹکڑے روٹی کے شوربا میں
بھیگے ہوئے۔
ثعبان ع بڑا سانپ اژدہا۔
ثعابین جمع ہے۔
ثعلب ع لومڑی۔ روباہ حیوان
مشہور ہے۔
ثعالب ع جمع ثعلب کی۔
ثفل ع بھوسی۔ پیے خانہ۔ پھوگ
ثقبہ عنبیہ ع ایک سوراخ طبقہ عنبیہ
میں درمیان آنکھ کے ہے اس میں سے
روشنی آنکھ کے اندر جاتی ہے۔
ثقب ع سوراخ۔ چھید۔
ثقات ع جمع ثقہ کی معتبر آدمی۔
ثقالت ع گرانی۔ بوجھ۔ بھاری
پن۔
ثقب ع جمع ثقبہ کی سوراخ۔
ثقل ع گرانی۔ بوجھ۔ بھار۔
ثقلین ع دو گروہ۔ انسان اور
جن۔
ثقہ ع مرد معتمد جس کے قول اور
فعل پر اعتماد ہو۔
ثقیل ع گراں۔ بھاری۔ بوجھل۔
ثلاث ع تین۔ منگل کا دن۔
ثلاثی ع وہ صیغہ جس میں تین
حرف ہوں۔
ثلث ع تیسرا یعنے (۳/۱)
ثلثون ع تیس (۳۰) سے
ثلج ع برف۔
ثمان ع آٹھ (۸) سے
ثمانین ع اسی (۸۰) سے
ثمر ع پھل درخت کا میوہ۔ نتیجہ
ثمرہ ع نتیجہ۔ پھل۔ انجام۔
ثمن ع قیمت۔ مول۔ قدر
ثمن ع آٹھواں حصہ یعنی (۸/۱)

ثنا ع تعریف۔ مدح۔ ستائش۔
ثنایا ع چار دانت سامنے کی کچلیاں۔
ثمین ع قیمتی۔ گراں۔
ثنائی ع دو حرفی اور دو دانت اگلے۔
ثواب ع مزد۔ بدلا۔ نیک عوض۔
ثوابت ع وہ ستارے جو حرکت نہیں کرتے۔
ثواقب ع روشنی دینے والی چیزیں۔
ثوب ع کپڑا۔ جامہ۔
ثور ع بیل۔ نرگاؤ۔ دوسرا برج۔
ثولول ع مسا۔ ثآلیل۔ جمع۔
ثوم ع لہسن مشہور ہے۔
ثیاب ع کپڑے جمع ثوب کی۔

باب الجیم

جا ف جگہ۔
جابجا ف جگہ بجگہ ہر ایک جگہ۔
جابر ع جبر کرنے والا۔ زیادتی کرنے والا بھرنے والا۔
جاجم ت فرش کی ایک قسم ہے۔
جاداد ف مالیت۔ اسباب مکان وغیرہ۔
جادادن ف جگہ دینا۔
جادل ع لڑنے والا۔
جادو ف منتر اور جادوگر بھی اسکے معنے آتے ہیں۔
جادوگر ف جادو کرنے والا۔
جادّ۔ جادہ ع راہ باریک جو جنگل میں پیدل کے آنے جانے سے پیدا ہو۔
جاذب ع کشش کرنے والا۔ قوت جاذبہ۔
جار ع ہمسایہ۔ پڑوسی۔
جاروب ف جھاڑو۔ سوہنی۔
جاری ع رواں۔ بہتا ہوا۔
جاری مجری ع قائم مقام۔
جاریہ ع کشتی۔ آفتاب۔ لونڈی باندی۔ آب رواں جمع اُس کی جواری آتی ہے۔
جازم ع مضبوط کرنے والا۔ اور ساکن کرنے والا۔ عامل نحو میں۔
جاسوس ف جو شخص ایک ملک کی خبر دوسرے ملک میں بھیجے۔
جاگیر ف قطعہ زمین کا جو سرکار سے ملے۔
جاگیردار ف جس کو جاگیر ملی ہو۔
جالس ع بیٹھنے والا۔
جالی ع جلا کرنے والا۔ صفا کرنیوالا کدورت کا۔
جام ف پیالہ شراب پینے کا اور نام شہر۔
جامد ع پتھر۔ جما ہوا۔ اور وہ لفظ جس سے کوئی مشتق نہ ہو اور نہ وہ کسی لفظ سے مشتق کیا جائے۔
جامع ع جمع کرنے والا شامل۔
جامعیت ع سب طرح کی خوبیاں جمع کرنے والا ہونا۔ جامع ہونا۔
جاموش ف بھینسا۔ ارنہ مشہور حیوان ہے۔
جامہ ف کپڑا۔ پیالہ شراب کا۔
جان ف روح۔ طاقت۔ جند۔
جانجاں ف روح۔ خدا تعالٰے آتش۔ پروٹھا جو ایک قسم کی روٹی مشہور ہے۔
جان آزاری ف دکھ دینا۔
جانان ف جان۔ معشوق۔ پیارا۔
جانب ف طرف۔
جانباز ف بڑا محنتی۔ جان کا کھیلنے والا۔

جان بلب ف جو مرتا ہو اور اُس کی
جان لب پر آگئی ہو۔
جانبین ع دونو طرف۔ طرفین۔
جانشین ف قائم مقام کسی جگہ
پر جو بیٹھے۔
جانفشانی ف محنت اور سعی۔
جانکندن ف جان اکھیڑنا موت
کے وقت۔
جانکاہ ف جان کا گھٹانے والا۔
جان گزا ف جان پر خطرہ ڈالنے والا۔
جان نواز ف جان کا نوازش کرنے
والا۔ معشوق۔
جانور ع حیوان۔ جاندار۔
جانی ع گنہگار۔ تقصیروار۔
جانی ف میری جان۔ جان میری۔
جاودان ف ہمیشہ۔
جاودانی ف ہمیشگی۔
جاورس ف ایک قسم کا غلہ۔ باجرہ
جاوید ف ہمیشہ۔ اور دائم۔
جاہ ف رتبہ۔ مرتبہ۔ عزت۔
جاہل ع ان پڑھ۔ بےعلم۔
جاہلیت ع وہ زمانہ جو مسلمانوں
سے پہلے تھا جبکہ بُت پرستی کرتے تھے
اور جاہل ہوا۔

جائداد ف اسباب اور مال۔
جائر ع جور کرنیوالا۔ ستمگار۔
راہ چھوڑ کر جو راہ باطل پر ہو جائے۔
جائز ع درست مطابق شرع۔
جائزہ ع انعام۔ صلہ۔ بدلا نیک
اور لکیر صحت کی۔
جائے ف جگہ۔ مقام۔
جائع ع بھوکا۔ گرسنہ۔
جائگاہ ف مقام۔ جگہ۔
جبال ع جمع جبل کی۔ پہاڑ اور
کوہہاے۔
جبایت ع مال جمع کرنا۔ خراج
جمع کرنا۔
جبّار ع جبر کرنے والا۔ بھپنے والا۔
ظالم۔
جبر ع بھرنا۔ پٹی باندھنا۔ پٹی۔
جبروت ع عظمت۔ بزرگی۔ تکبر۔
اصطلاح میں بزرگی۔ اور جلال
خدا کا اور وحدت۔
جبر و مقابلہ ع وہ علم ہے۔ جس سے
مقادیر مجہول بوسیلہ مقادیر معلومہ کے
معلوم کیئے جاتے ہیں۔
جبل ع پہاڑ۔ کوہ۔
جبلت ع پیدائش۔ خلقت۔ طبیعت

جبلی ع طبعی۔ ذاتی۔
جبلی ع پہاڑی۔ پہاڑ کا۔
جبن ع پنیر۔ سفیدی جو دودھ کو
پھاڑ کر نکالتے ہیں۔
جبان ع نامرد۔ بدول۔ بزدل۔
جباہ ع جمع جبہہ کی۔ پیشانیاں۔
جبہہ ع پیشانی۔ ماتھا۔
جبین ع پیشانی۔ ماتھا۔
جثہ ع بدن۔ تن جسم۔ لوتھ۔
جچہ ف جو بچہ جنے۔ عورت جب
بچہ جنے۔
جد ع دادا۔ باپ کا باپ۔ بخت۔
نصیب۔ بزرگی۔ توانگری۔
جد ع کوشش۔ سعی۔
جداً ع از روئے سعی کے۔
از روئے کوشش کے۔
جدید ع نیا۔ نو۔
جدار ع دیوار۔ بھیت۔ دیوال۔
جدیر ع لائق۔ موافق۔ سردار۔
جدل / جدال } جنگ۔ لڑائی۔
جدول ع نہر۔ پانی کی کھائی
مجازاً سرخ لکیر جس گرد کسی ورق کے
جداول ع جمع جدول کی۔

جدائی ع دوری - جُدا ہونا - تفرقہ -

جدری ع چیچک - سیتلا - ماتا -

جدّی ع بجا - بزغالہ - اور نام ایک بُرج آسمانی کا جو قطب شمالی کے پاس ہے -

جدّی ع ایک دادا کی اولاد -

جذوہ ع چنگاری آگ کی -

جذام ع کوڑھ - خون کے بگڑنے کی بیماری جس سے بدن گلجاتا ہے

جذب ع کھینچنا - کشش کرنا -

جذبہ ع یکبار کھینچنا - دل کا جوش

جذر ع اصل اور جڑ سے اوکھیڑنا - علم حساب میں جس عدد کو فی نفسہ ضرب کریں - اُس کو جذر اور جو اُس سے حاصل ہو - اُس کو مجذور کہتے ہیں

جذوع ع شاخیں جمع جذع کی -

جزع ع درخت کا تنہ - اور جذع گائی یا گھوڑا تین برس کا اور بکری دو برس کی - اور اونٹ پانچ برس کا

جر ع کشش - کھینچنا -

جراب ع دھوڑی - پوست گائی کا

جرأت ع دلاوری - چالاکی - جوانمردی -

جرّاح ع زخم کرنے والا - سرجن جرّاح -

جراحت ع زخم - گھاؤ -

جراد ع ملخ - مکڑی -

جرّاد ع کھینچنے والا - اور لشکر بہت انبوہ دار -

جرائد ع دفترہا - جمع جریدہ کی -

جرائم ع جمع جریمہ کی گناہ ہائے اور بہت خطائیں -

جرب ع کھجلی - خارش -

جرح ع زخم - گھاؤ -

جرز ع زمین بنجر جس میں گھاس بھی نہ ہوتی ہو -

جرّہ ف ت دلیر و شجاع - گھوڑا سواری کا - نر باز کا باز جو شکار کرتا ہے اور وہ مادہ ہوتی ہے - اس لئے نر کو جرّہ کہتے ہیں - اور مادہ کو باز بولتے ہیں

جرس ع گھنٹہ آواز زنگا کی -

جرعہ ع گھونٹ یکبار جو پیا جائے -

جرم ع تن - جسم - دھڑ -

جُرم ع گناہ - خطا - قصور -

جرنغار ت وہ فوج جو بوقت لڑائی کے جانب چپ بادشاہ کے ہو -

جری ع دلیر - دلاور - دل چلا آدمی

جریان ع رواں ہونا پانی کا -

جریب ع ایک پیمانہ زمین کی پیمائش کا گز گیا اسکی اصل ہے -

جریح ع زخمی - گھائل -

جریدہ ف قاصد - جاسوس - نامہ بر

جریم ع گنہگار - مجرم کسی چیز کا جمع کرنیوالا - خرمائے خشک -

جیحون ت ایک دریا ہے - نزدیک بلخ کے -

جید ع گردن -

جیّد ع خوب - کھرا - نیک -

جیران ع ہمسائیگی - پڑوسی - جمع جار کی -

جیش ع جمع جیوش کی - لشکر -

جیفہ ع حیوان مردار جس میں بدبو ہو گئی ہو -

جیل ع گروہ آدمیوں کا فوج -

جیغہ ف زیور ہے مرصع جسکو پگڑی پر باندھتے ہیں -

جیوش ع جمع جیش کی -

باب جیم فارسی

چابک ف چست - چالاک - کوڑا -

چابک خرام ف تیز چلنے والا۔
چابکدست ف چالاک دست جو شخص ہاتھ کے کام میں چالاک ہو۔
چابکی ف چالاکی۔ چستی۔
چاپلوسی ف خوشامد۔
چاپلوس ف خوشامد کرنے والا۔
چادر ف چدر۔
چادر کافوری ف صبح۔
چادر کحلی ف آسمان۔ سیاہ سبز کھیت۔
چادر لاجورد ف آسمان۔
چار ف مخفف چہار کا۔ علاج۔ چارہ
چار آئینہ ف نام ایک قسم کے زرہ کا
چار بالش ف مسند۔ بادشاہت کا تخت۔
چار پایہ ف چوپایہ۔ ڈنگر۔
چارپائی ف پلنگ۔ منجی۔
چار بند ف دنیا۔
چار بیخ ف چار دوائیں۔ یعنی کاسنی۔ رازیانہ۔ کرفس۔ کبر۔
چار تار } ف اربع عناصر
چار جوہر }
چاردہ ف چودہ ۱۴۔
چار سو ف چار طرف۔
چار شنبہ ف بدھ۔

چار طاق ف راوٹی یعنے خیمہ چار گوشہ۔
چار قب ف ایک طرف کا لباس اُمرا کا ہے۔
چارگام ف تیز رو گھوڑا۔
چار گوشہ ف چار کھونٹی چیز۔ تخت شاہی۔ تابوت مُردیکا۔
چار مادر ف اربع عناصر۔
چار مغز ف اخروٹ۔
چاروا ف چوپایہ۔ ڈنگر۔
چارہ ف علاج۔ تدبیر۔
چاشت ف پہر دن چڑھا ہوا جو تھائی دن جب گذر چکے۔
چاشنی ف تھوڑا سا نمونہ کھانے یا شراب کا۔
چاشنی ف باورچی۔ خانساماں
چاق ف تندرست۔ طاقتور۔ چلاک۔
چاک ف پھٹا ہوا۔ چرا ہوا۔ قبالہ مکان کا یا باغ کا۔
چاکر ف نوکر۔ خدمت گار۔
چاقو ف چھری۔
چالاک ف چست۔ تیز۔
چالاکی ف تیزی۔ چالاکی۔

چالش ف مٹک کی چال۔ گھمنڈ غرور کی چال۔
چاووش ف نقیب لشکر اور قافلہ کا۔
چاہ ف کنواں۔ گڑھا
چاہ زنخ ف ٹھوڑی کا گڑھا۔
چائے ف چاء جو پکا کر پیتے ہیں مشہور پتے ہیں۔
چپ ف بایاں۔ بائیں طرف۔
چپاتی ف پتلی روٹی جو توے پر پکاتے ہیں۔ پھلکا۔
چپقلش ف لڑائی تلوار کی انبوہ
چپکش ف انگرکھہ۔ انگہ۔
چتر ف چھتری۔ چھوٹے چھوٹے بال سر پر۔
چتر آبگون ف آسمان۔ اکاش۔
چتر روز ف سورج۔ آفتاب۔
چتر سیمابی ف چاند پورا۔ چودہویں رات کا چاند۔
چتر سیمین ف پورا چاند۔
چتر عنبرین ف رات شب۔
چتر کحلی ف آسمان۔ ابر سیاہ۔
چتر نور ف سورج۔ آفتاب۔
چتوک۔ چغوق ف چڑیا۔ کنجشک۔

چخ ف غلاف چیرہ تلوار وغیرہ کا۔
جھگڑا۔ لڑائی۔ میل۔ پیپ۔ چرک۔
چخاچخ ف آواز تلوار کا بروقت لڑائی
کے۔
چخیدن ف لڑائی کی خواہش
کرنا۔ دم مارنا۔ کوشش کرنا۔
چرا ف کس واسطے۔ کیوں۔ چرا۔
چراگاہ ف چرانے کی جگہ
حیوانات۔
چراغ ف دیا بتی جلتی ہوئی۔
چرائی کرنا۔ اگلے پیر گھوڑا جو اٹھاتا
ہے اسکو بھی چراغ کہتے ہیں۔
چراغ پا ف اگلے پیر گھوڑا
جو اٹھاوے اور جس چیز پر چراغ
رکھتے ہیں۔
چرانیدن ف چرانا حیوانات
کو گھاس چرانا۔
چرب } ف غالب ہونا۔
چربیدن } چرب ہونا۔
چرب پہلو ف ۔ اور جسکے پہلو
سے لوگوں کو فائدہ ہو۔
چرب دست ف چالاک شیریں
دستکار ہنرمند۔
چرب زبان ف اُس شخص کو
کہتے ہیں جو خوشامد کی باتیں
بناکر لوگوں کا دل اپنی طرف مائل
کرلیوے چاپلوس اور فریبیا۔
چرب قامت ف بلند قد۔
لمبا۔ خوش قد۔
چرب وخشک ف بُرا۔ بھلا
تھوڑا بہت۔ سخاوت۔ اور
بخل۔ دانا۔ کنجوس۔
چربہ ف وہ کاغذ ہوتا ہے۔ جو
پتلا سا ہو اور تصویر کے اوپر بطور
پردہ کے اُس کو رکھا کرتے ہیں۔
اور شیر کے اوپر جو پردہ ڈالتے ہیں
اُس کو بھی چربہ کہتے ہیں۔ اور نیز
وہ کاغذ جسکو تصویر پر رکھکر نقل اتارا
کرتے ہیں۔ زبان انگریزی میں ٹریسنگ پیپر
چرخ ف آسمان۔ چرخی گریبان
جامہ کا۔ کمان سخت۔
چرخ انداز ف کماندار کو کہتے
ہیں یعنی جو شخص کمان رکھتا ہو۔
چرخ دولابی ف آسمان۔ آکاش
چرخ زرین ف چوتھا آسمان
چونکہ آفتاب وہاں پر ہے۔ اسلئے کہتے ہے
جمشید ف نام ایک بادشاہ
فارس کا ہے۔

جمع ع اکٹھا کرنا۔ جماعت۔
جمدھر ف ہتھیار جس کو ہندی
میں کٹار کہتے ہیں۔
جمعدار ف اُس کی اصل جماعدار ہے
جو چند سپاہیوں پر افسر ہو۔
جمعہ ع ساتواں دن مسلمانوں کی تعطیل
کا ہندی شکروار۔
جمعیت ع جمع ہونا گروہ آدمیوں کا۔
جمل ع اونٹ۔ شتر نر۔
جمل ع حساب اعداد ابجد کا۔
جمگلی ف تمام۔ سب۔
جملہ ع فقرہ۔ حصہ کلام۔
جمود ع جمنا۔ جم جانا۔
جموع ع جماعتیں۔ جمع جمع کی
ہے۔
جمہور ع گروہ آدمیوں کا۔
جمیع ع تمام۔ سب۔
جمیعاً ع سب کے سب۔
جمیل ع خوبصورت۔ حسین۔
جن ع بھوت دیو۔
جنبیدن ف ہلنا۔ جنبش کرنا۔
جنبش ف حرکت کرنا۔ ہلنا۔
جناب ع درگاہ۔ آستانہ۔
گرد اگرد گھر کا بغل۔

جنب ع پہلو۔ جنب۔ ناپاک آدمی
بغل آدمی۔
جنابت ع ناپاکی جو بسبب مرد عورت
کے ہوجاتی ہے۔ اور دوری۔
جنات ع جمع جن کی۔ بھوت۔
پلید۔ دیو۔
جناح ع بازو پرند کے اور بازو
لشکر کا۔
جنادل ع جمع جندل کی۔
سنگ پتھر۔
جنازہ ع لاش مُردے کی جو دفن
کرنے کو لیجاویں۔
جنان ع دل اور جنان بہشت۔
جنود ع جمع جند کی۔
جند ع لشکر۔ فوج۔
جنس ع جس کے نیچے کئی نوع
ہوں۔
جنسیہ ع جنس ہونا۔ ایک میل
کا ہونا۔
جنگ ف لڑائی۔
جنگ گاہ ف لڑائی کا میدان۔
جنوب ع دکھن۔
جو ع ہوا جو زمین کے اوپر بے انتہا
کھڑی ہے۔

جواب ع اُتر۔ جواب۔
جواب دہ ف جس سے مطالبہ
کیا جاوے۔
جواد ع بہت بخشش کرنے والا۔
خدا تعالےٰ۔ گھوڑا تیز رفتار۔
جواذب ع جمع جاذبہ کی کشش
کرنے والی شے۔
جوار ع ہمسائیگی۔ پڑوس۔
جوارح ع اعضاء حیوانات کے
اور جانوران شکاری کے۔
جواری ع جمع جاریہ کی۔ کشتی۔
کنیزک۔
جواز ع درست ہونا۔ موافق شرع۔
جواسیس مب جمع جاسوس
کی قاصد ہا۔
جوال مب اصل اسکی گوال ہے
گون کو کہتے ہیں جسمیں غلہ بھرتے ہیں۔
جوامع ع جمع جامع کی۔ تمام۔
اور سب۔
جوان ف گبرو۔ جوان۔
جوانب ع طرف۔ طرفین۔
جواہر ع جمع جوہر کی۔
جوائز ع انعامات بخشش تحفے
جمع جائزہ کی۔

جود ع بخشش۔ سخاوت
جودت ع تیزی۔ خوبی۔ تیز رفتاری
نیکی۔
جوراب ع موزہ۔ جراب۔
جور ع ظلم۔ ستم۔
جوزا ع نام دو پیکر کا۔ نام تیسرے
برج آسمانی کا۔
جوزق ع ڈوڈہ کپاس کا۔
جوش ف اوبہان۔ اوبال۔
جوشش ف جوش۔
جوشاندن ف جوش دینا۔ اُبالنا۔
جوشن ع زرہ جو لڑائی میں پہنتے
ہیں۔
جوشیدن ف ابلنا۔ جوش مارنا۔
جوع ع بھوک۔
جوعان ع بھوکا۔ گرسنہ۔
جوف شکم ع پیٹ اندر کی طرف
ہر ایک چیز جو خالی ہو۔
جوق ع فوج۔ گروہ آدمی کا اور
پرندوں اور جنونکا گروہ۔
جولان ف دوڑنا۔ گھوڑا دوڑانا۔
چکر لگانا۔ اور بیڑی کو کہتے ہیں۔
جولاہ ف جولاہا کپڑا بننے والا۔
جوہر مب گوہر کا معرب ہے۔ جو بذات خود قائم ہو

جوہری ع صاحب جوہر۔ جواہر بیچتا ہو۔
جوہی ف نام ایک قسم کے پھول کا ہے۔
جوئے ف نہر۔ دریا کی نہر۔
جویا ف ڈھونڈھنے والا۔
جوئبار ف جس جگہ پر بہت نہریں ہوں۔
جویان ف ڈھونڈھنے والا۔
جویائی ف جوئیندہ۔ تلاش کرنیوالا۔
جوئیدن ف ڈھونڈھنا۔
جوئندہ ف ڈھونڈھنے والا۔
جہات ع جمع جہت کی اطراف۔
جہاد ع کفار سے لڑنا۔ کافروں سے لڑنا۔
جہاز ع نہایت بڑی کشتی جو سمندر میں ہوتی ہے۔
جہالت ع نادانی۔ بے علمی۔
جہان ف دنیا۔ عالم۔
جہانیان ف دنیا کے لوگ۔ خلق اللہ۔
جہانیدن ف کدانا۔ اُچھالنا۔
جہت ف طرف۔
جہد ع کوشش۔ سعی۔

جہر ع کھلا ہوا۔ آواز بلند پڑھنا۔
جہل ع نادانی۔ نہ جاننا۔
جہلا ع جمع جاہل کی۔
جہندہ ف کودنے والا۔
جہنم ع گہرا کنواں۔ دوزخ۔
جہودی ف یہودی کو فارسی بنالیا ہے۔
جہول ع نادان۔ بیوقوف۔
جہیدن ف کودنا۔ اچھلنا۔
جہیز ف سامان اور اسباب جو لڑکی کو بروقت شادی کے دیا جائے۔
جیب ع گریبان۔ پیراہن۔ اور سینہ مجازاً بمعنے کیسہ کہ جو نیچے گریبان کے سیتے ہیں لب دامن کے۔
جریمانہ ف جرمانہ۔
جریمہ ف گناہ۔ خطا۔ جُرم۔
جز ف سوائے۔ بدون۔
جزو ع حصہ۔ بعضے۔ ٹکڑا۔
جزا ع بدلا۔ عوض۔
جزائر ع جمع جزیرہ کی جو چاروں طرف پانی سے محیط ہو۔
جزائل ع جمع جزیل کی چیزیں محکم اور بہت۔
جزرومد ع گھٹاؤ اور چڑھاؤ پانی کا جو سمندر میں ہوتا ہے بسبب کشش چاند کے۔
جزر ع جوار جو دریا میں ہوتا ہے یعنی گھٹ جانا پانی کا۔
جزع ع بے صبری۔ ناشکیبائی۔
جزرمیب گاجر مشہور ترکاری ہے اصل اس کی گندنا ہے۔
جزوی ع تھوڑا۔ منسوب بجزو۔
جزویات ع افراد۔ حصے جو کلیات نہ ہوں۔
جزیرہ ع وہ قطعہ زمین کا جس کے چاروں طرف پانی ہو۔
جزیل ع بڑی۔ اور محکم چیز۔ پُر اور بسیار۔
جزیہ ع تاوان۔ محصول جو غیر مذاہب والوں پر لگایا جاتا ہے۔
جسارت ع دلیری۔ مردانگی۔ تجاوز اور گذرنا۔
جسامت ع جسیم ہونا۔
جستجو ف تلاش۔ ڈھونڈھ۔
جستن ف کودنا۔
جستن ف ڈھونڈنا۔ تلاش کرنا۔
جسد ع تن۔ بدن۔
جسیدہ ع تنہا اور شاخ درخت کی۔ دفتر لکھنے والوں کا۔

جسدی ع منسوب بجسد۔ جسمی۔

جسر ع پل جو دریا پر ہوتا ہے۔

جسم ع بدن اور جو شے طول عرض عمق رکھتی ہو۔

جسم تعلیمی ع طول۔ عرض۔ عمق۔

جسمانی ع جسم کا جسم دار۔

جسیم ف فربہ۔ موٹا۔ صاحب جسم۔

جشن ع مجلس خوشی کی۔ اور خوشی اور عیش کی۔

جعدہ ع زلف۔ بھیڑیا جو حیوان درندہ مشہور ہے۔

جعد ع گھونگھریالے بال۔ مڑے ہوئے بال۔

جعفر ع ندی۔ نالہ پانی کا۔

جعفری ع ایک قسم کا گیندا پھول ہے زرد رنگ کا اور مجازاً مطلق زرد رنگ۔

جعل ع کرنا۔ بنانا۔ اور ایک جانور ہے۔ سیاہ رنگ جو سرگین اور نباتات میں پیدا ہوتا ہے۔

جعلی ع جو اصلی نہ ہو۔ بنایا ہُوا۔

جغرات ع دہی۔

جغرافیہ ع علم ہے صورت زمین کا جس میں خشکی اور تری اقلیمونکا بیان ہے

جفاء ستم۔ اور ظلم۔

جفت ف جوڑا ضد طاق کی۔

جفتن ف ملنا۔ ملانا۔

جفتہ ف سرین۔ چوتڑ۔

جفتی ف جفت ہونا۔ جماع کرنا۔

جفت شدن ف جماع کرنا۔

جفتیدن ف جفتی کرنا۔ نر کا مادہ پر چڑھنا۔

جفن ع پلک۔ آنکھ کی پلک۔ تلوار کا میان۔

جگر ف کلیجہ۔ جگر۔

جل ف بزرگ ہوا صیغہ ماضی کا ہے۔

جل ع نام ایک جانور خوش آواز کا ہے۔

جل ع جھول گھوڑے یا گدھے کا۔

جلاء ع گھر سے نکال دینا۔ دیس سے پردیس نکالدینا۔

جلاء ع روشن کرنا۔ صاف کرنا۔

جلاب ع کھینچنے والا ایک چیز کو ایک جگہ سے دوسری جگہ لیجانا۔

جلاد ع درہ مارنے والا۔ یا پوست کھینچنے والا اور تلوار مارنیوالا۔

جلادت ع چستی اور چالاکی اور جوانمردی

جلالت ع بزرگ ہونا اور بزرگی۔

جلالی ف منسوب جلال الدین بادشاہ سے۔

جلاوطن ع پردیس نکالدینا۔ گھر سے بے گھر کردینا۔

جلائل ع بزرگیاں جمع جلیل کی

جلب ع کھینچنا۔ مال سوداگری جو ایک ملک سے دوسرے ملک لے جاتے ہیں۔ سود۔ نفع۔

جلد ع تازیانہ۔ کوڑا۔ مارنا۔ چست و چالاک تیز و شتاب۔

جلد ع پوست چمڑہ حیوان کا۔

جلدگر ف کتاب کی جلد بنانے والا۔

جلدوت انعام۔ صلہ۔ بدلا نیک۔

جلدی ف شتابی۔ تیزی۔ چالاکی

جلساء ع مجلس کے لوگ۔ جمع جلیس کی۔

جلسہ ع محفل۔ ملاقات نشست

جلف ع مردار۔ ناپاک۔ کمینہ۔ خودسر بیخوف آدمی۔

جلنار معرب گلنار کا۔

جلوت باگ گھوڑے کی گھوڑا کوتل۔

جلود ع چمڑے حیوانات کے جمع جلد کی۔

جلوریز ف یعنی سبک - عنان - ہلکی باگ گھوڑے دوڑتے ہوئے -

جلوس ع بیٹھنا -

جلوت ع ظاہر کرنا اور اپنے تئیں دکھلانا لوگوں کو -

جلی ع روشن - آشکارا - ظاہر -

جلید ع برف - اولہ -

جلیس ع ہمنشین -

جلیل ع بڑا بزرگ -

جم ع تمام - بہت -

جم ع نام بادشاہ فارس کا جمشید

جماد ع جو حیوانات اور نبات سے نہ ہو یعنی بیجان ہو - جیسے پتھر - مٹی وغیرہ -

جمادات ع پتھر - مٹی - وغیرہ جو بیجان ہو -

جمادی ع بے جان شے -

جمادی الاوّل ع پانچواں مہینہ قمری -

جمادی الثانی / جمادی الآخر } چھٹا مہینہ قمری

جمازہ ع شتر تیز رفتار اونٹ تیز چلنے والا -

جماع ع صحبت مرد عورت کی صحبت کرنا

جماعت ع گروہ آدمیوں کا گروہ

جمال ع خوبصورتی -

جمان ع موتی - گہر -

جماہیر ع گروہ آدمیوں کے جمع جمہور کی ہے -

جمجمہ ع کھوپری - سر کی - کاسہ سر -

جمرہ ع چنگاری آگ کی -

چرخ زن ف ناچنے والا - تیرنے والا آدمی -

چرخ آبنوس ف آسمان اوّل -

چرخہ ف سوت کاتنے کا چرخہ - نام ایک درخت کا ہے جو بہت پتلا سا ہوتا ہے - اور برابر دوراہو کرتا ہے -

چرخی ف جو چیز چرخ مارتی رہے - چنانچہ کبوتر چرخی وغیرہ ایک قسم کا اطلس نفیس بھی ہے -

چرغ ف ایک جانور شکاری مشہور ہے اُس کو عربی میں سقر کہتے ہیں -

چرغینہ ف بد آدمی - نیچ آدمی -

چرک ف زخم - پیپ - ریم - میل -

چرگر ف گانے والا خواہ عورت ہو خواہ مرد معنی خنیاگر - رسول پیغمبر مغنی - پیش نماز -

چرکین ف میلا - میل میں لتھڑا ہوا -

چرم ف چمڑا -

چرمینہ ف چمڑے کا اور چمڑا -

چرندہ ف حیوان گھاس چرنیوالا -

چرند ف حیوان - چوپایہ -

چریدن ف چرنا گھاس کا -

چسپانیدن ف چپکانا -

چسپان / چسپیدہ } ف چپکا ہوا -

چسپیدگی ف چپکنا -

چسپیدن ف لپٹنا - چپکنا -

چست ف چالاک - درست - ٹھیک - محکم -

چسنہ ف شیردان بکری اور بھیڑ کا -

چستی ف چالاکی - درستی - مضبوطی -

چش ف امر ہے چشیدن کا یعنی چکھ اور مخفف چشم کا -

چشانیدن ف چکھانا - کوئی چیز بطور نمونہ کے دکھلانا -

چشم ف آنکھ - نیتر - نین - امید -

چشم بد ف نظر بد - بدنظر -

چشم پوشی ف گناہ ظاہر نہ کرنا - آنکھ ڈھانک لینا - کسی کے خطا سے -

چشم بے آب ف بے حیا - بے شرم ڈھیٹھ -

چشم داشت ف امید۔ بھروسہ

چشم زخم ف دُکھ نقصان جو بدنظری سے ہو۔

چشمک ف عینک۔ آنکھ کی چھوٹی آنکھ سے اشک۔

چشم نمائی ف دھمکانا۔ ڈانٹنا۔

چشمہ ف پانی کا سوتا۔

چشم خانہ ف آنکھ کا گھر۔

چشم ہور ف سورج۔ آفتاب۔

چشیدن ف چکھنا۔

چغار ف بیحیا عورت جو گالیاں دینے والی ہو۔ قحبہ۔

چغانہ ف نام ایک ساز کا ہے اسکو مطرب لوگ بجاتے ہیں۔

چغد ف اُلّو پرند منحوس مشہور ہے۔

چغل ف چغلی کھانے والا آدمی شکن اور چین اور ایک برتن۔

چغلی ف بُرائی کسی کی کرنا۔

چفت ف وہ لکڑی جسپر انگور کی بیل یا کدو وغیرہ کی چڑھاتے ہیں۔

چق ف مدھانی۔ دودھ بلونے کی رئی۔

چقماق ف وہ پتھر جس سے آگ نکلتی ہو۔

چقندر ف نام ایک ترکاری کا ہے

چکان ف ٹپکتا ہوا۔

چکاندن ف ٹپکانا۔ قطرہ قطرہ گرانا۔

چکاوک ف ایک آواز ہے راگ کی اور ایک پرندہ ہے چڑیا سے بڑا بھگو کہتے ہیں۔ بعضے سُرخاب کو کہتے ہیں

چکلہ ف قطرہ ٹپکنا۔ پرگنہ۔

چکن ف کشیدہ۔ زردوزی۔ خیمہ دوزی۔

چگونگی ف کیفیت حال کہ کس طرح پر ہے۔

چکہ ف قطرہ۔ خورد۔ چھوٹا۔

چکیدن ف ٹپکنا۔

چل ف جاؤ چلے جاؤ۔ چُل آلۂ تناسل۔ کم عقل آدمی چل مخفف ہے۔ چہل کا۔ ہے۔

چلنہ ف ذرہ۔

چلغوزہ ف پھل درخت صنوبر کا مشہور ہے

چلہ ف چالیس دن جو فقیر لوگ گوشہ میں بیٹھکر عبادت کرتے ہیں اور چالیس دن۔

چلیپا ف سولی جو نصاری لوگ رکھتے ہیں۔

چلپاسہ ف چھپکلی۔

چلہ ف چالیس روز ایک مکان میں بیٹھکر کوئی وظیفہ کرنا۔

چلیدن ف چلنا۔ چلانا۔

چمیدن ف لچکنا۔ ناز سے چلنا

چمان ف پیالہ شراب کا۔

چمقاق ع گرز لوہے کا جو شش پہلو کا ہو۔

چمبر ف حلقہ۔ ہنسلی۔

چمن ف کیاری سبز۔

چنار ف درخت مشہور ہے اور جو کچھ عورتیں ہاتھ اور پیروں پر لکھ دیتی ہیں۔

چناں ف ایسا۔ مثل اس کی اصل اس کی چون آن ہے۔

چنانچہ ف جیسا کہ۔

چنبر ف حلقہ۔ گردن کی ہنسلی گھیرا محیط۔ دور آسمان کا۔

چندان ف اس قدر۔ اتنی دیر لکڑی صندل کی نام ایک شہر کا ہے۔ ملک چین میں۔

چندانکہ ف جتنا کہ جس قدر۔

چنڈال ف۔ چوہڑا حلال خور بھنگی کمینہ

چنداول ع فوج کی پچھاڑی کے لوگ جو لشکر کے پیچھے پیچھے چلتے ہیں۔

چند گاہ ف کئی دفعہ۔ کئی بار۔
چندی ف تھوڑا۔ تھوڑی دیر۔
چندیں ف اتنی۔ اس قدر۔
چنگ ف مشہور باجہ ہے اور آنکس ہاتھی
کا اور نام کتاب مانی کا ہے نگارخانہ مانی
اور پنجہ اور چنگل آدمی اور جانور کا۔
چنگل
چنگال } ف پنجہ جانور اور آدمی کا۔
چو ف مانند۔ مثل۔ وقت۔
چوب ف لکڑی۔
چوبا ف تھونی۔ بلی۔ کھم۔
چوبدستی ف ہاتھ کی لکڑی۔
چوبدار ف نوکر جو آگے آگے ڈنڈے یا
لکڑی چاندی یا سونے کی لیکر۔
چوب تنگاف ف بچر لکڑی چیرنے
کے ہتھیار۔
چوبک تختہ اور ایک لکڑی ہوتی
ہے جو چوکیدار و نکادار و غاؤس کو
تختہ پر تمام رات مارتا ہے تاکہ
چوکیدار لوگ بیدار رہیں۔
چوبین ف لکڑی کا۔ منسوب بچوب۔
چوپان ف گڈریا۔ بکریوں کا چرواہا
حیوانات کے چرانے والا۔
چوزہ ف مرغی کا بچہ۔

چوکی ف نگہبانی۔ اور مقام پاسبانوں کا
چوکیدار ف نگہبان۔ پاسبان۔
چوگان ف کھلی ایک ڈنڈا جو سرے
پر سے کج ہو وقت اور زمان
چون ف چو۔ مانند۔ اگر۔
چون وچرا ف کیوں اور کس واسطے
تکرار اور حجت۔
چونی ف تو کس طرح پر ہے۔
چہ ف کیا۔
چگونہ ف کس طرح۔
چہار ف چار۔ ۴۔ الد۔
چہار دانگ ف شمال۔ جنوب۔ مشرق
مغرب چہار جہت دنیا کی۔
چہار بالش ف اس کے معنے چار
ہیں اول تخت۔ دوم اربعہ عناصر
خاک۔ آب و ہوا آتش۔ سوم دنیا
و عالم چہارم جہات اربع یعنے
مشرق۔ مغرب۔ جنوب۔ شمال۔
چہاردہ ف چودہ۔ ۱۴۔ للعہ
چہاردہم ف چودھواں حصہ
(۱/۱۴)
چہارسو ف چار طرف شمال۔
جنوب۔ مشرق۔ مغرب۔
چہارشنبہ ف بدھ کا دن۔

چہارگانہ ف چار۔ اربع۔
چہارم ف چوتھا۔ (۱/۴)
چہار یار ف ابوبکرؓ۔ عمرؓ۔ عثمانؓ
علیؓ۔
چہار طاق ف ہندی میں اس کو
راوٹی کہتے ہیں ایک قسم کا خیمہ ہے۔
چہ بچہ ف کنوئیں کے اوپر ایک گڑھا
جو پانی خراب جمع ہونے کے واسطے
بنادیتے ہیں۔
چہرہ ف صورت۔ منہ۔
چہل ف چالیس (۴۰) للعہ
چہلم ف چالیسواں (۱/۴۰)۔ اور مردے
کا چالیسواں دن۔
چیچلہ۔ چچلہ ف کیچڑ کی زمین جہاں
رپٹتا ہو۔ اور پہاڑ کا ٹکڑا نرم جسپر
لڑکے پھسل کر کے کھیلا کرتے ہیں۔
پھسلنا پتھر وہ گوشت کا ٹکڑا جو عورت
کے مقام نہانی میں پیدا ہوجاتا ہے۔
چیچک ف سیتلا نام بیماری
مشہور کا ہے۔
چیدن ف چننا۔ چگنا۔
چیر ف غالب ہونا۔ دلاور ہونا۔
چیرہ دست ف دستکار۔ اچھا
کاریگر۔ زبردست۔

پچیرہ دستی ف زبردستی۔ اور غلبہ
چیز ف شے۔ کچھ۔
چیست ف کیا ہے۔
چیستاں ف اُس کی اصل
چیست آن ہے ہندی پہیلی۔
چین ف شکن۔ بل۔ نام ملک کا۔
چینہ ف پرندوں کو جو دانہ دیتے
ہیں اُس دانہ کو چینہ کہتے ہیں۔
چینہ داں ف پوٹہ جس میں جانور
دانہ جمع کرلیتا ہے۔
چینی ف چین کا کھانڈ۔ اور
شکر سفید۔

باب الحا

حاتم ع نام ایک سخی مشہور کا ہے۔
حاتم اصم ع مشہور ایک ولی کامل
گذرے ہیں۔
حاجب ع دربان پردہ کرنے والا
پردہ دار۔ چوبدار۔ ابرو۔
حاجت ف خواہش۔ ضرورت۔
حاجز ع مانع درمیان دو چیزوں
کے جو حائل ہو نام ایک منزل
کا راہ مکہ میں۔

حاجی } ع حج کرنیوالا۔ اور حاجی
حاج } کی جمع حاج بھی آتی ہے۔
حاجیہ ع حج کرنے والی عورت۔
حاد ع تیز۔ تنگ۔
حادثہ ع واقعہ۔ نو پیدا۔ مصیبت
حاذق ع زیرک۔ دانا۔ استاد۔
درمیان کام کے۔
حار ع گرم۔ اور گرمی کرنے والا۔
حارث ع شیر درندہ۔ زراعت
کرنے والا۔
حارس ع نگہبان۔ پاسبان۔
حارص ع حرص کرنیوالا۔ لالچی
حازم ع دانا۔ اور ہوشیار۔ دور
اندیش۔ پیش بین استوار۔
حاسد ع حسد کرنے والا۔
حاسر ع رکنے والا۔ جو بات کرتے
کرتے رک جائے۔
حاسہ ع حس کرنیوالا۔ جیسی قوت
سامعہ۔ باصرہ۔ لامسہ وغیرہ ہیں۔
حاشا ع دوری۔ پاکی۔ ہرگز۔
سوا۔
حاشیہ ع کنارہ۔ نوکر۔ خدمتگار۔
نشتر جوان۔
حاصد ع کھیتی کاٹنے والا۔

حاصر ع حصر کرنیوالا۔ روکنے والا۔
حاصل ع نتیجہ۔ مطلب۔
حاطہ ع دیوار۔ گھر۔ چاردیواری
حاضر ع موجود۔ سامنے ہونے والا۔
حاضری ع کھانا۔ موجودگی۔
حافد ع یار۔ دوست۔ خدمتگار۔
پوتہ۔ نواسا۔ داماد۔ سالا۔ سسرا
حافر ع سم گھوڑے کے کھودنے
والا۔ حوافر جمع۔
حافظ ع حفظ کرنے والا قرآن جسکو
یاد ہو۔ فارس کے لوگ حافظ مطرب
اور قوال کو کہتے ہیں۔
حافظہ ع قوت یاد رکھنے کی۔
حاق ع درمیان کسی چیز کا۔
بیچ۔ وسط۔
حاکم ع حکم کرنے والا۔ والی ملک کا۔
حاکی ع شکایت کرنے والا۔ بات
کرنے والا۔
حال ع موجود زمانہ۔ رقص اور
وجد۔
حالا ف ابھی۔ اسیوقت۔
حالب ع دودھ دُہنے والا۔ اور
ایک رگ ہے ران میں۔
حالات ع جمع حال کی۔

حالت ع حال واردات جو
انسان پر گذرے۔
حالی ع جلد۔ فی الحال۔ زیور
سے جو آراستہ ہو۔
حام ع نام ہے نوح کے بیٹے کا
جس سے حبشی پیدا ہوئے۔
حامد ع تعریف کرنے والا۔
حامض ع کھٹا۔
حامل ع بوجھ اُٹھانیوالا۔ اور نام
ایک ملک فرضی کا ہے۔
حامل وحی ع جبرائیل نام ہے
فرشتہ مقرب کا۔
حاملہ ع پیٹ والی عورت جس کے
پیٹ میں بچہ ہو۔
حامی ع حمایت کرنے والا۔ نگاہ
رکھنے والا۔
حانث ع قسم توڑنے والا۔ گنہگار۔
حانوت ع دوکان۔ ہٹی۔
حاوی ع گھیرنے والا۔ احاطہ
کرنے والا۔
حاویہ ع گھیرنے والی جو عورت
حاوی ہو۔
حائط ع دیوار۔ دیوال۔
حائک ع جولاہا۔ کپڑے بننے والا۔

حائل ع باز رکھنے والا۔ بیچ میں آنے
والا۔ درمیان دو چیز کے۔
حَب ع گولی۔ دانہ۔
حُب ع محبت۔ دوستی۔
حبابت ع جمع حبہ کی دانہا۔
گولیاں۔
حبارے ع تودری جانور مشہور ہے
حبال ع رسیاں۔ پھندے۔
جال۔ جمع حبال کی۔
حبالے ع پیٹ والی عورتیں۔
جمع حبلے کی۔
حبلے ع پیٹ والی عورت۔ حاملہ
حبالہ ع جال۔ پھندا۔ رسّی۔
حبذا ع بہت اچھا۔ خوب ہے۔
بہتر ہے۔
حبر ع دوات کی سیاہی۔ دانشمند
اور نیکوکار کو کہتے ہیں۔
حبس ع قید۔ بند۔
حبش ع حبشیوں کا ملک۔ ملک حبش
حباب ع بلبلہ پانی کا۔ سانپ۔
حبل ع رسّی۔ باگڈور اور ایک
رگ ہے گردن میں۔
حبوب ع جمع حب کی دانہا مثل
گندم۔ جو۔ چنا وغیرہ۔

حبل ع حمل عورت کا۔
حبور ع خوش کرنا۔
حبہ ع دانہ گولی۔
حبط ع ناچیز ہونا۔ معدوم ہونا۔
باطل ہونا۔ ثواب جاتا رہنا۔
حبیب ع دوست۔ یار۔ معشوق۔
حتیٰ ع یہانتک۔ یہاں تک کہ۔
حتم ع استوار کرنا کام کرنا۔ واجب
کرنا۔ اور حکم کرنا۔
حج ع زیارت کرنا مکہ کی موسم
مقررہ پر۔
حجاب ع پردہ۔
حُجاب ع پردہ داران۔ دربان
جمع حاجب کی۔
حجاج ع جمع حاج کی یعنے حج
کرنے والے لوگ۔
حجاز ع ملک عرب جس میں مکہ مدینہ
طائف اور وہ زمین جو درمیان نجد
اور غور کے واقع ہے شامل ہے
اور نام ایک مقام موسیقی کا ہے۔
حجام ع پچھنے لگانے والا۔ حجامت
کرنے والا۔ نائی۔
حجامت ع پچھنے لگانا۔
حجب ع پردے جمع حجاب کی۔

حجت ع دلیل - برہان - غلبہ -
حجر ع پتھر - سنگ جمع اس کی احجار آتی ہے -
حجرالاسود ع کالا پتھر - ایک پتھر ہے کعبہ میں اس کا چھونا باعث دور ہو جانے گناہ کا ہے -
حجرہ ع کوٹھری -
حجرات ع جمع حجرہ کی کوٹھریاں
حجل ع کبک - چکور مشہور پرند ہے -
حجلہ ع چھپر کھٹ دلہن کا -
حجم ع جسامت - جثہ -
حجی ع عقل اور کنارہ کسی چیز کا -
حُداء ع وہ گیت جو شتربان اونٹ کو ہانکتے وقت گاتے ہیں -
حد ع انتہا - کنارہ - فاصلہ - دو چیز کا - گنہگار کو سزا دینا اور مارنا تاکہ پھر گناہ نہ کرے - تعریف شے کی اس کی ذاتیات سے کرنا -
حداثت ع نیا پن - نوجوانی - شروع ہر چیز کا -
حداد ع لوہار - آہنگر -
حداد ع سیاہ کپڑے ماتم کے -
حدائق ع جمع حدیقہ کی باغہا -
حدب ع پشت کا باہر نکل آنا -
کبڑا پن - زمین بلند -
حدت ع تیزی -
حدث ع بےوضو ہونا -
حَدَث - امرد - لڑکا نوجوان -
حدس ع دانائی - اور دریافت کرنا - فراست -
حدقہ ع سیاہی آنکھ کی -
حدوث ع نیا پیدا ہونا - کسی چیز کا - نو پیدگی -
حدود ع جمع حد کی -
حدیث ع خبر اور بات نئی چیز اور فعل اور سخن رسول کا -
حدیقہ ع باغ کے گرداگرد دیوار یا احاطہ ہو -
حذاء ع برابر - مقابل -
حذاق ع دانا - زیرک - عقلمند
حذاقت ع زیرک ہونا - خوب دریافت کرنا -
حذر ع پرہیز کرنا - حذر - ڈرنیوالا ترساں -
حذف ف گرا دینا - ڈال دینا - ایک حرف کا کسی کلمہ سے -
حر ع گرمی - گرم ہونا - زمین پتھریلی -
حُر ع آزاد جو غلام نہ ہو برگزیدہ ہر شے میں کبوتر کا بچہ -
حراثت ع کھیتی کرنا - زراعت کرنا -
حرارت ع گرمی - آنچ -
حراست ع نگہبانی - محافظت چوکسائی -
حرام ع منع کرنا - اور سو کھنے والا - ناشائستہ ناجائز -
حرامی ع چور - دزد -
حرب ع لڑائی - جنگ -
حرباء ع گرگٹ -
حرب گاہ ف جنگ کا میدان - لڑائی کا میدان -
حربہ ع لڑائی کا ہتھیار -
حرث ع بونا - کھیتی کرنا - آگ جلانا - مال جمع کرنا - قرآن پڑھنا - لاغر کر دینا چوپایہ کا بسبب ہانکنے کے -
حرج ع تنگی اور سختی گناہ
حرز ع پناہ کی جگہ جائے استوار مجاز تعویذ
حرص ع لالچ - طمع -
حرف ع سخن طرف کنارہ تلوار کی دھار عیب -
حرف گیر ع نکتہ چین - عیب بیان کرنے والا -

حرفہ } ع پیشہ۔ کسب۔
حرفت }
حرق ع جلنا۔ اور حرق آگ
حرقت ع سوزش۔ جلن۔
حرکات ع جمع حرکت کی۔
حرکت ع جنبش۔ ہلنا۔
حرم ع احاطہ جو گرداگرد خانہ کعبہ کے ہے منکوحہ عورت باندی جو گھر میں ڈال لی جائے۔
حرمان ع محروم رہنا۔ کچھ نہ ملنا ناامیدی۔
حُرمت ع عزت۔ عزیز ہونا۔ حرام ہونا۔
حرم سرا ف زنانہ مکان۔ زنانخانہ
حرمل ف اسپند۔ حرمل۔
حرمین ع مکہ اور مدینہ دونوں کو حرمین کہتے ہیں۔
حروب ع جمع حرب کی۔ لڑائیاں۔
حروق ع بالن۔ ایندھن۔ لکڑیاں جلانے کے واسطے۔
حرون ع سرکش گھوڑا۔ بچھیرا سرکش
حرور ع گرمی۔ حرور گرم ہوا جو رات کو چلتی ہے۔ لو۔ گرمی آفتاب کی۔ آگ۔

حروف ع جمع حرف کی۔
حرہ ع آزاد عورت۔
حریت ع آزادگی۔ اور آزاد ہونا غلامی سے یعنی کسی کا غلام نہ ہونا
حریر ع ریشمی کپڑا۔
حریری ع ریشمی کپڑا بیچنے والا۔
حریرہ ع نام ایک قسم کے کھانے کا ہے۔ ترشی اور شیرینی ڈالکر پکاتے ہیں۔
حریص ع لالچی۔ حرص کرنے والا۔
حریف ع ہم پیشہ۔ ہمکار۔ شریک
حریق ع سوزش۔ جلا ہوا۔ آگ کی لپٹ۔
حری ع لائق۔ سزاوار۔ زیبا۔
حریم ع گھر کے چاروں طرف کی دیوار۔
حزب ع گروہ۔ آدمیوں کا۔
حزم ع استواری۔ ہشیاری۔
حزام ع تنگ ستور۔ دستبند لڑکے کا گہوارہ ہیں۔
حزن ع غم۔ اندوہ۔ رنج۔
حزین ع غمگین۔ رنجیدہ۔
حس ع معلوم کرنا اندازہ سے
حساب ع گنتی شمار علم حساب۔

حساس ع دریافت کرنے والا۔ حس کرنے والا۔
حسام ع تلوار۔ شمشیر۔ تیغ۔
حسب ع اندازہ اور شمار کسی چیز کا شرف بزرگی مال وجاہ اور دین کی۔
حسب ع کفایت۔ کافی۔ بس ہونا۔
حسد ع ڈاہ۔ کسی کی نعمت کا زوال چاہنا۔
حسرت ع ارمان۔ افسوس کسی چیز کے نہ ملنے کا۔
حس مشترک ع ایک قوت ہے جس میں تمام صورتیں محسوسات منقش ہوتی ہیں۔ گویا حواس خمسہ ظاہری مانند نہروں کے ہیں اور حس مشترک مثل ایک حوض کے ہے اس میں سب صورتیں جاکر ٹھہرتی ہیں۔
حُسن ع خوبصورتی۔ خوش شکل۔
حسن ع نیک۔ خوبصورت۔ اچھا۔
حسینے ع بہت خوبصورت عورت۔
حُسنات ع نیکیاں جمع حسنہ کی۔
حسنہ ع نیکی۔ بھلائی۔
حسود ع بہت حسد کرنے والا۔ بدخواہ۔

حسی ع وہ جو حس سے علاقہ رکھے جو محسوس ہو سکے۔
حسیب ع شمار۔ حساب۔
حسین ع خوبصورت۔ خوش شکل۔
حشر ع اُٹھانا۔ مجازاً قیامت۔
حشرات } جمع حشرہ کی ہے
حشرات الارض } ع وہ جانور موذی جو زمین میں سوراخ کر کے رہتے ہیں اسواسطے اُن کو حشرات الارض کہتے ہیں۔
حشم ع نوکر۔ چاکر۔ بھیڑ نوکروں کی۔
حِشمت ع دبدبہ۔ بزرگی فتحہ پڑھنا حا کا غلط ہے۔
حشو ع بھرنا اور روئی یا اُون جو تکیہ لحاف وغیرہ میں بھری جاوے۔
حشیش ع سوکھی گھاس اِسکی جمع حشائش ہے۔
حشاشہ ع باقی جان تھوڑی سی جان زخمی یا جو بیمار میں باقی ہو۔
حصاء جمع ہے حصات کی سنگریزہ ٹھیکریاں۔
حصات ع ٹھیکری۔ سنگریزہ۔
حِصاد / حصد } ع کھیتی کاٹنا۔ زراعت کاٹنا
حصاد ع کھیتی کاٹنے والا۔

حصار ع قلعہ۔ گڑھی۔
حصان ع گھوڑا نر اور بہتر اور خوب گھوڑا جس کی نسل رکھنے کے لائق ہو۔ گود کرنا احاطہ کرنا کسی چیز کا۔
حصانت ع استواری۔ حصانت
حصانت ع پرہیزگاری۔
حصر ع گھیرنا۔
حصص ع جمع حصہ کی۔
حصن ع جائے پناہ۔ قلعہ۔
حصول ع حاصل ہونا۔ پیدا ہونا
حصون ع قلعے۔ گڑھیاں۔
حصہ ع ٹکڑا جزو حصیر ع بوریا۔ چٹائی
حصین ع محکم۔ استوار۔ مضبوط
حضار ع جمع حاضر کی۔ حاضرین مجلس۔
حضر ع اقامت۔ شہر میں رہنا۔ خانہ باشی۔
حضرت ع نزدیکی۔ حضور۔ درگاہ
حضرات ع جمع حضرت کی۔ مراد بزرگ لوگ۔
حضور ع حاضر ہونا۔ سامنے ہونا۔
حضیض ع پستی نشیب۔
حطب ع لکڑی۔ چوب۔

حظ ع نصیب بہرہ۔ خوشی خورمی فائدہ
حظوظ ع جمع حظ کی۔
حظ ع بہرہ مند۔ اور صاحب دولت ہونا۔
حفاظت ع نگہبانی۔ پاسبانی۔
حق ع راست۔ درست۔ سزاوار واجب لائق ایک نام خدا تعالیٰ کا۔
حقا ع درست ہے سچ ہے۔ قسم خدا کی۔
حقارت ع نفرت کرنا۔ حقیر سمجھنا۔ ذلیل سمجھنا۔
حقانی ع خدائی وہ شخص جو خدا کی محبت میں ہے۔
حقانیت ع خدا کا ذکر۔ خداپن سچائی۔ درستی۔
حقائق ع جمع حقیقت کی۔
حق پرست ف سچا آدمی جو تابع حق کے ہو۔
حقدار ع جس کا حق ہو۔ وارث حصہ والا۔
حقد ع دشمنی۔ کینہ۔ بغض۔
حقنہ ع پتلی دوا کی جو پچھاڑی کی جگہ میں واسطے دفع بیماریوں کے کی جاتی ہے۔

حقوق ع جمع حق کی

حقہ ع ڈبہ جس میں جواہر [illegible]

حقہ باز ع بازی گر [illegible] بھان متی -

حقیت ع حق - حقداری -

حقیر ع ذلیل - نیچ -

حقیقت ع اصل - ماہیت کسی شے کی - ذات -

حفد ع خدمت شتاب کرنا -

حفر ع زمین کا کھودنا -

حفرة ع گڑھا - زمین کھودی ہوئی -

حفظ ع یاد - یاد رکھنا -

حفیظ ع نگہبان - محافظ -

حکم ع جمع حکمت کی -

حکم ع فرمان - پروانہ - فرمانا -

حکماء ع جمع حکیم کی -

حکمت ع دانائی - عقلمندی -

حکمران ع حاکم - بادشاہ - فرمان روا -

حکمت الٰہی ع وہ علم جس میں بیان الہیات کا ہو -

حکومت ع حکومت کرنا - فرماں روائی -

حکمنامہ ع پروانہ - حکمنامہ -

کھجلی - خارش -

حکیم ع دانا سب علوم کا جاننے والا -

حل ع کھولنا - مشکل چیز کو آسان کر دینا -

حل ع روا ہونا - حرام سے باہر نکلنا - حلال ہو جانا -

حلاج ع دھنیا - روئی دھنکنے والا

حلاحل ع سردار - مہتر - چوہدری -

حلال ع روا - جائز - درست - موافق شرع -

حلالخور ف خاکروب - چوہڑا -

حلاوت ع شیرینی - مٹھائی -

حلبی ع حلب کا اکثر آئینہ مشہور ہوتا ہے -

حلبہ ع میتھی ایک قسم کی ترکاری مشہور ہے -

حلت ع حلال ہونا - کشادگی - مباح ہونا -

حقیقی ع اصلی جو بناوٹ کا نہ ہو -

حک ع چھیلنا - دور کرنا - کھرچنا کسی کو دوسری چیز سے -

حکاک ع مہرکن - نگینہ ساز - حک کرنے والا -

حکام ع جمع حاکم کی -

حکایت ع بات - کہانی -

حلقہ ع گھیرا - احاطہ - مجلس -

حلقہ بگوش ف غلام - فرمانبردار -

حلول ع ایک چیز میں دوسری چیز کا گھس جانا ایسی طرح پر کہ تمیز نہ ہو سکے -

حلم ع کسی کو سزا دینے میں آہستگی کرنا - بردباری کرنا -

حلمہ ع پستان کا سر - بھٹنی -

حلو ع شیریں - میٹھا -

حلوا ع میٹھی چیز و شیریں شے -

حلوان ع بجری کا بچہ - اصل اس کی حلان ہے -

حلوا بیدود ف میوے شیریں جو آفتاب کی گرمی سے پکتے ہیں - اور دھواں آگ کا اُس کو نہیں پہنچا - اس لئے یہ نام اس کا پڑ گیا -

حلہ ع جامہ - جبہ - پوشاک -

حلوائی ع شیرینی بیچنے والا -

حلی ع زیور - چاندی یا سونے کا جمع حلیہ کی -

حلیم ع بردبار غصہ سہنے والا اور نام ایک قسم کے کھانے کا -

حلیہ ع زیور - صورت - پیدائش [illegible]

حلیلہ ع عورت منکوحہ - بیوی - جورو -
حم ع سسرا سالا وغیرہ - سسرال کا رشتہ وار -
حلتیت ع ہینگ - انگوزہ -
حلف ع قسم کھانا - سوگند -
حلق ع گلو گلا - مونڈنا - بالونکا -
حماقت ع بے عقلی - بے وقوفی -
حمّال ع بوجھ اُٹھانیوالا -
حمام ع نہانیکی جگہ -
حمام زنان ع وہ جگہ جہاں پرشور اور غل ہو -
حمام ع کبوتر - فاختہ - قمری وغیرہ -
حمایت ع طرفداری - بچاؤ - نگہبانی -
حمائد ع جمع حمید کی - خوبیاں - اچھی خصلتیں -
حمائل ع تلوار اور وہ شے جو بغل میں لٹکاتے ہیں اور قرآن شریف -
حمد ع تعریف -
حمر ع جمع حمار کی - گدھے - خر بہت سے -
حمرت ع سرخی - لالی -
حمص حمّص ع نخود - چنا غلط مشہور ہے

حمض ع گھاس جو تلخ اور شور مزہ کا ہو -
حمق ع بیوقوفی - احمق پن -
حمقا ع جمع احمق کی - بیوقوف آدمی -
حمل ع بوجھ - شکم میں عورت کے جو بچہ ہو -
حملہ ع ہلہ کرنا - دھاوا -
حموضہ ع ترشی - کھٹائی -
حمول ع پرچہ دوا کا لتھڑا ہوا جو دبر یا فرج میں رکھتے ہیں - بتی دوا کی -
حمیت ع پرہیز کرنا - حفاظت - بچ -
حمار ع گدھا - خر -
حمامہ ع مادہ کبوتر - کبوتری -
حمی ع تپ - بخار -
حمیم ع دوست رشتہ وار - بخار والا گرم
حنانہ ع نوحہ کرنے والی عورت -
حنا ع مہندی جو ہاتھوں میں عورتیں لگاتی ہیں -
حنجرہ ع نرخرہ گلے کا نل -
حنطہ ع گیہوں - گندم -
حنظل ع اندرائن کا پھل - تُمّا -

حنک ع تالو - کام -
حوا ع نام اول عورت کا جو حضرت آدم کی بیوی تھی -
حواجب ع جمع حاجب کی ابرو - بھون - دربان -
حوادث ع جمع حادثہ کی مصیبتیں تکلیفات - گردشات زمانہ -
حواری ع دھوبی اور سفید جوڑے والا - اصحاب حضرت عیسےٰ ع -
حواس ع جمع حاسہ کی جو دس ہیں پانچ ظاہری - پانچ باطنی -
حواس خمسہ ظاہری ع پانچ حس ظاہر کے یعنے ذائقہ - باصرہ شامہ - لامسہ - سامعہ -
حواس باطنی ع پانچ حس باطنی - حس مشترک - خیال متصرفہ واہمہ - حافظہ -
حواشی ع جمع حاشیہ کی کنارے اور نوکر چاکر -
حواصل ع جمع حوصلہ کی اور نام ایک جانور آبی کا ہے -
حمید ع خوبی تعریف کی ہوئی شے -
حوالات ع قید - نظر بندی کے سپردگی میں قید رکھنا -

حوالہ۔ حوالت ف سپرد کرنا۔ دوسرے کو کوئی چیز دینا۔
حوالی شہر ع شہر کا نواح یعنے شہر کے گرداگرد کی زمین۔
حوت ع مچھلی۔ اور نام بارھویں برج کا۔
حوائج ع جمع حاجت کی ۔ حاجتیں۔
حورا ع وہ عورت جو سفید رنگ کی اور آنکھ اور بال اُس کے نہایت سیاہ ہوں۔
حور ع جمع حورا کی سفید رنگ اور سیاہ آنکھ اور کالے بال والیاں۔
حوزہ ع ناحیہ۔ درمیان مملکت کا۔
حوالی ع گرداگرد کسی چیز کا۔
حوصلہ ع پوٹا معدہ۔ پرند جانور کا جو حلق کے نیچے ہوتا ہے جس میں دانہ جمع کر لیتا ہے اور مجازی معنے مقدور۔ ہمت۔
حوض ع چوبچہ پانی کا۔ وہ جگہ جہاں پر پانی ہمیشہ رہا کرے۔
حول ع بازگشت۔ قوت۔ توانائی۔ سال۔ برس۔
حویلی ع اصل میں حوالی تھا۔ یہ فارسی ہے

کا تصرف ہے وہ مکان جس کے چار طرف دیوار ہو۔
حی ع زندہ۔ جیتا ہؤا۔ قوم اور نام خدائے تعالےٰ کا۔
حیاء ع شرم۔ اور باران۔
حیوانی ع حیوان کا۔ جاندار کا۔
حوافر ع جمع حافر کی۔ گھوڑے یا گدھے کا سم۔
حیات ع زندگی۔ جانداری
حیثیت ع وضع۔ اسلوب۔ طور۔ طریق۔
حیدر ع شیر درندہ۔ اور لقب حضرت علی کرم اللہ وجہہ کا ہے۔
حیرہ ف گُدّی۔ گردن کی پیٹھ۔ پشت۔ گردن۔
حیران ع بھوچکا۔ ہکّا بکّا۔
حیرت ع بسبب تعجب کے ایک ہی حال پر رہ جانا۔ بھوچکا پن۔
حیز ع جگہ مکان اصطلاحی معنے یہ ہیں کہ سطح باطنی جسم حاوی کے مماس ہو سطح ظاہری جسم

محوی کو۔
حیز ف مخنث۔ نامرد۔
حیص بیص ع لڑائی وغوغا حیص کے معنے ہیں بیراہ ہونا۔ بیص۔ سختی اور تنگی۔
حیض ع خون معتاد جو عورتوں کو ہر مہینے آیا کرتا ہے۔
حیط ع احاطہ۔ چاردیواری۔
حیف ع افسوس۔ ستم۔ ظلم۔
حیل ع جمع حیلہ کی۔
حیلہ ع فریب۔ بہانہ۔
حین ع وقت۔ ہنگام۔ روز قیامت۔
حیوان ع زندہ۔ جانور۔ جاندار۔
حیوانات ع جمع حیوان کی۔
حین ع موت۔ مرگ۔ ہلاکت
حیّہ ع سانپ۔ مار۔

باب الخا

خایہ ع بچہ۔ وہ کھونٹی جو لکڑی میں ٹھوک کر لکڑی کو چیرتے ہیں۔

خاتم ع ختم کرنے والا۔

خاتم ع انگشتری۔ انگوٹھی۔ مہر۔ خواتم جمع۔

خاتمہ ع انجام۔ آخری۔ کتاب کا آخری حصّہ۔

خاتون ع بی بی۔ بیگم۔ گھر کی مالک۔

خاتون فلک۔ خوان یغما ف سورج۔

خاتون عرب ف کعبہ۔

خادع ع فریب دینے والا۔ فریبی۔ مکار

خادم ع خدمت کرنے والا۔ نوکر۔

خار ف کانٹا۔ سول۔

خار۔ خارہ ف سخت۔ پتھر۔ سنگ سخت۔

خار پشت ف سیہ۔ ساہی جانور مشہور ہے۔

خارج ف باہر۔ الگ۔ نکلا ہوا۔

خارش۔ خارشت ف کھجلی۔

خارق ع پھاڑنے والا۔ خلاف عادت۔

خارق عادت ف معجزہ انبیاء کے اور کرامتیں اولیا کی۔

خاریدن ف کھجلانا۔ خارش کرنا۔

خازن ع جمع کرنیوالا۔ خزانچی۔

خازنہ ع سالی۔ جورو کی بہن۔

خاستن ف اٹھنا۔ کھڑا ہونا چاہنا۔

خاسر ع زیانکار۔ نقصان اٹھانیوالا جس کو نقصان ہوا ہو۔

خاشاک ف کوڑا کرکٹ۔

خاشع ع عاجزی اور فروتنی کرنے والا۔

خاشی ع ڈرپوک۔ ڈرنے والا۔

خاص ع مخصوص۔ نج۔ ذاتی۔

خاصدان ع پان رکھنے کا برتن۔

خاصان ع خاص لوگ۔ مخصوص لوگ۔

خاصہ ع جو خاص ہو کسی شئے کو خاصیت مجازاً کھانا امیروں کا۔

خاصرہ ع کمر۔ تہیگاہ۔

خاصیت ع طبیعت۔ اثر۔

خاضع ع عاجزی اور فروتنی کرنیوالا۔

خاطر ف جو دل میں گذرے۔ دھیان دل۔

خاطر جمع ف دل کی تسلی۔

خاطر نشان ف اس کے معنے خاطر نشین ہیں جو دل میں بیٹھ سکے۔ یقین ہو سکے۔

خافق ع دھڑکنے والا۔ جن کا سر ہلتا رہے جیسے نیزہ یا درخت۔

خافقین ع مشرق۔ مغرب۔ پورب۔ پچھم۔

خاقان ف بادشاہ۔ اول میں بادشاہ چین کا خطاب تھا۔ اب ہر بادشاہ کو کہتے ہیں۔

خاک ف مٹی۔ راکھ۔

خاک بیز ف نیاریہ۔ یعنی وہ شخص جو بطمع زر راکھ کو دھوتا ہے اور اپنے مطلب کے واسطے بڑی مشکل کام کرتا ہے باریک بین۔

خاکتودہ ف مٹی کا تودہ بناتے ہیں جس میں تیر لگا کے مشق کرتے ہیں۔

خاکدان ف دنیا۔ عالم۔ کوڑی

خاکزو ف خاکی۔ دنیاوی خاک کا بنا ہوا۔

خاکسار ف غریب مانند خاک کے۔

خاکستر ف خاک۔ راکھ۔
خاکروب ف خاکروب۔ چوہڑہ۔
خاکہ ف ڈھانچ۔ مسودہ تصویر کا۔
خاکی ف خاک کا۔
خاگ ف انڈا بیضہ مرغی کا۔
خاگینہ خایہ ریز ف۔ انڈوں کا سالن مشہور کھانا ہے۔
خال ف تل سیاہ نقطہ جو بدن پر ہوتا ہے۔ کالا ونٹ۔
خال ف ماموں۔ ماں کا بھائی۔
خالد ع ہمیشہ رہنے والا۔
خالص ع جو کسی شے دوسری سے ملا ہوا نہ ہو
خالصہ ع خاصہ اور جو کسی سے ملا ہوا نہ ہو۔ اصطلاحی معنے مالک زمین بادشاہی جو کسی کی جاگیر نہ ہو۔ سرکار کی۔
خالق ع پیدا کرنے والا۔
خالو ف ماں کی بہن کا خصم۔ ماسٹر
خالہ ع ماں کی بہن۔ ماسی۔
خام ف کچا۔ خالص۔ منزا بیقرار
خام ریش ف بیعقل۔ مسخرہ۔
خامش ف چپ۔
خامل ع گمنام۔ کمینہ۔
خاموش ف چپ چپکا ہوا۔

خاموشیدن ف چپکا ہونا۔
خامہ ف قلم۔ نیزہ۔ لکھنے کا۔
خائیدن ف چبانا کچا پن پیچ پن
خان ف سابق میں یہ لقب بادشاہان ترکستان کا تھا۔ اب رئیس اور امیر کو کہتے ہیں۔ اور سرائے۔
خانخانان ف مالک سرائے داروغہ سرائے۔
خاندان ف گھرانہ۔
خانساماں ع مالک سامان کھانے وغیرہ کا داروغہ۔
خانقاہ ف فقیروں اور درویشوں کے رہنے کی جگہ۔
خانمان ف خان مخفف خانہ کا۔ اور خان اسباب یعنی گھر کا اسباب۔
خانوادہ ف خاندان۔
خانہ ف گھر۔
خانہ بدوش ف مسافر۔ پریشان بے ٹھکانہ آدمی جس جگہ چاہے رہ پڑے۔
خانہ زاد ف جو گھر کا پیدا ہوا ہو۔
خاور ف مشرق۔
خاوند ف مالک صاحب خانہ۔
خانہ جنگی ف لڑائی۔ فساد۔ دنگہ۔

خاوری ع خالی جس میں کچھ نہ ہو
خائب ع ناامید۔ محروم۔
خائض ع غور کرنے والا۔ بڑا فکر کرنے والا۔
خائف ع ڈرپوک۔ ترساں۔ ڈرنے والا۔
خائن ع امانت میں خیانت کرنے والا۔
خایہ ف بیضہ مرغ کا۔ انڈا آدمی کا اور حیوان کا۔
خائیدن ف چبانا۔
خبث ع پلیدی۔ نائل۔ ناخوش ہونا۔ برائی۔
خبر ع سندیسا۔ کسی کی بات۔
خبرت ع امتحان۔ آزمائش جاننا
خباز ع روٹی پکانے والا۔
خبایا ع جمع خبیہ کی۔ پوشیدگیاں
خبردار ف واقف۔ جاننے والا۔
خبرگیر ف چوکیدار۔ خبر لینے والا۔
خبزہ ع روٹی۔
خبط ع جنون کا لاجانا عقل میں جنون ہونا۔
خبیث ع پلید۔ ناپاک۔ ناخوش۔
خبیر ع واقف۔ جاننے والا۔ دانا۔

ختم ع پورا کرنا۔ تمام کرنا۔ مُہر کرنا۔
ختام ع ڈاٹ موم یا لاکھ کی لگا کر مُہر کرنا۔
ختن ع داماد۔
ختنہ ع سنت کرنا۔
خجالت ع شرمندگی۔ حیا۔
خجستہ ف مبارک۔ ہمایوں۔
خجل ع شرمندہ۔
خجلت ع شرمندہ ہونا۔ شرمندگی
خد ع چہرہ۔ رخسارہ۔ گال۔
خدا ف مالک۔ صاحب۔ خود آئندہ۔
خداع ف فریب دینا۔
خدام ع جمع خادم کی نوکر لوگ۔
خداوند ف صاحب۔ مالک۔
خدائی ف صاحبی۔ خدا ہونا۔
خدایا ف اے خدا۔ یا خدا۔
خدایع ع جمع خدیعت کی مکر اور فریب۔
خدائیگان ع بادشاہ۔ خداوند۔
خدر ع سُن ہو جانا۔ پٹھوں کا سست ہو جانا۔ خدر پردہ۔
خدشہ ع شک۔ شبہ۔ خراش خلش۔
خدع ع فریب دینا۔ دغا کرنا۔

خدم ع نوکر۔ چاکر لوگ جمع خادم کی ہے۔
خدمت ع چاکری کرنا۔ کام کرنا۔ کام۔
خدنگ ف تیر نام ایک درخت کا ہے جس کے تیر بنتے ہیں۔
خدیعت ع نصیحت۔ فریب۔
خدیو ف خداوند۔
خر ع گدھا۔ کھوتا۔ کلاں۔ بڑا۔
خر ع بیٹ جانور کی۔
خراب ع ویران کرنا۔ ویران ضائع۔ مست فقیر۔ ویرانہ۔
خرابات ع شراب خانہ۔ قمار خانہ۔
خرابہ ع ویرانہ اجڑا ہوا مکان۔
خراج ع محصول زمین کا۔
خراد ف اصل اس کی خراط ہے فارسیوں نے خراد کر لیا ہے۔
خرادی ف خراط کرنے والا کاریگر۔
خراس ف آٹا پیسنے کی چکی جسکو بیل گھما کر آٹا پیستے ہیں۔
خراش ف چھیلنا
خراشیدن ف چھیلنا۔
خراط ع لکڑی کو چرخ پر چڑھا کر جو شخص صاف کرتا ہے۔
خراطت ع چرخ پر لکڑی چڑھا کر صاف کرنا۔
خراطیم ع جمع ہے خرطوم کی ہاتھی کی سونڈ۔
خرافات ع بیہودہ باتیں۔ جمع ہے خرافت کی۔
خرافت ع کلام بیہودہ اور نام ایک شخص کا جو عرب میں بڑا جھوٹا گذرا ہے۔
خرام ع نرم رفتار۔ ناز کی چال۔ مٹک چال۔
خرامان ف مٹک چال چلنے والا ناز کی چال چلتا ہوا۔
خرامیدن ف ناز سے چلنا۔ اکڑا کر چلنا۔ مٹک کر چلنا۔
خربوزہ ف مشہور ترکاری ہے معنے اس لفظ کے بڑا میوہ ہے۔
خرج ع باہر نکلنا۔ خارج ہونا۔
خرچنگ ف کیکڑا۔ مشہور جانور آبی ہے۔
خرچہ ف لاگت۔ صرف۔ خرچ۔
خرچی ف قیمت جماع کی صحبت کا مول۔

خرچین ف کاٹھی کا تھیلا۔ چار
جامہ کا تھیلا۔
خرخشہ ف بیموقع لڑائی کرنی۔
جھگڑا کرنا۔ خلجان۔
خُرد ف چھوٹا۔ ریزہ۔
خِرد ف عقل۔ دانائی۔
خردمند ف عقلمند۔ دانا آدمی۔
خرداد ف اساڑھ کا مہینا۔ اور
چھٹا دن ہر ماہ شمسی کا۔
خردل ع رائی مشہور غلہ ہے۔
خردہ بینی ف عیب نکالنا۔ بُرائی
نکالنا۔ باریکی دیکھنا۔
خرز ع موزہ کا سینا۔ درز منک یا
موزہ کا سینا۔
خرزہرف کنیر کا درخت مشہور
ہے دو قسم کا ہوتا ہے۔
خرس ع ریچھ۔ بھالو مشہور
درندہ ہے۔
خرسند ف خوش۔
خرسنگ ف بڑا پتھر کیونکہ خر کے
معنے کلاں اور سنگ کے معنے پتھر۔
خرسندی ف خوشی۔
خورشید ف آفتاب۔
روشن۔

خرطوم ع ہاتھی کی سونڈ اور تھوڑی کی ناک
خرف ع کم عقل آدمی۔ بیہودہ بو۔
خرق ع پھاڑنا۔
خرق عادت ع کرامت معجزہ
جو خلاف عادت ہو۔
خرقہ ع پُرانا جامہ۔ چیتھڑا۔
فقیروں کا لباس۔
خرک ف چھوٹا گدھا۔ انگور خام۔
خرکس ف احمق آدمی۔ بیوقوف۔
خرگاہ ف خوشی کی جگہ۔ خیمہ
بڑا خیمہ۔
خرگوش ف سہیا۔
خرم ف خوش۔ شاد۔
خرما ف چھوہارہ مشہور ہے۔
خرمست ف گمراہ جو بے وقوفی
سے کہنا نہ مانے۔
خرمن ف کھلیان۔ تودہ غلہ کا
جس سے اب تک بھوس الگ
نہ کیا ہو۔
خرمہرہ ف کوڑی۔ جو ہندوستان
میں بطور زر کے رائج ہے۔
خرمی ف خوشی۔
خروار ف تودہ۔ بوجھ جس کو
خر اٹھا سکے۔

خروج ع باہر نکلنا۔ باغی۔ کسی
حکم سے منحرف ہونا۔
خروش ع مرغ گھر کا پلا ہوا۔
خروش ف غل۔ شور۔
خروف ع بکری کا بچہ۔ برہ۔
خریدار ف خرید کرنے والا۔
خریدن ف مول لینا۔
خریدہ ف لڑکی نابالغ۔ عورت
شرمگین دُر ناسُفتہ۔
خریطہ ع تھیلی۔ لفافہ امیروں
کے خط کا۔
خریف ع موسم خریف جس میں جوار
مکی وغیرہ ہوتی ہے یعنے ساونی۔
خز ع ریشمی کپڑا۔ جامہ ریشمی۔
خزاں ع پت جھڑ باد جس کے چلنے
سے پتے درختوں کے جھڑ جاتے ہیں۔
خزانچی ف خزانہ رکھنے والا۔
فوطہ دار۔ روکڑیہ۔
خزانہ ع گودام نقد کا۔ جہاں پر نقد
روپیہ رہتا ہے۔
خزائن ع جمع خزانہ کی۔
خزعبل / خزعبیل ع بیہودہ بات جس سے ہنسی آوے۔
خزف ع ٹھیکری۔ سفال۔

خزیدن ف گھسنا۔ چھپنا۔
خزینہ ع خزانہ گدام و کوٹڑ کا جہاں روپیہ ہو۔
خس ف کوڑا تنکے۔ گھاس۔ آدمی بخیل۔
خسارت ع نقصان۔ زیان۔
خساست ع نالائقی۔ زبون ہونا۔ بخل۔ کنجوسی۔
خساندن ف بھگانا۔ نرم کرنا۔ داڑھی دانتوں میں دبانا۔
خسایندن ف داڑھی کا دانتوں میں دبانا۔
خسپیدن ف سونا۔ نیند کرنا۔
خستہ ف گھائل۔ زخمی۔ گٹھلی خرما آلوچہ وغیرہ کی۔
خستگی ف زخمی پن۔ دلگیری رنج کی برداشت۔
خستن ف زخمی ہونا۔ اور زخمی کرنا۔
خستو ف دانہ میوے کا۔
خستوانہ ف فقیروں کا خرقہ جو کئی طرح کے ٹکڑوں سے بنا ہو۔
خسر ف سسرا جورو کا باپ۔
خسران ع ٹوٹا۔ نقصان۔

خسر پورہ ف سالا۔
خسرو ع بادشاہ عادل ہر ایک بادشاہ صاحب شوکت اور نام ایک بادشاہ کا۔
خسروانہ ف بادشاہانہ۔ شاہانہ۔
خسف ع زمین میں دھنس جانا اور چاند کا گہنانا۔
خسوف ع زمین میں دھس جانا۔
خسپیدن ف چبانا۔ دانتوں سے چبا کر نرم کرنا۔
خسر ع جو شخص نقصان اٹھاوے۔
خسیس ع بخیل۔ زبون۔ نالائق
خش ف ساس۔ خوشدامن۔ اور تیز دوڑنا۔
خشب ع لکڑی۔ چوب۔ بالن۔
خشت ف اینٹ اور نیز چھوٹا سا
خشخاس ف مشہور دانہ ہے جو افیم کے ڈوڈوں سے نکلتا ہے۔
خشک ف سوکھا ہوا۔
خشکار ف بدوں چھنا ہوا آٹا۔ اور خاگینہ۔
خشکہ ف چاول ابلے ہوئے۔
خشکی ف سوکھا پن۔ نرمی نہ ہونا۔
خشم ع غصہ۔ خفگی۔

خشمگین ف غصہ کا بھرا ہوا جو شخص غصہ میں ہو۔
خشمناک ف غصہ کا بھرا ہوا۔ غصہ ور۔
خشن ع سخت۔ خشنود ف خوش مسرور
خشنودی ف خوشی۔
خشو ف ساس۔ خوشدامن۔
خشوع ع عاجزی۔ فروتنی۔ گڑگڑانا۔ خوف۔
خشونت ع سختی۔ کھردراپن درشتی۔
خشی ع خوف۔
خشیج ف عنصر۔ ضد۔ مخالف۔
خصاف ع موچی۔ چمار۔
خصائل ع جمع خصلت کی۔ خو۔ عادات۔
خصائص ع جمع خصیصہ کی۔ سبھاؤ۔ خاصیت۔
خصلت ع خو۔ عادت۔ سبھاؤ
خصم ع دشمن۔ مالک۔ اور صاحب جھگڑا کرنے والا۔
خصمی ع دشمنی۔ مالکیت۔
خصوص ع خاص ہونا۔ خصوصیت
خصوصیت ع خاص ہونا۔
خصوصیات ع جمع ہے خصوصیت کی۔

خصوم ع جھگڑالو۔ دشمن۔
خصوم ع دشمنی کرنا۔ جھگڑا کرنا۔
خصومات ع جمع خصومت کی۔
خصی ع جس جانور کے خصیئے نکال ڈالیں۔ نامرد
خصیہ ع بیضہ۔ انڈا۔
خصیتان ع دو آنڈا۔ دو بیضہ۔
خصیم ع خصومت کرنے والا۔ دشمن۔
خضاب ع رنگ اور مجازاً وسمہ اور حنا کا رنگ۔
خضب ع رنگ کرنا۔ رنگنا۔
خضر ع نام ہے ایک پیغمبر کا یا ایک ولی کا جو گمراہوں کو راہ بتلاتا ہے۔
خضر ع شاخ سبز۔ ہری ٹہنی۔
خضرت ع سبزی۔ ہریالی۔ نباتات کی اور انسان میں گندم گونی۔
خضریات ع ترکاریاں۔ سبزیاں۔
خضوع ع عاجزی کرنا۔ گڑگڑانا۔
خضیب ع رنگین۔ رنگا ہوا۔
خضراء سبز۔ ہرا تازہ۔
خطاب ع نام سچ یا لقب یا سچ۔
خط استوا ع وہ خط جو بیچوں بیچ زمین کے فرض کیا گیا ہے۔

خطایا ع جمع خطیہ کی گناہ اور خطائیں۔
خُطب ع جمع خطبہ کی دیباچہ کتاب کے اور وہ کلام کہ جس سے خطاب کریں اور حمد ثنا اُس میں ہوں۔
خطب ع کام۔ دشوار۔ حادثہ۔
خطابہ ع خطبہ پڑھنا۔ خطبہ خوانی۔
خطبہ ع منگنی۔ نکاح کرنے کی خواہش کسی عورت سے کرنا۔
خطر ع قدر اور جاہ و عظمت اور بزرگی اور آفت دشواری۔
خطرہ ع جو دل میں اندیشہ آوے آفت۔
خط ع لکیر جس میں صرف طول ہو عرض اور عمق نہ ہو۔
خطوات ع جمع ہے خطوہ کی قدم اور فاصلہ اور درمیان دونوں پیروں کے جو وقت رفتار کے واقع ہو۔
خطوہ ع قدم۔ ڈگ۔
خطہ ع شہر کلان۔ زمین محدود گھرا ہوا قطعہ زمین کا۔
خطیب ع خطبہ پڑھنے والا۔ لوگوں کو مخاطب کرکے بولنے والا۔
خطیر ع بزرگ۔ بڑا۔ کلاں۔

خف ع موزہ۔
خفاء ناراض۔ غصے والا۔
خفاء ع پوشیدگی۔ پنہانی۔
خفاجہ ف ایک گروہ ہے۔ عرب میں جو راہزن اور چور ہیں۔
خفاش ع چمگدڑ۔ شپر۔
خفایا ع جمع ہے خفیہ کی پوشیدگیاں
خفت ع سبکی۔ ہلکاپن۔
خفتان ف ایک قسم کا جامہ ہے۔ کرتے کی مانند ہوتا ہے جو لڑائی کے روز پہنتے ہیں۔ اور یوں بھی اور لوگ پہنتے ہیں۔
خفتن ف سونا۔ نیند کرنا۔
خفر ع شرم اور شرمگین ہونا۔
خفیر ع بدرقہ۔ نگہبان۔ اور سپاہی گارد کا۔
خفقان ع دل کا دھڑکنا دھڑکنا دل کا۔
خفگی ف ناراضگی۔ خفا ہونا۔
خفہ ف ناراض۔
خفی ع پوشیدہ۔ چھپا ہوا۔
خفیات ع جمع خفیہ کی۔ پوشیدگیاں
خفیدن ف خفا ہونا۔ چھینک لینا
خفیف ف ہلکا۔

خفیہ ع پنہائی۔ پوشیدگی۔ چھپا ہوا۔
خَل ع سرکہ۔
خِلّ ع دوست۔
خلاء ع پائخانہ۔ اور خالی۔ ہونی ہے
خلاب ع کیچڑ۔ راہ میں جو کیچڑ
خلاص ع چھٹکارا۔ مخلصی۔
خلاصہ ع اصل۔ پاک۔ صاف۔
خلاف ع درخت بید کا۔ برعکس مخالف۔
خلافت ع جائے نشین۔ کسی جگہ پر بیٹھنا۔
خلّاق ع بہت پیدا کرنے والا۔
خلال ع درمیان۔ فاصلہ درمیان دو چیز کے دانت کریدنے کا تنکا۔
خلالہ ع ایک تنکا دانت کریدنے کا۔
خُلّان ع دوستان۔ یاران۔ جمع ہے خلیل کی۔
خلانیدن ف چبھانا۔
خلائف ف جمع ہے خلیفہ کی۔
خلائق ع جمع ہے خلق کی۔
خلت ع دوستی۔ محبت۔
خلج ع باہر کھینچنا۔
خلجان ع چبھنا۔ تردد اور تفکر اور وسواس۔ بھوں سے واشارہ کرنا۔

خلخال ع پازیب۔ گوجری۔
خلد ع جنت۔ بہشت۔ دائم اور ہمیشگی
خلش ف زخم کرنا۔ اور جہاں پر زخم ہو وہاں تک کسی چیز کا چبھانا دل میں جو تکلیف پہنچتی ہے جھگڑا۔
خلص ع خالص۔ صادق۔ بے کھوٹ
خلاط ع ملی ہوئی شے اور اخلاط اربعہ سے ایک خلط یعنی خون۔ یا صفرا۔ یا بلغم۔ یا سودا ہے۔
خلع ع کسی جگہ سے نکلنا۔ کپڑا یا موزہ نکالنا بدن سے۔ طلاق لینا عورت کا بعوض بخشنے مہر کے یا مال دیگر کے۔
خلعت ع لباس یا پوشاک جو امیر یا بادشاہ کی طرف سے دیا جائے۔
خلف ع بیٹا۔ یا جائے نشین۔
خلفاء جمع ہے خلیفہ کی۔
خلق ع عادت۔ خو۔ سبھاؤ۔
خلق ع دنیا کے لوگ۔ مخلوق پیدا کیا ہوا۔
خلقت ع پیدائش۔ پیدا کرنا۔
خلل ع کشادگی۔ رخنہ۔ تباہی کار کی۔ فتور پڑنا۔
خلو ع خالی ہونا۔

خلوت ع تنہائی اور خالی ہونا۔ مکان کا۔
خلوت صحیح ع تنہا ہونا خاوند۔ جورو کا واسطے ہم بستر ہونے کے ایسے مکان میں جہاں پر کوئی حیوان اور انسان نہ ہو۔
خلود ع ہمیشہ پن۔ اور ہمیشگی۔
خلوص ع سادہ اور پاک ہونا مجازاً دوستی۔ خالص۔
خلی ع بیغم۔ بے فکر۔ خالی کار و بار سے۔
خلیج ع ایک شاخ دریا کی جو تین طرف خشکی سے محیط ہو۔ اور ایک طرف سمندر سے ملی ہو۔
خلیتہ ع نجبلہ۔
خلیدن ف چبھنا بیچ جانا۔ زخم کرنا۔ گھائل کرنا۔
خلیفہ ع جائے نشین ولی عہد کسی جگہ پر بعد اس کی وفات کے مقرر ہونے والا۔
خلیق ع صاحب خلق۔ اچھے سبھاؤ کا آدمی۔
خلیل ع دوست صادق۔ سچا دوست۔

خم ع کج ٹیڑھائی۔

خُم ع مٹکا شراب کا۔ پیپہ شراب وغیرہ کا۔

خمار ع نشہ شراب وغیرہ کا۔ اوڑھنی عورتوں کی۔

خماسی ع وہ کلمہ جس میں پانچ حرف ہوں۔ پانچواں۔

خمان ف کمان۔ زخم ہونا۔ اور دو چیز خم شدہ۔

خمانیدن ف کسی کی حرکات وسکنات کی نقل کرنا بطور تمسخر۔

خمخانہ ف شراب خانہ۔

خمر ف شراب برانڈی۔

خمس ع پانچ یعنی (۵) ص

خمس ع پانچواں حصہ یعنی (۱/۵)

خمسون ع پچاس۔ ۵۰ ص

خمسہ ع پانچ (۵) ص

خم و چم ع اترانا۔ ناز و ادا معشوق۔

خموش ف چپ چاپ۔ مخفف خاموش کا ہے۔

خموشیدن ف چپ رہنا چپ ہو جانا۔

خمول ع گمنام ہونا۔ گمنامی۔

خمیازہ ف انگڑائی۔

خمیدن ف ٹیڑھا ہونا۔ خم کھانا کبڑا ہونا۔

خمیدہ ف کبڑا۔ ٹیڑھا۔

خمیر ع آٹا سڑا ہوا۔ جو اور آٹے کو پھیلا دیتا ہے۔

خمیس ع جمعرات کا دن۔

خنبیدن ف تالی بجانا۔ تال دینا۔

خنادق ع جمع خندق کی کھائیاں۔

خنازیر ع جمع خنزیر کی۔ سؤر۔ خوک

خُناق ع بیماری حلق کی مشہور ہے

خنثی ع جو نہ عورت ہو نہ مرد۔

خنجر ف مشہور ہتھیار ہے۔ اور بمعنے شمشیر کے بھی آیا ہے۔

خندق ف ہنسوڑ۔ ہنسی کرتا ہنستا ہوا۔

خندانیدن ف ہنسوانا۔

خندق ف کھائی جو شہر کے چاروں طرف بناتے ہیں۔

خندہ ف ہنسی۔

خندیدن۔ ہنسنا۔ قہقہ کرنا۔

خنزیر ع سور۔

خنصر ع چھوٹی انگلی جس کو چھنگلی کہتے ہیں۔

خنک ف سرد۔ ٹھنڈا اور خوش

خُنگ ف کونہ۔ زاویہ۔ عاشق زار بیجو اور خنگ بدذات بدنفس اور خنگ سفید اسپ خنگ جس کے بال سفید ہوں۔

خُنکاف خوشا۔ خوشخبری۔

خِنگاف موٹا۔ ہٹا کٹا۔

خَنّوف بدزبان پھوہڑ گفتگو میں بدسلیقہ۔ پوچ۔

خنیا ف راگ۔ ساز۔ نغمہ۔

خنیاگر ف گویا۔ ڈوم۔ مطرب۔

خو ف عادت۔ سبھاؤ۔

خواب ف نیند اور نیند میں جو دکھائی دے۔

خوابیدن ف سونا۔ نیند کرنا۔

خوابانیدن ف سلانا۔

خواجہ ف صاحب خانہ۔ مالک گھر کا۔ سردار۔ پیر۔ مالدار۔ حاکم۔ صاحب جمعیت۔ دل۔ روح و خدمتگار۔ جس کا آلہ تناسل کاٹ ڈالا جاوے۔

خواجہ تاش ف ایک مالک کے غلام۔ ایک آقا کے نوکر۔ خداوند صاحب خانہ۔

خواجہ سرا ف وہ غلام جو نامرد ہو اور کام زنانہ گھر کا کرتا ہو۔

خواجہ فلک ف آفتاب۔ بعض جگہ اس سے مراد مشتری ہوتی ہے۔

خوار ف کھانے والا۔ مثلاً شراب خوار کباب خوار وغیرہ اور ذلیل بے اعتبار آدمی۔

خوارج ع جمع ہے خارج کی اور خارجی کے معنے یہ لوگ وہ ہیں جو مخالف رافضیوں کے ہیں۔

خوارزم ع نام مشہور شہر کا۔

خوارق ع جمع ہے خارق کی خلاف عادت جو بات ہو۔ کرامت معجزہ وغیرہ۔

خواری ف ذلت۔ بے اعتباری رسوائی۔

خواستگاری ف خواہش۔ تمنّا۔ چاہنا۔

خواستگار ف مانگنے والا خواہش کرنے والا۔ طلب کرنے والا۔

خواستن ف چاہنا۔ خواہش کرنا۔

خواستہ ف زر۔ مال۔ سامان۔ جمعیت۔ ملک حسب خواہش دل کے جو ہو۔

خواص ع جمع خاص کی۔

خواصی ع خدمتگاری۔ ہر وقت کی حاضرباشی بطور خواصوں کے۔

خواطر ع جمع خاطر کی۔ طبیعتیں۔ دل۔

خوان ف دستر خوان کٹھرا بڑا کھانیکا جو لکڑی کا بنا ہوا ہو۔

خوانچہ ف چھوٹا خوان۔

خواندگی ف پڑھنا۔ پڑھائی۔

خواندن ف پڑھنا۔

خواندہ ف بُلایا ہوا۔ پڑھا ہوا۔

خوان سالار ف بکاول۔ باورچی۔ خانساماں۔

خوان ساماں ف جو شخص کھانے کا اسباب رکھے۔

خوان یغما ف خوان لوٹ کا یعنی عام لنگر۔ سدا برت۔

خواہ ف چاہ۔ یا مانگ۔

خواہش ف تمنا۔ آرزو۔ مال۔ اسباب۔

خوب ف اچھّا۔ بہتر۔ نیک۔ مضبوط۔

خوبان ف معشوق۔ پری چہرہ گروہ معشوقوں کا۔

خوبانی ف زرد آلو خشک جس کی گٹھلی کا بادام ہوتا ہے۔

خوجہ ف مخفف خواجہ کا ہے۔

خواجہ سرا نامرد۔ غلام۔

خوخ ع شفتالو۔ آڑو۔

خود ف ٹوپی لوہے کی۔

خود ف آپ۔

خودکاشت ف جو شخص خود ہی مالک زمین کا ہو اور آپ ہی اُس کو بوئے۔

خود بخود ف آپ ہی آپ۔

خور ف کھاؤ۔ امر ہے خوردن سے

خوراک ف خورش کھانا۔

خورانیدن ف کھلانا۔ کھلوانا۔

خورجین ف چمڑہ کا تھیلا۔

خورد ف کھایا۔ ریزہ ریزہ کردیا۔ سزاوار۔ لائق۔

خوردن ف کھانا۔ کھایا۔

خوردنی ف خورش کھانا۔ طعام لائق کھانے کے۔

خوردی ف چھوٹاپن۔ چھوٹائی۔

خورسند ف خوش۔ راضی۔

خورش ف طعام۔ خوراک۔

خورم ف خوش۔ راضی۔ شاد۔

خورہ ف کوہڑ کی بیماری۔ جذام۔

خوش ف راضی چنگا۔

خوشا ف مبارکبادی خوشا شد۔ طوبی

خوشامد ف ایسی باتیں جو مخاطب کو خوش آویں۔
خوشدامن ف ساس۔ جورو کی ماں۔
خوشنود ف راضی۔ خوش۔ رضامند۔
خوشہ ف گچھا۔ بال۔ اناج کا بھٹا۔
خوشی ف خوشی۔ شادی۔ سرور۔
خوشیدن ف سوکھنا۔ خشک ہونا۔
خوض ع فکر کرنا۔ سوچنا۔
خوف ع ڈرنا۔ ڈر۔
خوفناک ف ڈرپوک۔ ڈر کا بھرا ہوا۔
خوک ف مشہور جیوان ہے۔
خوگیر ف عادی جس کو کسی بات کی خو پڑی ہوئی ہو۔
خول ع چھلکا۔ اوپر کا غلاف۔
خون ف لہو۔
خونریز ف خونی۔ خون ڈالنے والا۔
خونی ف جو شخص کسی کو قتل کر ڈالے۔
خونیں ف خون سے لتھڑا ہوا خونی۔

خوے ف پسینا جیوان کا۔ عرق بدن کا۔
خوید ع درخت گندم یا جو کا جو سبز ہو۔
خویش ف آپ اپنا۔ ہل۔ قلبہ۔
خویشان ف اپنے رشتہ دار۔ اپنے۔
خویشاوند ف اپنے لوگ۔
خویشتن ف آپ۔
خویشی ف اپناپن۔ قرابت۔
خوئیدن ف خو پکڑنا۔ عادت پکڑنا۔
خہے ف کلمہ تحسین کا۔ مرکب خہ اور ائے سے یعنے مرحبا۔ بارک اللہ۔ آفریں۔
خہ ف خوش۔ خوشا کلمہ تحسین کا ہے۔
خی ف پکھال پانی کی جو سقوں کے پاس ہوتی ہے۔
خیابان ف چمن۔ کیاری۔
خیار ع ایک قسم کی ترکاری جس کو کچا اور خام کھاتے ہیں۔
خیاشیم ع پردے ناک کے جمع خیشوم کی۔

خیاط ع سوزن۔ سوئی۔
خیاط ع درزی۔
خیط ع رشتہ۔ ڈورا۔ دھاگا۔
خیاطت ع کپڑا سینا۔ درزی کا کام کرنا۔
خیال ع ایک صورت جو بیداری میں تصور کرے یا خواب میں دیکھے۔
خیالات ع جمع خیال کی۔
خیام ع جمع خیمہ کی۔ ڈیرے۔ تنبو
خیانت ع دغلی۔ ناراستی۔ امانت میں چوری کرنا۔
خیبت ع ناامیدی۔ نراس۔ بے آس ہونا۔
خیر ع نیکی۔ بھلائی۔
خیرات ع جمع خیر کی۔
خیرباد ف یہ کلمہ بروقت رخصت کے کہتے ہیں۔ مجازاً بمعنے رخصت سفر کے بولا جاتا ہے۔
خیرخواہ ف بھلائی چاہنے والا۔
خیرگی ف حیرت۔ بیحیائی۔ سرکشی دلیری۔ شوخی تعجب۔
خیریت ف نیکی۔ بھلائی۔ خیر و عافیت
خیرہ رائی ف سست رائے پریشان فکر۔

خیره ف آنکھوں کے سامنے جو غبار ہو جائے شوخ چشم بے شرم بیحیا۔ سرکش۔ شجاع دلیر سرگشتہ۔
خیز ف اوٹھ۔
خیزیدن ف آہستہ کسی جگہ داخل ہونا۔ اُٹھنا۔ کھڑا ہونا۔
خیسیدن ف بھگونا۔ بھیگنا۔
خیسانیدن ف ترک کرنا۔ بھگونا۔
خیشوم ع ناک کے نتھنوں کی ہڈی۔
خیط ع دھاگہ۔ ڈورا۔ سوت۔
خیل ع سوار اور گروہ آدمیوں کا۔ گلہ گھوڑوں کا۔
خیم ع جمع خیمہ کی عادتیں نیک خوئیں یا بد خوئیں۔
خیمہ ع خو۔ طبیعت۔ عادت۔
خیو ف تھوک۔ منہ کا پانی۔
خیون ف گروہ۔ افواج۔ گھوڑے۔
خیول ف گھوڑے اور سواران۔
خیلے ف بہت زیادہ۔

باب الدال

دا ع مرض۔ بیماری۔
داب ع طریقہ۔ ڈھنگ۔ خو خصلت۔
دابہ ع رینگنے والا۔ زمین پر چلنے والا۔ چوپایہ وغیرہ جن پر سوار ہوتے ہیں یا اُن کو لادتے ہیں۔
دابشلیم ف نام ہے راجہ ہند کا جو بہت بڑا راجہ عادل تھا۔
داج ع تاریک اور تاریکی اور بہت تاریک۔
داجن ع پوشیدہ کرنے والا ابر گھٹا گھنگور۔
داخل ع اندر آنے والا۔ اندرونی۔
داخلہ ع اندر آنے والی عورت۔
داد ف انصاف۔ عطا۔ عدل بخشش۔
دادار ف حاکم۔ عادل۔ منصف مرکب ہے داد اور آر سے جو کلمہ نسبت کا ہے۔
دادر ف برادر۔ بھائی۔ دوست۔
دادک ف مخفف دادبیگ کا ہے بوڑھا غلام۔
دادگر ف منصف۔
دادا ف بوڑھی باندی جو مدت سے کسی گھر کی کنیزک ہو۔
دادن ف دینا۔
دادنی ف قرض۔
دار ع خانہ۔
دار ع سولی۔
دارا ف نام بادشاہ فارس کا جس سے سکندر لڑا تھا۔ بادشاہ خدا تعالےٰ۔ یعنے دارندہ دولتمند
دارائی ف حکومت۔ بادشاہت خدائی ایک قسم کا ریشمی کپڑا مشہور ہے
داربست ع لکڑی اور تختوں کے پاڑ جن پر راج و مزدور بیٹھکر کام عمارت کا کیا کرتے ہیں اور انگور یا کسی اور بیل کا ٹھاٹھ۔
دار الآخرت ع قیامت۔
دار الامان ع امن کا مکان جہاں پر امان ہو۔
دار الامارت ع دار السلطنت گورنمنٹ کا صدر مقام۔
دار البوار ع گھر ہلاکت کا یعنی دوزخ۔
دار الحرب ع وہ جگہ جہاں پر خدا کی عبادت کرنے کی ممانعت کی جاوے۔ ملک کفار۔
دار السلام ع گھر سلامتی کا۔ نام بہشت۔
دار الخلافہ ع راج دھانی۔ دار السلطنت۔ بادشاہ کے رہنے کا شہر

دار السلطنت ع گورنمنٹ کا صدر مقام بادشاہ کے رہنے کی جگہ۔
دار الشفاء ہسپتال جہاں بیماروں کا علاج ہوتا ہے دوائی خانہ۔
دار الصفاء خانہ کعبہ۔
دار الضرب ع جس جگہ پیسے یا روپیہ یا اشرفی پر سکہ لگاتے ہیں ہندی ٹکسال۔
دار الفناء دنیا۔ زمین۔
دار العدالت ع کچہری۔
دار العیار ع وہ مقام جہاں پر کھوٹا کھرا زر پرکھا جائے۔
دار القضاء کچہری جج کی۔
دار القرار ع بہشت۔ جنت۔
دار الملک ع حکومت کا صدر مقام جیسے لنڈن جہاں پر بادشاہ رہتا ہو۔
دار چینی ف دال چینی۔ دار چینی۔
دار النعیم ع ناز و نعمت کا گھر مراد بہشت۔
دارع ع زرہ پہنی ہوئی۔ زرہ پوش۔
دار فلفل پیپلیں مشہور دوا ہے۔
داروغہ ف افسر سپاہیوں کا محافظ۔
دارو ف دوا۔

دار و گیر ف مراد حکومت۔ ریاست اور لڑائی جنگ۔
دار شش درف دینا۔
دار مدار ف ٹھیراو قرار۔
دارین ع دنیا اور دین۔ دونوں جہاں دنیا اور قیامت۔
داس ف درانتی۔ گھاس کاٹنے کا آلہ لوہے کا۔
داستان ف کہانی۔ قصہ۔
داشتن ف رکھنا۔
داعی ع بلانے والا۔ طلب کرنے والا۔
داعیہ ع بلانے والی عورت۔
داغ ف دھبہ۔
دافق ع کودنے والا۔ اچھلنے والا۔
دال ع دلالت کرنے والا۔ راہ دکھلانے والا۔
دالان ف بڑا کمرہ گھر کا۔
دام ف پھندا۔ اور جانور صحرائی جو گھاس کھاتے ہیں جیسے ہرن وغیرہ۔
دام ع ہمیشہ ہو جیو۔
داما ع دریا۔ سمندر۔
دام گاہ دیو ف دنیا۔

داماد ع جوائی بیٹی کا خاوند۔
دامان ف دامن۔
دامع ع اشک ریز۔ آنسو ڈالنے والا۔
دامغ ع سر توڑنے والا۔
دامن ف انچل۔ انگرکھے کی لٹکتی ہوئی انچل۔
دامن شب ف آخر شب۔ پچھلی رات۔
دانا ف عقلمند۔ دانندہ۔
دانائی ف عقل و دانش۔
دانستہ ف جان کر۔ جان بوجھکر جانا ہوا۔
دانستن ف جاننا۔
دانش ف عقل۔ دانائی۔
دانق مب معرب دانگ کا ہے چھ رتی وزن۔
دانگ ف چھ رتی کا وزن۔
داؤد ع نام ہے سلیمان علیہ السلام کے باپ کا جس کی کتاب زبور ہے۔
داور ف یہ اصل میں دادور تھا۔ دال ثانی واسطے تخفیف کے حذف ہوئی۔
داد ف حاکم۔ انصاف والا۔

داہیہ ع سختی زمانہ کی۔ بلا مصیبت۔ حادثہ۔

دائبر ع پھرنے والا۔

دائیرہ ع سطح مستوی گول ہے۔ جو محیط ہو ایک گول خط سے جس کے بیچوں بیچ ایک نقطہ ہے اس سے جو خط نکلیں سب آپس میں برابر ہوں۔

دائم ع ہمیشہ۔

دائن ع قرض دینے والا۔

دائماً ف ہمیشہ۔ ہر وقت۔

دائمی ف ہمیشہ۔ ہر وقت۔ ہر لحظہ۔

فرجت ع شگاف۔ ٹیڑھ۔ رنج غم۔

فرجام ف انجام۔ انتہا۔ آخر۔

فرح ع خوشی۔

فرخ ف مبارک۔ زیبارود شبھ۔

فرخندہ ف مبارک۔

فرد ع تنہا۔ یگانہ۔ طاق۔

فردا ف کل دن جو آئیگا۔

فردوس ع بہشت۔

فرزان ف علم۔ حکمت۔ دانش استواری۔

فرزانگی ف دانائی۔ عقلمندی۔

فرزانہ ف حکیم۔ دانا۔ عقلمند۔

فرزند ف بیٹا۔ پوت۔ پسر۔

فرزین ف نام مہرہ شطرنج کا ہے وزیر۔

فرس ف گھوڑا۔

فرستادن ف بھیجنا۔

فرسنگ ف تین میل کے مقدار اور ہر میل چار ہزار گز کا ہوتا ہے۔

فرسودن ف گھسنا۔

فرش ع بچھونا۔ بچھانے کی چیز۔

فرشتہ ف بھیجا ہوا خدا کا مشہور یعنی خدا کا نورانی قاصد۔

فرص ع جمع ہے فرصت کی۔

فرصت ع آرام پانا۔ مہلت دینا۔

فرض ع معین کرنا کسی چیز کا وقت مشخص کرنا۔ بخشش دینا۔ اندازہ کرنا۔ حکم خدا کا۔

فرط ع زیادتی۔ بہتایت۔ غلبہ۔

فرع ع شاخ۔ ٹہنی۔

فرعون ع لقب ہے ایک بادشاہ مصر کا جو حضرت موسے کے وقت میں تھا مجازاً۔ سرکش۔ مغرور۔

فرعی ع جو اصلی نہ ہو۔ شاخ کا منسوب فرع سے۔

فرغل مب یہ معرب ہے فرغل لفظ فارسی کا روئی بھرا ہوا۔ لبادہ۔

فرفر ع جلد۔ شتاب۔ اور جلدی۔

فرقان ع فرق کرنیوالا درمیان حق اور باطل کے۔ نام قرآن شریف کا۔

فرقت ع جدائی۔

فرقدان ع نام اُن دونوں تاروںکا ہے جو قطب کے پاس ہیں اور شام سے صبح تک ظاہر رہتے ہیں۔ چھپتے نہیں ہیں۔

فرقہ ع قوم۔ گروہ۔ ٹولے۔

فرکندن ف زمین کا خراب ہونا رو سے سیلاب سے بگڑنا زمین کا۔

فرکند ف وہ زمین جس میں بسبب پانی سیل یا رو کے گڑھے پڑ گئے ہوں۔ اور جا بجا پانی بھرا ہوا ہو۔

فرمان ف حکم۔ بادشاہی حکم۔

فرمائش ف بطور حکم سفارش کرنا۔ بطور حکم کچھ کام کروانا۔ یا مانگنا۔

فرمودن ف فرمانا۔ حکم دینا۔

فرنگ ف یورپ۔ نصارے کا ملک۔ نصارے۔

فرو ف کم۔ نیچے۔ کم رتبہ۔

فروتر ف بہت کم۔ بہت نیچا۔
فروترین ف بہت ہی نیچا ہو۔
فروتن ع بہت ہی نیچا ہو۔
فروتنی ف تواضع کرنا۔ کم رتبہ سمجھنا اپنے تئیں۔
فروخت ف بیچنا۔ بیچا۔
فروختن ف بیچنا۔
فرود ف زیر پائیں نیچے۔ فریفتہ
فریبندہ۔ فریب دینے والا۔ زبون۔ بد۔ مغرور۔
فرودست ف زیر حکم۔ کم رتبہ۔ ناطاقت۔ ماتحت چند اشخاص جو ہلکر گاتے ہیں۔
فرودگاہ ف جگہ اُترنے کی جہاں پر سفر میں قیام کیا جاوے۔
فروردین ف پہلا مہینہ فارسی انگریزی ماہ مارچ۔
فروز ف تابش۔ روشنی چمک آفتاب کی۔
فروش ع بیچ۔ بیچنے والا۔
فروشندہ ف بیچنے والا۔
فروغ ف روشنی۔ شعاع۔ تابش آفتاب اور آگ کی۔
فروگذاشت ف چھوڑنا۔ معاف کرنا۔ بھول جانا۔
فروگذاشتن ف چھوڑ دینا۔ بھول جانا۔ قصور معاف کرنا۔
فروکوفتن ف ٹھوکنا۔ دے مارنا۔
فروماندگی ف عاجزی۔ لاچاری
فرو ماندن ف لاچار ہونا۔ عاجز ہونا۔
فرومایہ ف کمینہ۔ لائق۔ بد اصطلاح بے ہنر۔
فرومایگان ف کمینے لوگ۔ نالائق۔
فرہنگ ف عقل۔ علم۔ لغت کی کتاب۔ نام ہے مادر کیکاؤس کا۔
فرہاد ف نام ایک سنگتراش مشہور عاشق فارسی کا جو شیریں پر عاشق ہوا تھا۔ اُس کا قصّہ مشہور ہے۔
فریادی ف دُہائی دینے والا۔
فریب ف مکر۔ عشوہ۔ ناز و غمزہ۔
فریاد ف غل واسطے مدد مانگنے کے۔ دُہائی دینا۔
فرید ع بے مثل۔ بے مانند۔ یگانہ۔
فریدون ف ایک فارس کے بادشاہ کا نام ہے جس نے ضحاک پر فتح پائی تھی۔
فریسہ ع وہ جانور جس کو شکار کریں۔
فریضہ ع حکم خدا کا جیسے روزہ رکھنا۔ نماز پڑھنا۔
فریفتن ف فریب کھانا۔ فریب دینا۔
فریق ع جدا کرنے والا۔ ٹولی فرقہ۔
فزاف افزائش۔ زیادہ کرنا۔ انگڑائی۔
فزع ع خوف۔ گبھراہٹ۔
فزودن ف زیادہ کرنا۔ زیادہ ہونا۔
فزوں ف زیادہ بڑھا ہوا۔
فزونی ف زیادتی۔ بڑھوتری۔
فساد ع بگاڑ۔ بگڑنا۔ اوّل صورت کا چھوڑ دینا۔
فسان ف ایک پتھر ہے جسپر چاقو اور چھری تیز کرتے ہیں۔
فسانہ ف کہانی۔ قصّہ۔
فستق مب معرب ہے پستہ کا۔ پستہ میوہ مشہور ہے۔
فسحت ع فراخی جگہ کی۔ کشادگی جگہ کی۔

فسخ ع قصد کا پھیر دینا۔ رائے توڑ دینا۔
فسر ع بیان کرنا مطلب کھولنا۔
فسردگی ف جم جانا۔ منجمد ہونا۔
فسردن ف ٹھٹھرنا۔ منجمد ہونا۔
فسق ع خدا کا حکم ترک کرنا۔ اور بد کام کرنا۔ گناہ کرنا۔
فسقہ ع جمع ہے فاسق کی۔ گنہگار لوگ۔
فسون ع منتر۔ جادو۔
فسیح ع وسیع۔ فراخ۔ مکان۔
فشان ف جھاڑتا ہوا۔
فشاندن ف جھاڑنا۔
فشردن ف نچوڑنا۔
فص ع نگینہ جو انگوٹھی وغیرہ پر جڑتے ہیں۔
فصاحت ع خوشگوئی خالی ہونا کلام کا الفاظ ثقیل اور ترکیب غیر مانوس اور تعقید سے۔
فصاد ف فصد کھولنے والا۔
فصد ع خون نکالنا رگ سے۔
فصل ع جدا کرنا۔ جو نوع کو تمیز دے اس کے مشارکات جنسی سے۔ موسم۔

فصول ع جمع ہے فصل کی۔
فصیح ع خوشگو۔ صحیح کلام کرنے والا۔
فصیل ع شہر پناہ چاردیواری شہر کی۔ بچہ اونٹ کا جس کا دودھ بینا چھڑایا جاوے یعنے اس کی ماں سے جدا کر دیا گیا ہو۔
فضّہ ع چاندی۔ نقرہ۔
فضاء ع فراخی زمین کی کشادگی صحن خانہ اور میدان۔ کھلا میدان۔
فضاحت ع رسوائی۔
فضائح ع جمع ہے فضیحت کی رسوائیاں۔
فضائل ع زیادتیاں اور ہنر۔ درجات بلند جمع فضیلت کی۔
فضل ع افزونی بخشش۔
فضلا ع جمع فاضل کی۔
فُضلہ ع وہ پھوک ہے جو بعد غذا کے بدن سے براہ معدہ یا مثانہ یا دماغ وغیرہ سے خارج ہوتا ہے۔
فضول ع بیہودہ آدمی۔ زیادہ گو۔
فضولی ع فزونی۔ زیادتی۔ بزرگی بزرگ ہونا۔

فضیحت ع رسوائی۔ بدنامی۔
فضیلت ع بزرگی۔ بڑائی۔
فَطر ع چیرنا۔ پیدا کرنا۔
فِطر ع روزہ کھولنا۔
فِطرت ع پیدائش۔ دانائی۔
فطنت ع زیرکی۔ دانائی۔
فِطن ع زیرک۔ دانا۔
فطیر ع تازہ۔ گندھا ہوا آٹا۔ خمیر کی ضد فطیر ہے۔
فظیع ع بد۔ قبیح۔
فعّال ع بہت کام کرنے والا۔
فغاں ف نالہ و فریاد۔
فغم ع خوشبو کا سونگھنا۔
فقد ع گم کرنا۔ گم ہونا۔
فقدان ع گم ہونا۔ کھویا جانا۔
فقر ع افلاس۔ فقیری۔
فقراء ع جمع ہے فقیر کی۔
فقط ع بس۔
فقہ ع دریافت کرنا۔ جاننا۔ علم معرفت احکام شریعت۔
فقہا ع جمع ہے فقیہ کی۔
فقیر ع مفلس۔ درویش۔
فقیہ ع عالم۔ دانا۔ علم فقہ جاننے والا۔

فک اعلےٰ ع اوپر کا جبڑا۔
فک اسفل ع نیچے کا جبڑا۔
فکاک ع جدا کرنا۔ خلاص کرنا۔
فکر ع سوچ۔ اندیشہ۔
فگندن ف ڈالنا۔
فکیف ع پس کیونکر۔ استفہام کے واسطے بھی بولتے ہیں۔
فگار ف زخمی۔ زخم۔ اسیواسطے عاشق کو دل فگار کہتے ہیں۔ جو لوگ دلفگار کے معنے معشوق تصور کرتے ہیں بڑی غلطی کرتے ہیں۔
فلاح ع رستگاری۔ فیروزی۔ نیکی۔
فلاحت ع نیکی۔ بھلائی۔ کھیتی کرنا۔ زراعت۔
فلاخن ع گوپیا جس میں ڈھیلا رکھکر اور گھما کر زمیندار کھیت میں جانوروں کو مارتا ہے۔
فلاسفہ ع جمع ہے فلسفہ کی حکما دانشمند لوگ۔
فلاکت ع مفلسی۔ ناداری۔ گردش زدگی زمانہ کی۔
فلاں ع شخص۔ فرضی۔
فلز ع وہ جوہر کانی جو آگ میں پگھل سکے یہ معنی شامل ہیں چاندی سونے تانبے وغیرہ سب معدنیات کو۔
فلزی ع معدنی۔ کانی۔
فلس ع پیسہ۔
فلس ع مچھلی کا کھپرا۔
فلسفہ ع علم موجودات کا۔
فلفل ع سیاہ مرچ۔
فلک ع آسمان۔
فلکی ع آسمانی۔
فلوس ع جمع ہے فلس کی۔
فلّہ ف پیوسی جو بعد بچہ پیدا ہونے کے حیوان کا دودھ تین دن تک نکلتا ہے اس کو پیوسی کہتے ہیں۔
فلہذا ع پس اسی واسطے۔
فم ع منہ۔
فم معدہ ع معدہ کا منہ۔ کوڑی۔
فن ع شاخ درخت کی۔ علم کی شاخ۔
فنا ع مرنا۔ ہلاک ہونا۔
فُندق ع ایک مشہور میوہ ہے ولایت کا سُرخ رنگ بیر کے برابر ہوتا ہے اور مثابہ سرانگشتان سے ہوتا ہے اور کبھی اس سے کنایہ لب معشوق سے ہوتا ہے اور سرانگشت کو خضابستہ سے تشبیہ دیتے ہیں۔
فنون ع جمع ہے فن کی۔
فوہ ع منہ۔
فوات ع گذرنا۔ کھویا جانا۔ مرجانا۔
فواحش ع جمع ہے فاحشہ کی بدکار عورتیں اور بدیاں۔
فوارہ ع چشمہ۔ جھرنا پانی کا بہت جوش دینے والا۔
فواضل ع بخششیں کبھی عطیات نیکوں جمع ہے فاضل کی۔
فواق ع ہچکی وہ ہوا جو سینہ سے نکلتی ہے۔
فواکہ ع جمع ہے فاکہ کی۔ میوہ جات۔
فوائح ع جمع ہے فائحہ کی۔ خوشبو دینے والی چیزیں۔ خوشبوئیں۔
فواید ع جمع ہے فائدہ کی۔
فوت ع مرنا۔ گم ہونا۔ گذرنا۔
فوج ف لشکر۔ سپاہ۔ جنگی گروہ
فور ع جوش مارنا۔ جلدی۔
فوطہ ع کمر بند۔ جامہ نادوختہ لنگی نہانے کی۔ خصیہ۔ تھیلی۔ محصول
فوز ع مطلب کو پہنچنا۔

فوفل ع سپاری۔
فوق ع اوپر۔
فوقانی ع اوپر کا۔ اوپر والا۔
فولاد ع لوہا جوہردار جسکی تلوار۔ چھری وغیرہ ہوتی ہے۔
فہّام ع بہت سمجھنے والا۔
فہد ع چیتا۔ پلنگ۔ درندہ جانور قسم شیر کی مشہور ہے۔
فہرست ف تفصیل اشیا کی۔ اسکو عرب میں فہرس کہتے ہیں۔
فہم ع سمجھ۔ عقل۔ دانائی۔
فہمانیدن ف سمجھانا۔
فہمیدن ف سمجھنا۔
فہوم ع جمع ہے فہم کی۔
فہیم ع سمجھنے والا۔
فی ع بیچ۔ درمیان۔
فیاض ع فیض پہنچانیوالا۔ بڑا فیض کرنے والا۔
فی الجملہ ع حاصل کلام مختصر۔
فی الحال ع فوراً۔ ابھی۔
فی المثل ع کہاوت میں۔ مثلاً۔
فی الواقع ع حقیقت میں۔
فیروز ف فتح۔ جیت۔ کامیاب۔

فیروزہ ف نام ایک پتھر مشہور کا ہے۔
فیروزی ف فتحمندی۔
فیصل ع انفصال۔ جھگڑا چکانا نیاؤ کرنا۔
فیصلہ ع جھگڑا چکانا۔
فیض ع ڈالنا۔ مجازاً۔ فائدہ بخشش۔
فیل ع ہاتھی۔ مشہور حیوان ہے۔
فیلبان ف ہاتھی کا ہانکنے والا۔
فیلسوف ع عقلمند۔ حکیم۔ دوستدار علم کا۔
فیل مرغ ع نام ایک پرند مشہور کا ہے۔
فیما بین ع درمیان۔ بیچ میں۔
فی نفسہٖ ع اپنے اصل میں۔ اپنی ذات میں۔ خود۔
فیوض ع جمع ہے فیض کی۔
فیوضات ع فیوض کی جمع فیوضات جمع الجمع ہے۔
فیج ع شراب۔ مدھ۔ مے۔

باب القاف

قاآن ف بادشاہ جو بہت عادل اور سخی اور عاقل ہو۔ چنگیز خاں کے پسر کا نام بھی ہے۔ اب یہ لقب بادشاہ ترکستان کا ہے۔ مجازاً ہر ایک بادشاہ جلیل القدر کو کہتے ہیں۔
قاب ف طباق بڑا برتن بطور رکابی کے۔ تھال۔
قابض ع قبض کرنے والا۔
قابل ع لائق لوگ۔
قابلہ ع دائی عورت جو بچہ جنائے۔
قابلیت ع قابل ہونا۔ لائق ہونا۔
قابوف معرب۔ داؤ۔
قابوس ع معرب ہے قاؤس کا نام بادشاہ کا ہے۔
قاتل ع قتل کرنے والا۔
قادر ع قدرت والا۔ طاقت رکھنے والا۔
قادس ع بڑا جہاز۔
قارورہ ع شیشی۔ مجازاً شراب پیشاب کی شیشی۔
قاری ع پڑھنے والا۔ خواندہ۔
قارون ع ایک شخص دولتمند رشتہ دار حضرت موسےٰ علیہ السلام کا بتلاتے ہیں۔

قاز۔ راج ہنس پرند مشہور ہے۔
قاسر ع جبر کرنے والا۔ زبردستی سے کسی کام پر روکنے والا۔
قاسم ع بانٹنے والا۔ تقسیم کرنے والا۔
قاش ف۔ ابرو۔ پارہ۔ پھانک
قاشر ع چھلکا اتارنے والا۔
قاصد ع خط پہنچانے والا۔ خبر دینے والا۔
قاصر ع کوتاہی کرنے والا۔
قاضب ع تیز۔ پرندہ کاٹنے والا۔
قاضی ع جھگڑا چکانے والا۔ منصف۔
قاطع ع کاٹنے والا۔ قطع کرنے والا۔
قاطع الطریق ع راہبر۔ راہزن
قاطن ع ساکن۔ رہنے والا۔
قاعدہ بیٹھنے والا۔
قاف ع نام ایک پہاڑ کا ہے۔
قافلہ ع میدانی گروہ مسافروں کا۔
قافیہ ع الفاظ بیت کے اخیر کے۔
قاق ت خشک گوشت۔ مجازاً لاغر۔

قاقلہ ع بڑی الائچی۔
قاقم ع نام ایک جانور کا ہے اُس کا پوست بہت مفید اور ملائم ہوتا ہے۔ اُسکی پوستین بناتے ہیں
قال ع گفتگو۔ مباحثہ۔
قاعدہ ع پیندا۔ تلخی۔ نیچی کی مقدار قانون۔ دستور۔
قالب ع سانچہ۔ بدن۔
قالی ع بچھونا۔ قالیچہ۔
قالیچہ ف چھوٹا بچھونا مشہور ہے۔
قامت ع قد۔
قامعہ ع توڑنے والی۔ خوار کرنے والی۔
قاموس ع دریائے عمیق۔ نام ایک کتاب لغت عربی کا۔
قانت ع دعا پڑھنے والا۔ حکم ماننے والا خدا کا۔
قانع ع سنتوکھ کرنے والا۔ تھوڑے پر صبر کرنے والا۔
قانون ع مسطر کتاب کا۔ اصل ہر شے کا شرع دستور۔ قاعدہ انداز۔
قاہر ع قہر کرنے والا۔ زور آور۔
قاید ع کھینچنے والا۔ حاکم۔
قایف ع علم قیافہ والا۔ نسکو نیا۔

قائل ع کہنے والا۔
قائم ع کھڑا ہونے والا۔ کھڑا ہوا۔
قائمہ ع نوّے درجہ کا زاویہ۔
قبا ع پوشاک مشہور۔
قباب ع جمع ہے قبہ کی۔ کنگوری کلس۔ برج۔
قباچہ ف چھوٹی قبا۔
قباحت ع برائی۔ زشتی۔ زبونی
قبالہ ع سند مکان کی۔ کاغذ مکان کا۔
قبائح ع جمع قبیحہ کی برائیاں۔
قبائل ع جمع ہے قبیلہ کی گروہ آدمیوں کے اقوام۔
قبیح ع بد۔ زبون۔ بُرا۔
قبح ع بُرائی۔ بدی۔
قبر ع گور۔
قبرستان ف وہ جگہ جہاں پر قبریں ہوں۔
قبس ع چنگاری۔ آگ۔ کا ٹکڑا
قبس ع جلانا بتی وغیرہ کا۔
قبض ع پکڑنا۔ گرفتگی۔
قبضہ ع مٹھی۔ گرفت کی جگہ تلوار وغیرہ۔ دستہ۔ قابو۔

قَبل ع آگے۔ سامنے۔
قُبُل ع اندام نہانی عورت کا۔
قُبلہ ع بوسا۔ چوما۔
قِبلہ ع جس کی طرف منہ کریں۔
قبور ع جمع ہے قبر کی۔
قبیل ع گروہ۔
قبول۔ قبولیت ف ماننا۔ قبول کرنا۔
قبہ ع گنبد۔ وغیرہ عمارت گول۔
قبیلہ ع گروہ۔ وہ جماعت جو ایک باپ کی اولاد سے ہو۔
قتال ع لڑائی۔ جنگ۔
قتّال ع بہت قتل کرنے والا۔
قتل ع مار ڈالنا۔ تلوار وغیرہ ہتھیار سے مارنا۔
قتیل ع مقتول۔ کشتہ۔ خواہ عورت خواہ مرد۔
قحبہ ع بدکار۔ فاحشہ۔ لغوی معنے کھٹکا کر بلانیوالا۔
قحط ع کال مجازاً مہنگا ہو جانا۔ غلہ کا بہ سبب نہ برسنے مینہ کے۔
قحف ع استخوان سر کھوپری۔
قد ع لمبائی۔ بدن کی۔
قدام ع ہمیشگی۔ کہنہ پن۔

قدام ع آگے۔ سامنے۔
قدامت ع دیر نہ ہونا۔ کہنہ ہونا۔ ہمیشگی۔
قدح ع پیالہ۔ عیب کرنا۔ طعنہ دینا۔
قدر ع عزت۔ بزرگی۔ اندازہ کرنا کسی چیز کا۔
قِدر ع ہانڈی۔ دیگ۔
قدرت ع طاقت۔ قوت۔
قدردان ف قدر جاننے والا۔
قدرے ف تھوڑا۔ قلیل۔ کم۔
قُدس ع پاکیزگی۔ پاک۔ نام ایک پہاڑ کا عرب میں۔
قُدغن ت تاکید۔ تقید۔
قدما ع جمع ہے قدیم کی اگلے لوگ پرانے وقت کے آدمی۔
قِدم ع دیرینگی۔ کہنگی۔ پرانا پن ہمیشگی۔
قدوس ع بہت پاک۔ نام خدا تعالےٰ کا۔
قدوم ع کسی جگہ سے آنا۔ سفر سے آنا۔
قُدوہ ع پیشوا۔ برگزیدہ۔
قدید ع سوکھا ہوا گوشت۔ گوشت خشک۔

قدیر ع صاحب قدر۔ طاقت ور۔
قدیم ع ہمیشہ۔ جو ہمیشہ سے ہو پرانا
قرا ع جمع ہے قریہ کی دیہات۔
قرأت ع پڑھنا۔
قرابت ع رشتہ داری۔ قریب ہونا۔
قراد ع چچڑی مشہور جاندار ہے جو کتے کے بدن پر ہوتی ہے۔
قرابہ ع بڑا شیشہ عرق رکھنے کا۔
قرار ع سکون۔ آرام۔ اقرار مجازاً۔
قدم ع پیر۔ پائے۔ پاؤں۔
قرارداد ف اقرار جو بات بعد مباحثہ کے مقرر ہو جائے۔
قراقر ع جمع ہے قرقرہ کی وہ آواز جو پیٹ کے اندر ہوا کرتی ہے۔ گڑگڑاہٹ پیٹ کی۔
قراضہ ع پارہ زر۔ ٹکڑہ سونیکا ریزہ چاندی کا یا سونے کا۔
قِران ع اجتماع دو سیاروں کا۔ ایک برج میں سوائے شمس کے۔
قرآن ع کلام اللہ یہ لفظ مصدر ہے بمعنے خواندن کے مگر بمعنے مفعول کے مستعمل ہو کر نام کتاب خدا تعالےٰ کا ہو گیا۔

قراول ع وہ سپاہی لوگ جو واسطے تعین مکان جنگ کے مقرر ہوں اور شکاری آدمی بیلباجو شخص شکار کراوے۔

قرب ع نزدیکی۔

قربا ع جمع ہے قرب کی۔

قربان ع ذبح کرنا۔ صدقہ۔

قربت ع نزدیکی۔ پاس ہونا۔

قربہ ع مشک پانی کی۔

قرہ ع خنکی۔ سردی۔

قرح ع زخم کرنا۔ گھاؤ کرنا۔

قرحہ ع زخم جس میں پیپ پیدا ہوگئی ہو۔

قرد ع بوزنہ۔ بندر مشہور جانور ہے۔

قرص ع ٹکیا۔

قرض ع دام اودھار روپیہ دینا۔

قرطاس ع کاغذ۔

قرع ع کدو۔ مشہور نبات ہے۔

قرعہ ع پانسا تانبے یا پیتل یا جست وغیرہ کا جسکو ڈال کر رمال غیب کی بات بتلاتے ہیں۔

قرق ف نگہبانی۔ منع کرنا۔ روکنا۔

قرمز ع لال۔ سرخ رنگ۔

قرمزی ع سرخ رنگ۔

قرن ع شاخ جیوان کی۔ سو برس۔ یا تیس برس۔

قرنفل ع لونگ۔

قروح ع جمع قرحہ کی زخمہا۔

قریات ع جمع ہے قریہ کی۔ دیہات۔ گاؤں۔

قریب ع نزدیک۔

قریش ع نام ایک قبیلہ کا۔ درمیان عرب کے پیغمبر خدا اسی قبیلہ کی اولاد سے ہیں۔

قرین ع پاس والا۔ ملا ہوا۔ ہم صحبت یار دوست وغیرہ۔

قرینہ ع مناسب ظاہری۔ درمیان دو چیز کے پیوستہ ہونا ایک چیز کا دوسری چیز سے۔

قریہ ع گاؤں۔ پنڈ۔ دہ۔

قز ع ریشم۔ کچا ریشم۔ کپڑا ریشم کا۔

قزاق ت راہزن۔ لوٹیرا۔

قزح ع رنگارنگ جس پر لکیریں وغیرہ ہوں۔

قزلباش ف قزل کے معنے سرخ اور باش کے معنے سر یعنے سرخ سر والا امراد لشکری چونکہ سرخ پگڑی اسمٰعیل صفوی نے لشکریوں کے واسطے ایجاد کی تھی اس واسطے یہ خطاب لشکر کے سپاہی کو کر دیا گیا۔

قساوت ع سخت دلی۔ اور سیہ دل ہونا۔

قسط ع عدل۔ انصاف حصہ آفتابہ پانی کا۔

قسط ع ظلم۔ بے انصافی۔ حق سے پھر جانا۔

قسط بندی د زمیندار لوگ جو روپیہ سرکاری کئی حصہ کر کے دیتے ہیں اسکو قسط بندی کہتے ہیں۔

قسم ع سوگند۔ قسم مشہور لفظ ہے۔

قسم ع حصہ کئی ایک بھانت یا طرح۔

قسمت ع حصہ بٹا ہوا۔

قسر ع زبردستی سے کسی کو ایک کام پر رکھنا۔ بزور کوئی کام کروانا۔

قشر ع چھلکا۔ پوست درخت یا میوہ کا اور پوست۔ (پ) کھر بنڈ۔

قشقہ ع تلک۔ ٹیکا۔ جو ہندو لوگ
ماتھے پر لگاتے ہیں۔
قص ع کترنا۔ کاٹنا۔ استخوان
سینہ۔
قصاب ع کاٹنے والا۔ مراد قصائی
قصار ع گاذر۔ دھوبی۔
قصاص ع عوض لینا زخم سے
یا قتل کا قتل سے۔
قصاید ع جمع ہے قصیدہ کی۔
قصائی ع کاٹنے والا۔ یہ لفظ
قص سے بنا ہے۔
قصب ع نے نیزہ قلم کا۔ کپڑا
کتان کا اور ابریشم کا اور قصب کے معنے کاٹنے
کے ہیں اسی سے قصاب کا لفظ نکلا ہے
قصبات ع جمع ہے قصبہ کی
چھوٹے شہر یا نے بانسلی۔
قصبہ ع چھوٹا شہر نے اور جو مانند
نے کی ہو جیسے قلم کا نیزہ۔
قصد ع ارادہ۔
قصر ع کوتاہی۔ کپڑا دھونا۔
مکان۔
قصص ع جمع ہے قصہ کی کہانیاں۔
قصویٰ ع انتہا۔ نہایت۔ یہ صیغہ
مونث کا ہے۔

قصور ع کوتاہی۔ عاجز ہونا۔
قاصر رہنا اور جمع ہے قصر کی۔
قصہ ع کہانی۔ بیان کسی
شخص کا۔
قصیدہ ع مغز۔ موٹا اور اصطلاح
میں وے اشعار ہیں جو شامل مدح یا
ذم کو ہوں اور نو سے زیادہ
ہوں۔
قیصر ع کوتاہ۔ کوتاہی کرنے والا
نام ایک غلام کا ہے جو مشہور
باوفا تھا۔
قضا ع حکم کرنا۔ ادا کرنا۔ پیدا کرنا
تمام کرنا اور حکم خدا کا مخلوقات
کے حق میں جو دفعتاً واقع ہو
جاوے۔
قضات ع جمع ہے قاضی کی۔
قضا و قدر ع تقدیر و قسمت۔
قضایا ع جمع ہے قضیہ کی جملے
عبارت کے فقرے اور جھگڑے۔
قضبان ع شاخیں درخت کی۔
جمع قضیب کی۔
قضیب ع شاخ درخت کی۔
مجازاً آلہ تناسل مرد کا۔
قضیہ ع جملہ۔ فقرہ۔ جھگڑا۔

قط ع کاٹنا درمیان عرض کے
اسی سے مشتق ہے جو قط کرنا قلم
کا بولتے ہیں۔
قطار ع اونٹوں کی قطار جو برابر
ہو۔ صف۔ پرہ۔
قطب ع کیلی جس پر چکی پھرتی
ہے سردار قوم کا افضل ہر شے
کا اصطلاح میں وہ نقطہ زمین
کا جو شمال اور جنوب پر ساکن
ہے۔
قُطر ع کنارہ طرف اصطلاح میں وہ
خط مستقیم جو مرکز پر دائرے کے
گذر کر دو ٹکڑے کرے۔
قطرات ع جمع ہے قطرہ کی
بوندیں۔
قطران ع ایک روغن بدبودار
ہوتا ہے جو درخت عرعر سے نکلتا
ہے اور اونٹوں خارشیوں پر
ملا جاتا ہے۔ چیڑ کا تیل۔
قطرہ ع بوند پانی کی۔
قطع ع کاٹنا۔
قطعہ ع ٹکڑا۔ ابیات جو دو شعر یا
ان سے زیادہ ہوں اور مطلع
ان میں نہ ہو۔

قطن ع روئی - پنبہ اور قطن وہ
ہڈی جو درمیان دو نو سُرین کے
ہے -
قعب ع بات کی تہ تنگ سخن گہرا
پن - بانکا - پیالہ بڑا جس میں
ایک آدمی سیر ہو سکے -
قعر ع تہ کنوئے کی - عمق - گہراؤ
چاہ یا دریا کا -
قفا ع گدّی - گردن کی پشت -
مجازاً پیچھے پس پشت -
قفص / قفس ع پنجرہ پرندوں کا سین اور
صاد دونو سے مشہور ہے
قفل ع تالا -
قفیز ع ایک پیمانہ ہے بارہ صاع کا
اور ایک صاع آٹھ رطل کا ہوتا ہے -
ایک رطل آدھ سیر کو کہتے ہیں اور
زمین کی پیمائش میں قفیز ایک سو چوالیس
گز شرعی کو کہتے ہیں -
ققنس ع یہ لفظ یونانی ہے یہ نام
ایک پرند کا ہے اس کی آواز سے
علم موسیقی حکما نے نکالا ہے کہتے ہیں کہ عمر اسکی
ہزار سال کی ہوتی ہے اور جوڑا اسکا یعنی مادہ
اس کی نہیں ہوتی اور تولد اس کا اس طور پر
بیان کرتے ہیں کہ جب وہ بوڑھا
ہو جاتا ہے تو لکڑیاں جمع کر کے
ان کے اندر بیٹھ جاتا ہے - اور
اس کی منقار میں جو بہت سوراخ
ہیں - ان سے آواز کرنا شروع
کرتا ہے ہر ایک سوراخ سے ایک
ایک راگ علیحدہ علیحدہ نکلتا
ہے - چنانچہ دیپک راگ بھی جب
نکلتا ہے تو ان تنکوں میں آگ
لگ جاتی ہے اور وہ جانور جلکر
خاک ہو جاتا ہے پھر جب قدرت
الٰہی سے مینہ برستا ہے تو اس
خاک میں سے ایک انڈا پیدا ہوتا ہے اسمیں سے
اس نوع کا جانور ایک پیدا ہو جاتا ہے اس
جانور کو فارسی میں اسی واسطے آتش
زن بھی کہتے ہیں -
قُل ع کہہ - بول - ایک سورت
کا نام -
قلاب ع قلابہ - حلقہ -
قلاع ع جمع ہے قلعہ کی -
قلب ع دل الٹا ہوا - واژگون
اور دل کو بھی اسی واسطے کہتے
ہیں کہ سینہ میں الٹا ہوا ہے -
قلبہ ع ہل زمین جوتنے کا -
قلبہ ران ف زمین اور ہل جوتنے والا
قلبی ع بدلا ہوا - الٹا کیا ہوا -
دلی -
قلت ع گڑھا - مغاک پہاڑ جس
میں پانی ہو -
قلتبان ع دیوث - جس کی عورت
بدکار ہو - اور وہ شخص جان بوجھکر
کچھ اُس کو روک ٹوک نہ کرے -
قلزم ع نام ایک شہر کا درمیان
مکہ اور مصر کے نزدیک کوہ طور
کے اس شہر سے منسوب کر کے اس
دریا کو جس کے کنارے پر واقع
ہے بحر قلزم کہتے ہیں -
قلاش ف مفلس - بے ننگ و
نام - لُچّا - بدمعاش -
قلع ع اکھیڑنا اور نام ہے ایک
کان کا -
قلعہ ع سنگین مکان محفوظ جس میں
بادشاہ وغیرہ رہتے ہیں -
قلعی ع منسوب قلعہ سے جو نام
ہے ایک کان کا اس میں سے
خالص ارزیز نکلتا ہے اسیواسطے
ارزیز کو قلعی کہتے ہیں -
قلق ع بیقراری - بے آرامی -
قلم ع لکھنے کا قلم - لکھنے والا -

قلم ع کاٹنا۔ تراشنا۔ ناخن کاٹنا۔
قلمرو ف سلطنت۔ راجدھانی۔ ملک۔
قلمزن ع کاتب لکھنے والا۔ مصوّر۔
قلمکار ف رنگ بھرنے والا۔ نقاش۔ ایک طرح کا بافتہ جس پر طرح طرح کے نقش ہوں۔
قلم موی ف بال کا قلم۔
قلندر مب معرب کالندر کا ایک قسم ہے فقیر و نکی مست بے پرواہ اور لغوی معنے کندہ ناتراشیدہ۔
قلوب ع جمع ہے قلب کی۔
قلہ ع چوٹی۔ پہاڑ کی۔ سرکوہ۔ چوٹی۔
قلے ع توے پر کسی چیز کا بریاں کرنا اور قلمی سجی کو کہتے ہیں۔
قلیان ع نیچہ حقہ کا۔ مجازاً حقہ۔
قلیل ع تھوڑا۔ کم۔
قلیہ ع گوشت بھنا ہوا۔ مجازاً ہنڈیا کا پکا ہوا گوشت مع شوربہ کے۔
قمار ع جُوا بازی۔ جس میں زر کی شرط ہو۔

قمار باختن ف جوا کھیلنا۔
قمار باز ف جواری۔
قماش ع اسباب جامہ ابریشمی۔ متاع خانہ۔ جوہر صفت۔
قمر ع چاند۔ اصطلاح کیمیا میں چاندی۔
قمری ع ایک مشہور پرندہ ہے فاختہ کی قسم۔
قمری ع منسوب قمر سے چاند کا۔
قمیع ع شکست کرنا۔ خوار کرنا۔
قمل ع جوں۔ سپش۔
قمیص ع کرتا۔ پیراہن۔
قنات ع پردہ چار طرف خیمہ کے استخوان مہرہ پشت کے۔
قنادیل ع جمع ہے قندیل کی۔
قناعت ع راضی ہونا تھوڑے پر۔ سنتوک کرنا کم پر۔
قنب ع بھنگ۔
قنبر ع نام ہے حضرت علی رضؓ کے غلام کا۔
قند مب شکر۔ کھانڈ یہ لفظ معرب ہے کھنڈ کا۔
قندیل ع فانوس ہے جس میں چراغ جلاتے ہیں۔

قنوط ع ناامید۔ ناامید ہونا۔
قواعد ع جمع ہے قاعدہ کی۔
قوال ع گویّا۔ ڈوم۔ کلاونت۔ بہت بولنے والا۔
قوام ع نظام۔ اصل کسی چیز کا۔ کھڑا ہونا۔ باقی رہنا۔
قوام ع راستی۔ عدل۔
قوانین ع جمع ہے قانون کی۔
قوائم ع جمع ہے قائمہ کی۔ ہاتھ پیر۔
قوت ع طاقت۔ زور۔
قوت ع خوراک۔ کھانا۔
قورت سلاح۔ ہتھیار۔
قورمہ ع بھنا ہوا۔ بریان گوشت بھنا ہوا۔
قورخانہ ع سلاح خانہ۔ میگزین۔ ہتھیار۔ جہاں پر رہتے ہیں۔
قورچی ت ہتھیار۔ بند سپاہی۔ سلاحدار۔ لوہار۔
قوس ع کمان۔ نام ایک برج آسمانی کا ہے۔
قوس قزح ع دھنک۔ شیطان کی کمان جو بعد بارش کھلنے کے آسمان پر نمودار ہوتی ہے۔

قول ع گفتگو ۔ کہنا ۔ بات ۔
قولنامہ ف اقرار نامہ وہ کاغذ جس میں قول و اقرار لکھا جاوے ۔
قُولنج ع وہ درد جو قُولون انتڑی میں پیدا ہوتا ہے ۔
قوم ع گروہ آدمیوں کا ۔
قوی ع مضبوط ۔ قوت والا ۔
قویم ع سیدھا ۔ راست ۔ استوار ۔ خوش قدر ۔
قہر ع زبردستی کرنا ۔ زور کرنا ۔
قہار ع بڑا قہر کرنے والا ۔ صفت خدا تعالےٰ کی ہے ۔
قہقہ ع کھل کھلا کر ہنسنا ۔ خندۂ بسیار ۔ نام ایک قلعہ کا ہے ایران میں ۔
قہوہ ع ایک پھل ہے جسکو ہندی میں بُن کہتے ہیں ۔
قے ع اُبکائی ۔ کھایا ہُوا اُگل دینا ۔
قیاس ع اندازہ اور اندازہ کرنا وہ چیز کا فکر میں برابر کرنا اصطلاح منطق میں ایک قول ہے مرکب دو جملوں سے جو مستلزم ہو نتیجہ کو ۔
قیاسی ع جو موافق قاعدہ کے ہو منسوب قیاس سے ۔

قیافہ ع شگون ۔ علامت ہاتھ و پیر سے نحس اور سعد دریافت کرنے کا علم ۔
قیام ع کھڑا ہونا ۔ استادہ ہونا ۔
قیراط ع چار جو کے مقدار ۔
قیامت ع مصدر ہے بمعنے قائم ہونے کے وہ دن جب مردے زندہ ہو کر کھڑے ہو جائینگے ۔
قیدی ع بندی ۔ بند ہونا ۔
قیر ع ایک قسم کا روغن سیاہ ہے جو اونٹوں خارشیوں پر ملتے ہیں اور سیاہ چیز ہے جو کشتیوں کے درزوں پر لگاتے ہیں ۔ تاکہ پانی ان میں نہ بھر جاوے ۔
قیس ع عرب میں نام ہے ایک قبیلہ کا جو قیس کی اولاد سے ہے اور لقب مجنوں کا ہے ۔
قیصر ع رومی زبان میں قیصر اس بچہ کو کہتے ہیں جو اپنی ماں کے پیٹ میں ہو ۔ اور اسکی ماں قبل اسکے ولادت کے مر جائے پھر اس عورت کا پیٹ چیر کر اس بچہ کو نکالیں چنانچہ عنطوس بادشاہ روم اس طرح پیدا ہُوا تھا ۔ اسی واسطے یہ خطاب اُس کو دیا گیا تھا ۔

قیطون ت جو کہ تہ ابریشم سے تار چاندی یا سونے کی لگا کر بنتی ہے ۔
قیفال ع نام ایک رگ کا ہے ۔
قیل ع نام ایک شخص کا ہے اور وہ جو دوپہر کو سوتا ہے ۔ وہ اونٹنی جسکا دودھ دوپہر کے وقت نکالیں ۔
قیلولہ ع بوقت دوپہر دن چڑھے کے سونا ۔
قُیَّم ع جمع ہے قایم کی ۔
قیمت ع مول ۔ قدر ۔
قیم ع جمع ہے قیمت کی اور قیمت بپا رکھنے والا ۔ قائم رکھنے والا ۔
قیمتی ع جو شے قیمت والی ہو ۔
قیماق ت دودھ کی ملائی ۔ بالائی دودھ کی ۔
قیود ع جمع ہے قید کی ۔ قیدیں ۔
قیوم ع بیمانند ۔ بے ہمتا ۔ نام ہے خدائے تعالےٰ کا بہت قائم رہنے والا ۔

باب الکاف

کابوس ع ایک بیماری ہے جس میں آدمی کو حالت خواب میں یہ معلوم

ہوتا ہے کہ کسی نے اس کو دبالیا
ہے اور وہ ڈر کر آواز کرتا ہے۔
کابین ف مہر وہ روپیہ جو خاوند
بوقت نکاح عورت کو دینا منظور کرتا ہے
کاتب ع لکھنے والا۔ محرر۔
کاچہ ف ٹھوڑی۔ زنخ۔
کاخ ف عمارت بلند۔ محل۔
کاذب ع جھوٹھا۔
کارد ف چاقو۔ چھری۔
کار ف کام۔
کاردار ف وزیر بادشاہ کے
آگے کام کرنے والا۔
کارزار ف لڑائی۔ جنگ۔
کارشناس ع کام کو پہچاننے والا۔
کارفرما ف کام بتلانے والا۔
حکم کرنے والا۔ حاکم۔
کارگذار ف نوکر سرکاری۔ کام
کرنے والا۔
کارکن ف کام کرنے والا۔
کاردان ف کام جاننے والا
وزیر۔
کاروان سرائے ف سرائے
جہاں پر قافلہ اترے۔
کاریدن ف بیج کا بونا۔ تخم
ریزی کرنا۔
کاریز ف نالی پانی دینے کی کھیت
ہیں کول پنجابی زبان میں کہتے
ہیں ایک نالی جوندی سے کھود
کر کھیت میں لیجاویں تاکہ
کھیت میں پانی دیا جاوے
اس کو کاریز کہتے ہیں۔
کاریگر ف کام کرنے والا۔ ہنرور۔
کاسب ع کسب کرنے والا۔
کمانے والا۔
کاستن ف گھٹنا۔ گھٹانا۔
کاسد ع کھوٹا جس میں کچھ
کھوٹ ملا ہوا ہو۔
کاسر ع توڑنے والا۔
کاسف ع گھنے والا۔ یعنی جسکو
گھن لگا ہوا ہو جیسے چاند یا
سورج کو گھن لگتا ہے۔
کاک ف روٹی ایک قسم کی ہے
ٹکیہ کی طرح پر۔
کاشانہ ف جھونپڑہ۔ گھر۔ یہ
کلمہ تحقیر کا ہے جھوٹا سا گھر گھونسلا
پرند کا۔
کاشتن ف بونا۔ بیج بونا۔
کاشف ع کھولنے والا۔ دور کرنے والا
کاظم ع غصہ اندر پینے والا۔ غصہ پی
جانے والا۔
کاغذ ع مشہور ہے۔
کافتن ف کھودنا۔
کافر ع منکر خدا کا جو خدا کو
نہ مانے۔
کافل ع ضامن۔
کافور ع کپور مشہور دوا ہے۔
کافہ ع گروہ آدمیوں کا۔ جماعت
کافہ انام ع سب لوگ۔ جماعت
آدمیوں کی۔
کافی ع کفایت کرنے والا۔
کاش کاشکے ف خدا کرے۔
امیدیوں ہے۔ یہ کلمہ تمنا آرزو کا ہے
کاکل ف زلف بال سر کے لٹکے
ہوئے سامنے کو۔
کالا ف اسباب۔ متاع۔ پونجی۔
کاسہ ف پیالہ۔ کاسہ۔
کالبد ف قالب۔ تن۔ بدن۔
کالوج ف چھوٹی انگلی ہاتھ کی
کام ف مطلب مقصود۔ تالو منہ
کامران ف جس کا مطلب آ گیا ہو
کامل ع پورا۔
کامن ع چھپا ہوا۔ پوشیدہ۔

کامیاب ف کام پانے والا۔ کامران مطلب جسکا ہو گیا ہو۔
کان ف کھان۔ معدہ۔
کانون ف آتشدان۔ بھٹی۔
کانون آخر ف ایک رومی مہینہ کا نام ہے۔
کانون اول ف ایک رومی مہینہ کا نام ہے۔
کانی ف کان کی چیز۔ معدنی۔
کاؤ ف امر ہے کاوید۔
کاوِ کاؤ ف تلاش۔ تجسس۔
کاوِش ف معنے کھوج نکالنا۔ تلاش کرنا۔ تفحص کرنا۔
کاوس ف نام ہے ایک بادشاہ کیانی کا بعضے لوگ نمرود کو کہتے ہیں کوئی شخص فرعون کا نام بتلاتے ہیں
کاہ ف گھانس۔ پھونس۔
کاہش ف کم ہونا۔ نقصان قبول کرنا۔
کاہکشان ف وہ لمبی سڑک یا راہ جو آسمان پر رات کو نظر آتی ہے۔
کاہل ع سُست +
کاہلی ع سُستی۔
کاہن ع فال گو۔ جادوگر۔ شگون بینے والا جانوروں سے۔
کاہو ع نام ایک دوا کا ہے۔
کاہیدن ف گھٹنا۔ اور گھٹانا
کائن ع ہونے والا۔ موجود۔
کائنات ع دنیا۔ موجودات۔
کُپ ف اندر کی طرف کا رُخ یعنے گردا گرد منہ انار کے جانب کا۔
کباب ع گوشت کوٹ کر گول کر کے اس کو بھون کر پکاتے ہیں۔
کباد ع درد جگر۔
کِبار ع بزرگان جمع ہے کبیر کی۔
کِبد ع جگر جمع اس کی اکباد آتی ہے۔
کبث ع سڑ جانا گوشت کا۔ بدبو ہونا گوشت کا۔
کِبر ع بزرگی۔ بڑائی۔
کِبریا ع بزرگ بن۔ بزرگی۔ عظمت۔
کِبریت ع گندھک۔ گوگرد۔
کبک ف چکور۔
کبوتر ف مشہور پرند ہے۔
کبود ف نیلگون۔ نیلا۔
کبیر ع بزرگ۔ بڑا۔
کبیسہ ع گوآں باندی سٹی سے بھری ہوئی لوند کے دن یعنے ۱۱ دن بحساب سال شمسی کے مقابلہ میں حساب قمری کی جو زائد آتے ہیں ان کو تین برس کے بعد جمع کر کے ایک مہینہ لوند کا جو ہندو بڑھاتے ہیں۔ اس کو کبیسہ کہتے ہیں
کتاب ع نامہ۔ لکھت۔ اندازہ فرض کیا ہوا نکاح کرنا غلام یا لونڈی کا بعوض روپیہ کے۔
کتابت ع لکھنا۔
کتارہ ف یہ وہ حربہ ہے جسکو اہل ہند کٹار کہتے ہیں یعنی خنجر۔
کتان ع السی اور ایک قسم کا کپڑا باریک ہوتا ہے۔
کُتب ع جمع ہے کتاب کی۔
کتخدا ف اصل اسکی کدخدا ہے یعنی صاحبخانہ دولہا گھر والا۔
کتف ع شانہ۔ کندھا۔
کتم ع چھپانا۔ پوشیدہ کرنا۔ پوشیدگی۔ پردہ
کتوال ف پولیس کا محافظ۔ پولسدار۔ اصل میں یہ لفظ ہندی ہے،
کثافت ع بھدا ہونا۔ غیر لطیف ہونا۔ موٹائی۔

کثرت ع زیادتی۔ بہتایت۔ مجازاً انبوہ آدمیوں کا۔

کثیر ع بہت۔ زیادہ۔

کثف ع بھیڑ آدمیوں کی۔ گروہ۔

کثیف ع جو لطیف نہ ہو۔ غلیظ موٹا۔

کج ع ٹیڑھا پن۔ کُب۔

کُجاف کہاں۔ کسجگہ۔

کجاوہ ف اونٹ پر ایک کاٹھی ایسی طرح پر باندھتے ہیں جس پر دو شخص مقابل ایک دوسرے کے بیٹھتے ہیں۔ اس کو کجاوہ کہتے ہیں۔

کج مج ف جسکی گفتگو فصیح نہو مہمل الفاظ بولنے والا۔

کجک ف آنکس ہاتھی کی ہانکنے کا جو فیلبان کے ہاتھ میں ہوتا ہے

کچکول ف کاسہ فقیر کا بھیک مانگنے کا پیالہ۔

کجی ف ٹیڑھا پن۔ کبڑا پن۔

کحال ع سیتا۔ وہ حکیم جو صرف آنکھوں میں دوا ڈالے۔

کتخدائی ف شادی۔ بیاہ۔

کُحل ع سرمہ۔

کدہ ف خانہ۔ گھر۔ دلیہ۔ گاؤں

کدف خانہ۔ گھر۔

کُدام ف کون شخص۔ کون چیز۔

کدبانو ف مالک گھر کی بیگم۔ گھر کی

کدخداف صاحب خانہ۔ مالک گھر کا۔ دولھا۔

کدر ع تیرہ۔ گندلا۔ مکدر۔

کدو ف گھیا۔ نام ایک ترکاری کا ہے

کدوخ ف حمام۔ گرم خانہ۔ حمام۔

کدود ف کنواں۔ چاہ۔

کدورت ع تاریکی۔ گندلا پن۔

کدیور ف مالی۔ باغبان کسان رئیس سفید ڈاڑھی والا۔ گاؤں۔ صاحبخانہ۔ مجازاً۔ دینا زمانہ۔

کذا ع ایسا۔

کذّاب ع بہت جھوٹا۔

کذب ف جھوٹ۔ دروغ۔

کذوب ع جھوٹا۔ دروغگو۔

کرف بہرا جسکو کم سنائی دے۔

کرا ف کسی کے تئیں۔ کس کو۔

کراز ع بوتل یا شیشی وہ کوزہ جس کا سر تنگ ہو۔

کرات ع گندنا۔ ایک قسم۔

کرام ع جمع ہے کریم کی۔ سخی لوگ۔

کرامت ع بزرگی۔

کران ف کنارہ۔ انتہا۔

کراہت۔ کراہیت ع ناپسندی خوشی۔

کرایہ ف بھاڑہ۔

کرب ع غم۔ رنج۔ دکھ۔ درد۔

کُربت ع دکھ۔ رنج۔ مصیبت۔

کرت ع نوبت۔ باری۔ دفعہ۔

کرخت ف سخت۔

کروار ف طرز۔ روش۔ کاروعمل و فعل۔

کردگار ف خدائے تعالےٰ۔ کنندہ۔ طرز۔

کردن ف کرنا۔

کرسی ع تخت۔ چوکی یہ لفظ عربی ہے۔

کرشمہ ف ناز و غمزہ۔ آنکھ کی چھپکی۔ جھالو نی۔

کرفش ع چھپکلی۔ چلپاسہ۔

کرگ۔ کرگدن ف ایک جانور ہے جسکو ہندی میں گینڈا کہتے ہیں۔

کرگس ف پرند ہے - مردار خوار
لمڈھینگ مشہور پرند ہے -
کرم ع جوانمردی - مردمی -
عزیزی - مجازاً مہربانی -
کرم ف انگور - رز -
کِرم ف کیڑا -
کِرم پیلہ ف ریشم کا کیڑا -
کرمان ف کیڑے جمع ہے کرم
کی اور نام ایک شہر کا فارس میں
کرم کلّہ ف گوبھی - ایک قسم کا
ساگ ہے -
کرنا ف نری نفیری - سرناہی
کرنب ع کرم کلّہ -
کروہ ف کوس اس کی تعداد
چار ہزار گز کی ہے -
کرّوبی ع فرشتہ مقرب -
کرّہ ع گیند - گولا -
کرّہ ف گھوڑے کا بچہ -
کریم ع سخی - بزرگ -
کریما ع اے سخی - اے کریم
اے خدا -
کریوہ ف ٹیلہ
کریہ ع مکروہ - بھونڈا - بدشکل
کژ ف کج - ریشم - کم قیمت کا -

اسکا معرب ہے -
کُس ع فرج - عورت کا اندام نہانی
کس ف آدمی - شخص -
کساف چادر - گلیم -
کساد ع ناروا جی متاع کی -
خریداری اشیا کی -
کسالت ع سستی - سست ہونا
کسب ع حاصل کرنا - پیدا کرنا
مجازاً ہنر پیشہ -
کسبی ع پیشہ ور - ہنرور - مجازاً
زن فاحشہ بازاری -
کسرہ ع زیر جیسے دِن کی دال
کے نیچے -
کسر ع ٹکڑا - حصہ - ٹوٹا ہوا -
کسل ع کاہلی - سستی -
کسوت ع جامہ - پوشیدنی لباس
کسور ع جمع ہے کسر کی -
کسوف ع گہن - گہن لگنا -
کسے ف کوئی شخص -
کشادگی ف وسعت - کشادہ ہونا
کشادہ ف کھلا ہوا -
کشادن ف کھلنا - اور کھولنا
کشّاف ع کھولنے والا - پردہ
اٹھانے والا -

کشاکش ف چھینا - جھپٹی -
اینچاتانی -
کشائش ف کشادگی - فراخی
کِشت ف کھیتی -
کُشت ف مارا - قتل کیا -
کشت زار ف کھیت - کھیتی
کشتکار ف کھیتی کرنے والا
کِشتن ف بونا -
کشتی ف ناؤ - بیڑی -
کشتی بان ف ملاح -
کُشتی ف لڑنا - گھلنا -
کُشتن ف مار ڈالنا - قتل کرنا
کشش ف کھینچنا - جذب کرنا
کشف ع کھولنا - برہنہ کرنا -
پردہ اٹھانا -
کشکول ع بڑا پیالہ - بھیک کا
پیالہ - جو فقیروں کے پاس ہوتا ہے
کشمش ف سوکھے انگور - داکھ
کشنیز ف دھنیا -
کشودن ف کھلنا - اور کھولنا
کشور ف ملک - ولایت -
کشیدن ف کھینچنا -
کعب ع ٹخنہ اور اصطلاح حساب
میں تیسرا درجہ عدد کا -

کعبہ ع مکہ۔ قبلہ۔
کعک مب۔ روٹی معرب
کاک کا ہے۔
کف ع ہتھیلی۔ ہاتھ کی ہتھیلی
کفار ع جمع ہے کافر کی۔
کفارت ع بدلہ گناہوں کا
عوض۔
کفارہ ع خطا یا گناہ کا عوض۔
کفاف ع اندازہ اور اسقدر
معاش کہ کفایت کرے بدرجہ ہیچ
کفالت ع ضامن ہونا۔ متعہد
ہونا۔ ذمہ دار ہونا۔
کفائت۔ کفایہ ع کافی ہونا۔
کف پا ف ہتھیلی پاؤں کی تلوا۔
کفچہ ف ڈوئی۔ کفگیر
کف دست ف ہاتھ کی ہتھیلی۔
کفر ع ناشکری۔ نہ ماننا خدا کا۔
کفران ع ناشکری نعمت کی۔
کفش ف جوتی۔
کفشدوز ف موچی۔
کفگیر ع [illegible]۔ بڑا چمچہ۔
کفل ع سرین۔ چوتڑ آدمی یا
حیوان کا۔
کفن ع مردہ کی چادر جس میں
لپیٹ کر گاڑتے ہیں۔
کفنی ع وہ کپڑا جو مردہ کے گلے
میں ڈالتے ہیں اور فقیر بھی
ویسا ہی پہنتے ہیں۔
کفو ع ہم قوم ہم ذات ہم خاندان۔
کفیت ع بچایا گیا۔ کفایت کیا گیا
کفیل ع ضامن۔ ذمہ دار۔
کفیدن ف پھٹنا۔
کل ع تمام۔ پورا۔
کل ت گنجا۔
کلا ع گھانس نو تازہ۔
کلال ع سستی اعضا کی تکان
کلال ف وہ شخص جو مٹی کے
برتن بناتا ہے۔ کمہار۔
کلاغ ف جنگلی کوا۔ کاگ۔
کلالہ ف گھنگریالے بال۔ زلف
پیچدار۔
کلام ع عبارت جو مرکب ہو
کلموں سے۔
کلان ف بڑا۔ لمبا۔
کلانی ف بڑائی۔ لمبائی۔
کلاہ ف ٹوپی۔
کلاوہ ف گولی سوت کی یا
سوت جو تکلے پر لپٹا ہوا ہو۔
کلب ع کتا۔ سگ۔
کلبتان ف سنڈاسی لوہا گرم
پکڑنے کا ہتھیار۔ زنبور۔
کلتبان ف دیوث آدمی بیشرم
بے حیا۔ بھڑوا۔
کلبہ ع چھوٹا سا گھر تنگ تاریک
حجرہ۔ دوکان۔
کلف ع چھائیاں۔ یعنی منہ پر
جو داغ پڑ جاتے ہیں۔
کلفت ع تکلیف۔ رنج۔ سختی۔
کلک ف سرکنڈا جو اندر سے خالی
ہو مجازاً قلم کا نیزہ۔
کلمات ع جمع ہے کلمہ کی۔
کلمہ ع لفظ مفرد جو با معنے ہو۔
کلند ف کسی۔ پھاوڑا۔
کلنگ ف نام ایک پرند کا ہے جسکو
کونج کہتے ہیں اور نام ایک آلہ کا
بھی ہے جس سے زمین یا دیوار
کو کھودتے ہیں۔
کلوخ ف ڈھیلا مٹی کا۔
کلہ ف ٹوپی مخفف ہے کلاہ کا
تاج پادشاہی۔
کلی ع جس کے مفہوم میں بہت افراد
شامل ہوں جیسا انسان حیوان۔

کلیات ع جمع ہے کلی کی۔
کلید ف کنجی۔تالی۔
کلیم ع سخنگو۔کلام کرنے والا۔
زخمی۔لقب حضرت موسے کا۔
کُلیہ ع گُردہ ایک عضو اندرونی
ہے۔
کم ع کتنا۔چند۔بہت۔
کم ف تھوڑا۔
کماحقہ ع جیسا چاہئے جیسا اسکا
حق ہے بہت ٹھیک۔
کماد ف ٹکور لگانا۔کسی عضو کو
گرم کرنا۔کسی چیز سے جس کو
آگ پر سینک لیا ہو۔
کمال ع تمام اور تمام ہونا۔
کمالات ع جمع ہے کمال کی۔
کمان ف دھنک مشہور ہتھیار
ہے تیر پھینکنے کا۔
کماندار ف کمان رکھنے والا۔
کما ینبغی ع جیسا چاہئے۔
کمبخت ف کم نصیب۔
کمتر ف زیادہ کم۔بہت کم۔
کمترین ف بہت ہی کم۔
کمخاب ف ایک قسم کا کپڑا ہے
زریں تار سے بنا ہوا۔

کمر ف پیٹھ۔میان۔
کمربند ف پٹکا۔کمر باندھنے
کی چیز۔
کمک ف مدد۔
کمند ف اصل میں خمند تھا۔
معنے مشہور ہیں۔پھندا۔
کمہ ع مادرزاد اندھا۔
کمی ع سپاہی۔دلاور۔دلیر۔
ہتھیار بند۔
کمیاب ف جو کم دستیاب ہو۔
کمیّت ع چندگی۔مقدار۔
کمیز ف پیشاب۔بول۔
کمیزدان ف پھکنی موت کی۔
پیشاب کا پھکنا۔
کمین ع گھات میں بیٹھنا۔کسی
جگہ دشمن یا شکار کے مارنیکو بیٹھنا۔
کمینہ ف کم مرتبہ۔نیچ۔
کُن ع ہو جا۔ہو۔
کَن ف کھود۔
کناد ف کریو۔
کنار ف کنارہ۔گوشہ۔طرف۔
بغل اور کنار بر کو بھی کہتے ہیں۔
کنّاس ع حلال خور۔خاکروب۔
چوہڑا۔

کنایہ / کنائت } سخن پوشیدہ مراد اشارہ
کنائس ع جمع ہے کنیسہ کی معابد
مساجد۔مندر۔
کنج ف گوشہ۔کونہ۔
کنجد ف ایک قسم کا غلہ
ہے۔
کنز ع خزانہ۔
کنجشک ف چڑیا۔
کند مب شکر۔قند۔
کندن ف کھودنا۔
کندیدن ف کھودنا۔
کنف ع جانب۔کنارہ۔پناہ۔
کنکاش ت مشورہ کرنا۔باہم
صلاح کرنا۔
کنگرہ ف جو عمارت کے اوپر
بناتے ہیں چاروں طرف۔
کنوز ع جمع ہے کنز کی خزانے۔
کنوں ف اب۔اس وقت۔
کنہ ع حقیقت۔ماہیت۔
کنیز / کنیزک } ع باندی۔لونڈی۔
کنیسہ ع معبد۔مندر۔
کو ف گلی۔کوچہ۔

کواکب ع جمع ہے کوکب کی ستارے روشن۔

کوب ع کوزہ بدون دستہ کے جمع اس کی اکواب آتی ہے۔

کوبہ ف موگری۔

کوبیدن ف کوٹنا۔

کوتاہ۔کوتہ ف چھوٹا۔

کوتاہی ف چھوٹاہی۔

کوتل ت یہ لفظ ترکی ہے۔معنی اسکو ہیں۔گھوڑا سواری خاص کا۔

کوتوال ب اس لفظ میں اختلاف ہے۔بعضے کہتے ہیں یہ اصل میں کوٹ وال تھا۔یعنی محافظ قلعہ کا اور بعض کہتے ہیں۔کہ کوتہ وال یعنی مالک کوتہ کا۔کوتہ اُن بندوقوں کو کہتے ہیں۔جو اکھٹی کر کے کوتوالی میں سپاہی رکھ دیتے ہیں پھر تقدیمۂ لفظ ہندی کے

کوثر ع نام ایک حوض کا جو درمیان جنت کے ہے۔

کوچ ف کوچ کرنا۔روانہ ہونا۔

کوچک ف چھوٹا۔

کوچہ ف گلی۔

کودک ف لڑکا۔بچہ۔

کودن ف احمق۔

کور ف اندھا۔

کورنش ف جھک کر سلام کرنا۔

کورنشات ف جمع ہے کورنش کی۔

کورہ ف بھٹی۔آتشدان۔

کوری ف اندھاپن۔

کوزپشت ف کبڑ۔جس کی پشت کبڑی ہوگئی ہو۔

کوزہ ع کوزہ۔برتن دستہ دار۔

کوز ف خمیدہ۔دوتا شدہ۔

کوس ف نقارہ کلاں صدمہ صف لشکر قطار کی

کوشش ف سعی۔

کوشک ف محل۔بلند مکان۔

کوشیدن ف کوشش کرنا۔

کوفتن ف کوٹنا۔

کوفت ف کوٹا۔

کوکب ع ستارہ روشن۔

کوکبہ ع ستارہ جماعت۔انبوہ۔مجازاً شکوہ۔حشمت۔بزرگی۔

کوکلتاش ت برادر رضاعی دو بچوں نے جو ایک دایہ کا دودھ پیا ہو۔ایک دوسرے کا کوکلتاش کہلاتا ہے۔

کُون ف مقعد۔

کون و فساد ع موجود ہونا۔اور تباہ ہونا۔ہو کر بگڑ جانا ہے۔

کونین ع دنیا اور دین۔یہ جہان اور وہ جہان دوسرا۔

کونیہ ع منسوب بکون۔

کوہ ف پہاڑ۔

کوہہ ف برآمدگی ہر چیز کی۔ابھار گائے اور اونٹ کا ابھرا ہوا کندھا مجازاً کندھا انسان کا حملہ۔

کوہان ف کندھا۔ابھرا ہوا۔

کوہچہ ف ٹیلا۔ابھری ہوئی زمین۔

کوہستان ف پہاڑ۔

کوئے ف گلی۔کوچہ۔

کہ ف جو۔وہ یعنی۔کون۔

کہانت ع غیب کی بات بتلانا فال گوئی۔

کہتر ف چھوٹا۔

کہربا ف گھاس اٹھانے والا۔غیر ایک قسم کا گوند زرد رنگ کا ہوتا ہے۔اس کی خاصیت یہ ہے اگر اس کو گھسکر گھاس کے تنکے کے سامنے رکھیں تو اسکو کھینچ لیتا ہے

کہف ع پناہ۔ گڑھا۔
کہکشاں ف ایک لمبی سفیدی ہے آسمان میں۔
کہل ع مرد میانہ سال یعنی نہ جوان نہ بوڑھا۔ ادھیڑ۔
کہن } ف پرانا۔
کہنہ
کے ف کب۔
کیان ف بادشاہان عظیم الشان کے چار بادشاہ تھے۔
کیاست ع دانائی۔ زیرکی۔
کید ع مکر۔ فریب۔
کیخسرف نام بادشاہ کا۔
کیرف آلت مرد کی۔ پیشاب کرنے کا عضو۔
کیّس ف زیرک۔ دانا۔ عقلمند۔
کیسہ ع تھیلی۔
کیست ف کون ہے۔
کیش ف خو۔ عادت۔ ترکش۔ دین مذہب۔
کیف ع چگونہ کیونکر اصطلاح میں وہ عرض جو بالذات تقسیم قبول نہ کرے۔ جیسے سیاہی۔ سفیدی۔ و بمعنی نشہ۔ مستی۔

کیفیت ع چگونگی۔ حالت اور وہ وصف جو کسی چیز میں حاصل ہو گیا ہو۔
کیک ف پسو۔ ایک کیڑا مشہور ہے۔
کیل ع پیمانہ۔ تولنا۔ ناپنا اناج وغیرہ کا کسی پیمانہ سے۔
کیموس ع نام ہے۔ اس صورت غذا کا جو دوسرے طبخ میں درمیان جگر پختہ ہوتی ہے
کیمیا ع مکر و حیلہ۔ اصطلاح میں بسبب ملنے روح اور نفس اجساد ناقصہ کے انکو مرتبہ کمال پر پہنچانا۔ یعنی رانگ کو چاندی اور تانبے کو سونا بنانا۔ اور چونکہ یہ عمل خالی مکر اور فریب سے نہیں ہے اسواسطے اسکو کیمیا کہتے ہیں۔ فارسی میں نظر پیر و مرشد کامل کی۔ اور عشق کو کیمیا۔ اور عشق بازی کو کیمیا گری کہتے ہیں۔
کیمیاگر ف فریب کرنے والا۔ کیمیا بنانے والا۔
کینہ ف بغض۔ دشمنی۔ عداوت۔
کینہ کیش ف وہ شخص جو دشمنی رکھتا ہے۔

کیوان ف نام ہے ستارہ زحل کا جو فلک ہفتم پر ہے۔ اور مجازاً فلک کو بھی کہتے ہیں۔
کیہان ف جہان۔ زمانہ۔ دنیا۔

باب الکاف فارسی

گار ف بمعنے کرنے والے کے آتا ہے۔ جیسے ستمگار۔ گنہگار خدمتگار اور لائق کے معنے میں آتا ہے۔ جیسے رستگار یعنی لائق اسکے اور بمعنے سبب کے جیسے روزگار و یادگار بمعنے سبب روز و شب اور سبب کسی کے یاد آنیکا۔
گاز ف بمعنے مقراض۔ گلگیر۔ گھانس۔
گازر ف دھوبی۔
گام ف قدم۔ پیر۔
گاؤ ف گائے۔
گاؤدم ف کرنائی۔ بگل۔ نفیری۔
گاؤزوری ف کشتی کرنے کی قوت بزور کشتی کرنے کی خواہش کرنا۔

گاہ ف وقت - جگہ -
گاہ گاہ ف کبھی - کبھی -
گائیدن ف جماع کرنا - عورت سے جفت ہونا -
گبر ف آتش پرست - آگ کا پوجاری -
گچ ف چونہ -
گدا ف فقیر -
گداختن ف پگھلانا - پگھلانا -
گدازش ف پگھلاہٹ - گلنا -
گدازندہ ف پگھلنے والا -
گدائی ف بھیک مانگنا -
گذار ف راہ - ادا کرنا - ادا -
گذاردن ف ادا کرنا - پیشکش کرنا -
گذارش ف ادا کرنا -
گذاشتن ف چھوڑنا -
گذاف بیہودہ - گفتگو -
گذر ف راہ - راستہ - گذرنو -
گذرنامہ راہداری کا پروانہ -
گذران ف گذرتے ہوئے - خرچ کرتے ہوئے -
گذرانیدن ف گذرانا -
گذربان ف راہدار - محافظ راہ کا -

گذرگاہ ف جاگہ گذرنے کی - گھاٹی -
گذشتن ف گذرنا -
گر ف اگر - جو -
گرامی ف بزرگ -
گراں ف بھاری -
گرانی ف بھار - بوجھ -
گرائی ف میلان - ڈھلنا -
گرائیدن ف خواہش کرنا -
گربال ف چھلنی آٹا چھاننے کی -
گربہ ف بلی -
گربہ آبی ف دریائی بلی -
گرچہ ف اگرچہ -
گرد ف ڈھول
گرد ف گول - چار طرف -
گرداب ف بھنور -
گرداگرد ف چاروں طرف - سب طرف -
گرداں ف لوٹا - لپیٹ -
گردانیدن ف لوٹنا - پیٹنا -
گردآوری ف حکومت -
گردباد ف بگولا -
گردش ف دورہ -

گردشہر ف شہر کا گردا -
گردگان ف اخروٹ -
گردکردن ف گول کرنا -
گردن ف ناڑ - گردن -
گُردن ف پہلوان - دلاور -
گردوں ف آسمان -
گردہ ف مشہور عضو ہے -
گِردہ ف ٹکیا - روٹی کی قسم -
گردیدن ف پھرنا - ہونا -
گزر ف گاجر -
گرسنگی ف بھوک -
گرسنہ ف بھوکھا -
گرفتار ف پھنسا ہوا - پکڑنا -
گرفتاری ف گرفت کرنا - پکڑنا -
گرفتن ف پکڑنا - لینا -
گرگ ف بھیڑیا -
گرم ف تتا - گرم -
گرمابہ ف حمام - غسل کرنا -
گرم خیز ف چالاک -
گرم سیر ف گرم ولائت - آب ہوا گرم -
گرم سر ف گرمی - تتاپن -
گرنہ ف اگرنہ - اگر - نہیں - نہیں تو

گرو ف رہن - دہرور - مجازاً مفید -
گروہ ف جھنڈ - غول -
گرویدن ف رغبت کرنا -
گرہ ف گانٹھ -
گریاں ف روتے ہوئے - رونے والا -
گریانیدن ف رلانا -
گریبان ف کنٹھی
گریختن ف بھاگنا -
گریز ف بھاگنا - اصطلاح میں ایک مضمون سے دوسرے مضمون پر آنا -
گریزانیدن ف بھگا دینا -
گریستن ف رونا -
گریہ ف رونا -
گز ف آلہ پیمائش کرنے کپڑے زمین وغیرہ کا -
گزاف جھوٹ - فریب - بیہودہ بے حساب - بے حد -
گزان ف کاٹتا ہوا -
گزانیدن ف کٹوانا -
گزاردن ف ادا کرنا -
گزند ف صدمہ - دکھ - تکلیف آسیب - آفت - رنج - نظر بد -

گزنے ف نرد خشک - گل تر و خشک -
گزیدن ف کاٹ کھانا - دانتوں سے کاٹنا -
گزیدن ف چن لینا - پسند کرنا - اختیار کرنا -
گزیدہ ف پسندیدہ - اختیار کیا ہوا -
گزیدہ ف کاٹا ہوا -
گساردن ف چھوڑنا - کھانا -
گستاخ ف شوخ - چالاک بے ادب -
گستاخی ف بے ادبی -
گستر ف بچھاؤ -
گسترانیدن ف بچھوانا -
گستردن ف بچھانا -
گسیختن ف ٹوٹنا -
گسستن ف ٹوٹنا - توڑنا -
گشت ف ہوا - ہوگیا -
گشتن ف ہونا - پھرنا -
گشتہ ف ہوا -
گفتہ ف کہا ہوا -
گفتار ف بات - چیت - گفتگو -
گفتن ف کہنا -

گفتگو ف بات - چیت -
گل ف پھول - مجازاً - نتیجہ بہتر -
گل ف مٹی خاک پانی میں ملی ہوئی خاک منجمد اور خشک -
گلاب ف پھول کا پانی - نام ایک قسم کے پھول کا ہے -
گلبن ف درخت - گلسرخ -
گلخن ف آتش گاہ - بھاڑ جس میں غلہ بھونتے ہیں -
گلدستہ ف پھولوں کا دستہ بندھا ہوا -
گلرخ ف وہ شخص جسکے رخسار گلاب کے رنگ ہوں -
گلستان ف پھول کی جگہ - باغ -
گلشن ف یہ لفظ مرکب ہے بمعنے پھول اور شن جو کلمہ نسبت کا ہے -
گلفام ف پھول کے رنگ -
گلقند ف مشہور دوا ہے - اور مجازاً لب معشوق -
گلگیر ف شمع کترنے کا مقراض -
گلذار ف باغ + گلو ف گلا -
گلوبند ف رومال جو گلے میں باندھتے ہیں -

گلولہ ف گولی ۔ گولا ۔
گلہ ف شکوہ ۔ بڑبڑاہٹ ۔
گلہ ف ریوڑ ۔ جانوروں کا غول ۔
گلہ بان ف ریوڑ والا ۔ گڈریا ۔
گلہ بانی ف نگہبانی کرنا گلہ کی ۔
گلی ت مٹی کا ۔
گلیم ف کملی ۔ اون کا کپڑا ۔
گم ف کھویا جانا ۔
گماشتن ف مقرر کرنا ۔ متعین کرنا ۔
گماشتہ ف وہ شخص جو کسی کی طرف سے کسی کام کے واسطے مقرر ہوا
گمان ف وہم ۔ شک ۔
گمراہ ف راہ بھولا ہوا ۔
گمراہی ف راہ بھولنا ۔
گناہ ف دوش ۔ خطا ۔
گنہگار ف خطاکار ۔ جس نے گناہ کیا ہوا ۔
گنجائش ف سمائی ۔
گنجیدن ف سمانا ۔
گنجفہ ف چند ورق گول ۔ ایک کھیل کے ہوتے ہیں ۔
گنجور ف خزانہ رکھنے والا خزانچی

مالک خزانہ ۔
گنجینہ ف خزانہ ۔
گندم ف گیہوں ۔
گندم گون ف گیہوں کے رنگ کا ۔
گندنا ف ایک قسم کی ترکاری ہے ۔
گندہ ف مقابل ہے باریک کے ۔ غف ۔
گندہ ف ناپاک ۔
گنگ ف نام دریائے گنگا کا ہے ۔
گنگ ف گونگا ۔
گنہ ف مخفف ہے گناہ کا ۔ گناہ ۔
گنہگار ف گناہ کرنے والا ۔
گوارا ف موافق مزاج کے پسند ۔ خوشمزہ ۔ زود ہضم ۔
گوار بدن ف ہضم ہونا ۔ پسند ہونا ۔
گوارش ف گوارہ ہونا ۔ خوش مزہ ہونا ۔
گواہ ف گواہی دینے والا ۔
گواہی ف شاہدی ۔
گور ف گور خر ۔ یہ معنی مجازی ہیں اصل

میں گور جنگل کو کہتے ہیں اور قبر کو ۔
گورخر ف خر صحرائی ۔ جنگلی گدھا ۔
گورستان ف گورستان ۔ قبروں کی جگہ ۔
گوز ف وہ ہوا جو پاخانے کی راہ سے باآواز نکلے ۔
گوزف مخفف ہے گوزن کا ۔
گوزن ف بارہ سینگا ۔ مشہور جانور ہے ۔
گوسالہ ف بچھڑا ۔ گائے کا بچہ ۔
گوسپند ف بکری ۔
گوشت ف ماس ۔
گوشمال ف سزا ۔ کان ملنا ۔
گوشوارہ ف نام ہے ایک زیور کا جو کان میں لٹکاتے ہیں ۔ اختصار کسی کا غذ کا ۔
گوشہ ف کونہ ۔
گوگرد ف گندھک ۔
گول ف احمق ۔ نادان ۔ فریب مکر ۔
گولہ ف توپ کا گولہ ۔
گون ف رنگ ۔
گوناگون ف رنگ برنگ ۔
گونہ ف رنگ ۔ قسم ۔ رنگ ۔

گوہر ف جوہر - موتی -
گوہری ف جوہری - موتی والا -
گویائی ف گفتگو کی طاقت -
گوینده ف کہنے والا -
گہ ف کبھی -
گہر ف مخفف ہے گوہر کا - موتی -
گہواره ف ایک قسم کی چارپائی ہوتی ہے - جو بچوں کو جھلانے کے واسطے ہوا میں لٹکاتے ہیں - اور اُس کو ہلاتے رہتے ہیں -
گیاه ف گھاس -
گیتی ف دنیا - عالم -
گیر ف پکڑ -
گیرا ف پکڑنے والا -
گیسو ف زلف -
گیہن ف صاحب خداوند - مالک بھرا ہوا -

باب اللام

لا ع نہیں - یہ کلمہ نفی کا ہے -
لا ف بمعنی برده اور تہ - لابرلا کے معنے تو برتو کے ہیں - و بمعنی کینچی کے بھی آتا ہے -
لابدّ ع ضروری - جسکا چارہ نہ ہو -

لاابالی ع پرواه نہیں رکھتا ہوں میں - یہ لغوی معنے ہیں - مجازاً بے پرواه - بیخوف -
لابن ع دودھ والا - بہت دودھ کی مالک -
لابہ ف نہایت عاجزی سے اپنی محبت ظاہر کرنا چرب زبانی چاپلوسی عاجزی - فریب کرنا - بازی کرنا -
لاتعد ع بیشمار -
لاثانی ع بے مثل - یگانہ - جسکا دوسرا نہ ہو -
لاجرم ع لاچار - بالضرورت - لاعلاج -
لاجواب ع بیجواب جس کا جواب نہ ہو سکے -
لاجورد ع ایک پتھر ہے - کبود رنگ جسکے نگینے بناتے ہیں - اور بیشکر کتاب وغیره اس کا رنگ لگاتے ہیں -
لاچار ف جسکا چاره نہ ہو - ضرور -
لابدی ع ضرور -
لاحق ع پیچھے سے آکر ملے جو کسی چیز کے پیچھے آکر لگے -
لاحل ع جو حل نہ ہو سکے -
لاحول ف نہیں ہے قوت -

کلمہ نفرت کا ہے -
لاخ ع جگہ اور مقام جیسا کہ سنگ لاخ یعنی وہ جگہ جہاں پتھر ہوں
لاخراج ع جس پر محصول سرکاری نہ ہو -
لادعوے ع بے دعوے -
لادوا ع جسکی دوا نہ ہو -
لاریب ع بیشک -
لایزال ع ہمیشہ -
لازوال ع جسکو زوال نہو قدیم جو ہمیشہ رہے -
لازم ع چمٹا ہوا - لگا ہوا -
لازمی ف منسوب ہے لازم سے وہ فعل جسکے معنے میں مفعول کے حاجت نہ ثابت ہو -
لازمہ ع اسباب ضروری - ضرورت -
لاش ف تن مرده کا -
لاشک ع بے شک - بے شبہ -
لاشہ ف تن مرده کا - زبان -
لاغر ف ضعیف - خواه انسان ہو خواه حیوان اور اکثر یہ صفت گھوڑے گدھے میں واقع ہوتا ہے اور گدھے کے معنے بھی آتا ہے -

لاصق ع لگا ہوا - ملا ہوا -
لاطائل ع بے فائدہ -
لاعب ع کھیلنے والا -
لاغر ع دبلا - ماڑا -
لاف ع شیخی -
لافیدن ع فضول بکنا -
لاکلام ع بے شک بے گفتگو -
جس بات میں کچھ گفتگو کی جگہ نہ ہو
لال ف گونگا - گنگ - سُرخ رنگ
لالہ ف ایک قسم کا پھول مشہور
ہے -
لآلی ع جمع ہے لؤلؤ کی - موتی -
لام ف کالبد - قالب - بدن -
لامس ع ٹٹولنے والا - چھونے والا -
لامسہ ع وہ قوت جس کے سبب سے
انسان چھو سکتا ہے -
لامع ع چمکنے والا - روشن -
تابان -
لاولد ع جسکے اولاد نہ ہو -
لاہوت ع عالم ذات الٰہی کا جسمیں
سالک کو مقام فنافی اللہ کا حاصل ہوتا ہے
لائح ع ظاہر چمکنے والا -
لایعنے ع بیفائدہ - بیہودہ -
لائق ع سزاوار -

لائم ع ملامت کرنے والا -
لائیدن ف شور کرنا - بیہودہ بکنا
لایموت ع جسکو موت نہ ہو -
لاینبغی ع جو نا چاہیئے - نامناسب
لب ف ہونٹ -
لُب ع خلاصہ - عقل - مغز
بادام -
لُباب ف مغز - خالص ہر ایک
چیز کا -
لبادہ ف جامہ بارانی -
لباس ع پوشاک -
لبالب ف کنارہ تک بھرا ہوا -
لبریز ف اتنا بھرا ہوا کہ کنارے
سے گرنا - شروع کرے -
لَبَس ف لباس پہنا -
لبلاب ع عشق پیچا نکا درخت ایک قسم
لبن ع دودھ - شیر -
لبنان ع نام ایک پہاڑ کا ہے جو ملک
لبوس ع جامہ پوشش زرہ - لبیب ع عقلمند
لبیک ع حاضر ہوں - آپکی خدمت میں
لثغ ع نرمی وتر ہونا - بہت غمناک ہونا
لثم ع وہاں رکھنا منہ پر ہاں بند کھنا باندھنا
لثہ ع مسوڑہ دانت کا -
لجام ع معرب ہے لگام کا -

لجاج ع ستیزہ - لڑائی -
لجہ ع دریا بہت پانی دریا کا - آئینہ
چاندی -
لحاظ ع کسی چیز کا آنکھ میں خیال
رکھنا -
لحاف ع روئی دار کپڑا رات کے
سونے کا -
لحام ع ٹانکا سونے یا چاندی کا - وہ
چیز جس کا ٹانکا چاندی یا سونے
میں لگا دیں -
لحظ ع تھوڑی دیر نظر کرنا - ایکدفعہ
کن آنکھوں دیکھنا -
لحم ع گوشت - ماس -
لحن ع آواز اور خوش آواز اور
موزون آواز -
لحوق ع لگنا - ملنا - شامل ہونا -
لحیہ ع ڈاڑھی -
لخت ف ٹکڑا - پارہ -
لختے ف تھوڑا - کچھ - ایک -
لدغ ع کاٹنا - سانپ یا بچھو کا -
ڈنگ مارنا -
لذت ع مزا - ذائقہ -
لذیذ ع مزہ دار - خوش ذائقہ -
لرزہ ف کپکپی - کانپنا -

لرزیدن ف کانپنا۔
لزج ع چیپ دار شے جیسے
سریش وغیرہ۔
لزوجت ف چپپیدگی چیپ
لزوم ع لازم ہونا۔
لسّان ع زبان دار۔
لِسان ع زبان۔
لسع ع ڈنگ مارنا۔
لشکر ف لشکر۔
لصوق ع چسپاں ہونا۔
لطافت ع پاکیزگی۔ باریکی۔
لطائف ع جمع ہے لطیفہ کی۔
لطم ع تھپڑ نا۔
لطف ع خوبی۔ نرمی۔ نازکی
لطیف ع باریک۔ پتلا۔
لطیفہ ع کوئی خوبی۔ چیز
نیک۔ اور نازک۔
لعاب ع آب دہن۔ تھوک۔
اور ایک شے کا رس یا پانی
جس میں چسپیدگی اور غلظت
ہو۔
لعب ع بازی۔ کھیل۔
لُعبت ع کھلونا۔ کھیلنے کی چیز
گوڑیا۔

لَعَلّ ع حرف امید کا ہے۔
یعنی امید کرنا۔ ایسی شے کا۔
جو ممکن ہو۔ شاید۔
لعنت ع پھٹکار۔
لعین ع ملعون۔ مردود۔
لغات ع جمع ہے لغت کی۔
لغت ع کسی زبان کے لفظ۔
لغز ع جنگلی چوہے کا بل اور
چیستاں۔ پہیلی۔
لغزش ف پھسلنا پیر کا۔ غلطی
لغزان ف پھسلتا ہوا۔
لغزیدن ف پھسلنا۔
لغو ع بیہودہ۔
لُغوی ع منسوب لغت سے
یعنی لغت کا۔
لف ع لپیٹنا۔
لفافہ ع اوپر کا خول جامہ بیرونی
جو مردہ وغیرہ پر لپیٹتے ہیں۔ لفائف
اسکی جمع آتی ہے۔
لفظ ع جو منہ سے نکلے۔
لفق ع دو کپڑوں کو اکٹھا کر کے
سینا۔ رخت کی دو درزوں کو ملا کر سینا
لفیف ع ہر چیز پیچیدہ۔ اور ہم
اور وہ کلمہ جس میں دو حرف علت

کے ہوں۔
لقاء ع دیدار۔ ملاپ۔
لقب ع وہ نام جس میں کچھ
مدح یا ذم نکلے۔
لَقلَق ع ایک جانور آبی ہے اس کو
بگلک ہندی میں کہتے ہیں۔
سانپ اور مچھلی کا وہ شکار
کرتا ہے۔
لقمان ع بن باعوریہ حکیم ایوب
کی بہن کا بیٹا ہے یا اُن کا خالہ
زاد بھائی ہے۔ بعضے کہتے ہیں
کہ حضرت داؤد کا شاگرد تھا۔
بعضے کہتے ہیں۔ کہ بنی اسرائیل
کا قاضی تھا۔ اور دونو باتیں جمع
ہو سکتی ہیں اور بعضے کہتے ہیں
کہ وہ غلام تھا۔ ملک نوبہ کا رہنے
والا تھا۔ پر اس کی نبوت میں
اختلاف ہے۔
لقمہ ع نوالہ۔
لقوہ ع وہ بیماری جس میں منہ
ٹیڑھا ہو جاتا ہے۔
لک ع واسطے تیرے۔
لک ف بیوقوف۔ نادان۔ اور
لاکھ یعنی سو ہزار۔

لگام ف گھوڑے کے منہ میں
جو دیتے ہیں ۔
لگد ف لات ۔
لگدکوب ف لات مارنا ۔
لکنت ع تھتلا پن ۔
للہ الحمد ع شکر خدا کا ۔ سپاس خدا کا
لِم ع علت ۔ سبب ۔
لمس ع چھونا ۔ حاجت جماع ۔
لِمَ ع کس واسطے ۔
لمحہ ع قدر چشم زدن ۔ آنکھ جھپکنے
کی دیر ۔ ثانیہ ۔
لمع ع روشن ہونا ۔
لمعان ع چمکنا بجلی کا ۔ روشن
ہونا ۔
لُنج ف ٹھمک چال ۔ تازہ نخرہ
سے چلنا ۔
لُنج ف ہونٹ ۔ لب اندر کی
جانب رخسارہ کی ۔ شل آدمی ۔
یعنی جسکے ہاتھ اور پیر حرکت
نہ کر سکیں ۔
لنگیدن ف لنگ کرنا ۔
لنگ ع لنگڑا ۔
لنگر ف لوہا ہوتا ہے بہت وزنی جسکے
سبب سے کشتی کو چلنے سے روک دیتے ہیں

اور وہ جگہ جہاں پر غریبوں مسافروں کو
کھانا ملتا ہے اسکو بھی لنگر کہتے ہیں ۔
لوا ع نیزہ ۔ جھنڈا ۔
لوازم ۔ لوازمہ ع جمع ہے لازم
کی ۔
لواحق ع جمع ہے لاحق کی ۔
لوامعہ ع جمع ہے لامعہ کی ۔
لوائم ع جمع ہے لائمہ کی ۔
لوبیا ع ایک قسم کی پھلی ہوتی ہے
اسکی ترکاری پکاتے ہیں ۔
لوث ع آمیزش ۔ آلودگی ۔
لتھڑنا ۔
لوچ ع ننگا بھونگا ۔
لوح ع تختی ۔ نسخہ ۔
لوز ع بادام ۔
لوزینہ ع وہ حلوا جس میں مغز
بادام پڑے ہوئے ہوں ۔
لوس ع تملق ۔ چاپلوسی ۔
لوطی ع مغلم ۔ اغلام کرنے والا
لونڈے باز ۔
لولو ع موتی ۔
لون ع رنگ ۔
لوند ع بیوقوف یا رند ۔
لہذا ع اسیواسطے ۔

لہاب
لہب لہے ف لپٹ آگ کی ۔ شعلہ ۔
لہجہ ع آواز الفاظ کی ۔ زبان
محاورہ ۔ آواز خوش ۔
لہو و لعب ع کھیل کود ۔
لیاقت ع استعداد ۔ حوصلہ ۔
لیقہ ع صوف جو دوات میں ڈالکر
سیاہی سے اسکو تر کرتے ہیں ۔
لیالی ع جمع ہے لیل کی ۔ راتیں
لیام ع جمع ہے لئیم کی ۔ بخیل
آدمی ۔
لیت و لعل ع ڈھیل کرنا ۔
کسی کام میں ۔
لیت ع کاشکے ۔ امید ۔
لیزم ف کیادہ ۔ کمان نرم اور
درست جس پر مشق کمان کھینچنے
کی کرتے ہیں ۔
لیسیدن ع چاٹنا ۔
لیک ف مخفف ہے لیکن کا ۔
یعنی مگر ۔
لیکن ف مگر ۔ پر ۔
لیل ع رات ۔
لیموں ع نیبو ۔
لئیم ع ناکس ۔

لینت } ع نرمائی - نرمی -
لینہ }
لئیماں ع بخیل - کنجوس لوگ جمع فارسی لئیم کی ہے -

باب المیم

ما ع نہیں - کیا چیز - جو کہ -
ما ع پانی -
ما ف ہم -
ماءِ معین ع آب رواں جو پاک اور صاف ہو معین - اسم مفعول ہے عین سے جیسا مبیع بیع سے -
ماءالجبن ع پانی دودھ کا جو اسکو پھاڑ کر نکالتے ہیں -
ماءالحیات ف آب حیات -
ماءالورد ع عرق گلاب کا -
مآب ع جائے بازگشت وہ جگہ جہاں آدمی لوٹ کر جاوے -
مابقی ع جو باقی رہا ہو - بچا ہوا - جوٹھا کھانا جو باقی رہجاوے -
مابون ع بولیسیا یعنی وہ شخص جسکو اغلام کروانے کی بیماری ہو -
مابین ع درمیان -

مات ع مر گیا - ہار گیا - اصل میں یہ صیغہ ماضی کا ہے - اب بجائے اسم کے مستعمل ہو گیا ہے -
ماتح ع پانی کھینچنے والا کوئیں سے آب کشندہ از چاہ -
ماتقدم ع اوّل کا جو پہلے کرے -
ماتم ع رونا - پیٹنا -
مآثم ع گناہان جمع ہے ماثم کی مصدر میمی ہے -
ماثم ع گناہ -
ماثر ع نشان - کھوج - نشان نیک کار پسندیدہ -
ماثل ع نشان مکان کا جس کے آثار باقی نہ ہوں -
ماثور ع منقول - نقل شدہ اور فارسی میں بمعنے اثر پذیر شدہ کے بھی آتا ہے -
ماثورہ ع منقولہ -
ماثوم ع گنہگار -
ماج ف ماہ - چاند -
ماجد ع مرد بزرگوار -
ماجدۃ ع زن بزرگوار -
ماجرا ع واردات -
ماجوف ایک دوا کا نام ہے -

ماجوج ع یافث ابن نوح کی اولاد تاتاری لوگ -
ماچ ف } بوسہ - چوما -
موچ ف }
ماجور ع اجر دیا گیا - بدلا نیک دیا گیا -
ماچین ف ایک ملک ہے جنوب میں چین کے اور مشرق میں ہندوستان کے -
ماح ع سفیدی جو مرغی کے انڈے میں ہوتی ہے -
ماحصل ع محصول - حاصل شدہ -
ماحضر ع جو حاضر ہو - جو موجود ہو خاص کھانے پر استعمال اس کا فارسی میں آتا ہے -
ماحی ع محو کرنے والا - نیست و نابود کرنے والا -
ماخذ ع مصدر - جگہ اخذ کی - لینے کی جگہ -
ماخوذ ع گرفتار کیا گیا - پکڑا گیا -
مادام ع ہمیشہ -
مادح ع تعریف کرنے والا -
ماوح ع بزرگ - ارجمند -

مادر ف والدہ۔
مادر زاد ف بچہ جو اپنی ماں کا جنا ہؤا ہو۔
مادرِ مادر ف نانی۔
مادر بخطا ف ایک گالی ہے یعنی ماں تیری حرامکار تھی۔
مادری ف ماں کا۔
مادندر ف سوتیلی ماں۔ باپ کی جورو۔ جس کے پیٹ کا وہ شخص نہو
مادہ ف استری عورت جو مقابل نر کے ہے۔
مادّہ ع ہیولا۔ استعداد۔ وہ شے جس سے کوئی چیز بنائی جاوے وہ شے جو محسوس ہو سکے۔
مادری ع منسوب مادر سے۔
مادون ع سوا۔ علاوہ۔
مادیان ف مادہ۔ استری۔ یہ لفظ مفرد ہے۔
ماذون ع اذن دیا گیا۔ حکم کردہ شدہ۔ اجازت دیا ہؤا۔
مار ف سانپ۔
مارا ف ہمارے تئیں۔
مآرب ع مطلب۔ مقصد۔ اسکی جمع مآرب آتی ہے۔

مار پیچ ف پرچم۔ پرچم جھنڈی کا جو لشکر میں ہوتا ہے اور کئی سانپوں کی مانند۔ باہم پیچیدہ تصویر۔
ماروت ع نام ایک فرشتہ کا ہے۔
مارق ع خارج دین سے گمراہ۔
مارن ع ناک کے پھننگ سر بینی جو نرم ہوتا ہے۔
مازو ف نام ایک دوا کا ہے۔
مازندران ف ملک طبرستان جو تابع فارس ہے۔
ماس ف مخفف ہے آماس کا ورم۔ سوجن۔
ماسبق ع گذشتہ پہلے جو گذر چکا ہے۔
ماسخ ع بیمزہ۔ پھیکا۔
ماست ف دہی۔ جغرات۔
ماست بند ف پنیر بنانے والا۔
ماسک ع مرکز بیضوی شکل کا ہے۔
ماسلف ع گذشتہ۔
ماسواء علاوہ۔ سوا۔ اصطلاح میں سوائے ذات خدا ئیتعالےٰ تمام موجودات اور مخلوقات پر

اس کا اطلاق ہوتا ہے۔
ماش ف مونگ۔ اڑد۔
ماشہ ع رتی کا وزن۔
ماشطہ ع وہ عورت جو کنگھی عورتوں کے سر میں کرتی ہے اور دلہن کو آرائش دیتی ہے اسکو مشاطہ کہتے ہیں۔
ماشی ع چلنے والا۔ پیروں سے چلنے والا۔
ماشور ف غربال۔ چھلنی۔
ماص ع چوسنے والا۔
ماصدق ع وہ چیز جو صادق ہو یعنی مضمون۔
ماضی ع گذشتہ۔ گذرا ہؤا زمانہ۔
ماضغہ ع احمق۔ قوت چبانے کی
ماطر ع برسنے والا۔
ماعز۔ بکری۔
ماعون ع زکوٰۃ مال کے اور وہ چیز جس سے مدد طلب کریں اسباب گھر کا جیسے ہانڈی۔ توا۔ آگ۔
مافات ع جو گذر گیا۔ جو فوت ہؤا۔
مافوق ع اوپر۔
ماقبل ع پہلے۔

ماق ع آنکھ کا کونا جو ناک کی طرف ہوتا ہے گوشہ چشم بطرف بینی۔
ماکول ع کھایا گیا۔ خوردہ شدہ۔ خوردنی۔
ماکل ع کھانا۔ خوردن۔ مجازاً شے کھانے کی۔
ماکیان ف مرغی۔
مال ع دولت۔ روپیہ۔ دھن۔
مآل ع انجام کار جگہ لوٹنے کی۔ جائے رجوع۔
مالا کلام ع جس میں کلام باقی ہو۔
مالامال ع کثیر اور بہت۔ مجازاً بھرا ہوا پر۔
مالاینحل ع جو کہ قابل حل ہونیکے نہ ہو۔ کٹھن بہت۔
مالایعنی ع بیہودہ۔ وہ چیز جس سے کسی کی کچھ مراد۔ یا فائدہ نہ ہو۔
مالح ع شور۔ نمکین۔
مالخ ع خلل۔ دماغ۔ سودا۔
مالیخولیا ع سودا۔ خیال خام۔ ایک قسم کا جنون۔
مالدار ف دولتمند۔
معلّم الملکوت ع شیطان۔
معلول ع علت کیا گیا ہے وہ کہ جسکا کوئی سبب اور باعث ہو۔
معلوم ع علم کیا گیا۔ جانا گیا۔
معمّا ع چیستان۔ پہیلی۔
معمار ع راج۔ مستری۔ عمارت بنانے والا۔
معمور ع آباد۔ بھرا ہوا۔ پُر۔
معمورہ ع بستی۔ شہر۔
معموری ع آبادی۔
معمول ع عمل کیا گیا۔ روزمرہ کی بات جو کیجاوے۔
معنبر ع عنبر کیا گیا۔ جس میں عنبر ملایا ہو۔
معنوی ع منسوب معنے سے باطنی
معنے ع مطلب۔ مراد۔ مضمون۔
معوضت ع وہ شے جو بدلے کسی شے کے دیجاوے۔
معوّل ع اعتماد کیا گیا۔ صیغہ اسم مفعول کا ہے۔ تحویل سے
معوّل ع صیغہ اسم مفعول کا ہے عول سے بمعنے اعتبار کردہ شدہ
معہٰذا ع ساتھ اس بات کے باوجود اس کے۔
معہود ع عہد کیا گیا۔
معیت ع ہمراہی پن۔ ساتھ پن
معیشت ع زندگی۔ عیش کرنا۔
مُعیل ع عیالدار آدمی۔
مُعین ع مدد کرنے والا۔
معیّن ع مقرر کیا گیا۔
معیوب ع عیب دار۔ عیب کیا گیا۔
مغ ف گہراؤ۔ عمق۔
مغ ع آتش پرست۔
مغارہ ع وہ غار جو پہاڑ میں ہو۔ کھنڈر۔ اور جگہ غارت کرنیکی۔
مغاک ع گڑھا۔ مغ کے معنے گہراؤ اک کلمہ نسبت کا ہے۔
مغالطہ ع غلطی میں ڈالنا۔
مغان ع جمع ہے مغ کی آتش پرست لوگ۔ در نام ایک ملک کا ہے آذر بائیجان میں سے۔
مغائرہ ع باہم غیر ہونا۔ مخالفت۔
مغبون ع جس کو زیان پہنچا ہو۔
مغرب ع جگہ چھپنے سورج کی۔ پچھم۔
مغرق ع جگمگا۔ جھکول۔
مغرور ع گھمنڈی۔ وہ شخص جس کو غرور ہو۔
مغروق ع ڈوبا ہوا۔ غرق کیا گیا۔
مغز ع گودا۔ دماغ۔
مغسول ع دھویا ہوا۔ غسل دیا گیا۔ نہلایا گیا۔
مغشوش ع کھوٹ ملایا ہوا۔ خیانت کیا گیا۔ غیر خالص۔
مغشی ع جس پر غشی آگئی ہو۔ بیہوش۔
مغص ع مروڑا۔ پیچش شکم کی۔ انتڑی اور پیٹ کا درد۔
مغضب ع غصہ والا۔ غصہ دلانے والا۔
مغضوب ع جو شخص غصہ میں ہو۔ خفا۔
مغفر ع خود آہنی۔

مغفرت ع بخشش ۔ گناہ بخشنا ۔
مغفور ع بخشا گیا ۔
مُغل ت نام ایک فرقہ ہے ۔ جو اعلےٰ قوم ترکستان کی ہے ۔ معنے اس لفظ کے سادہ دل اور عمدہ کے ہیں ۔
مغلاق ع قفل ۔ زنجیر ۔
مغلوب ع عاجز ۔ غلبہ کیا گیا ۔
مغلوق ع دروازہ بند ہوا ۔
مغلول ع طوق گردن میں ڈالا ہوا ۔ عذاب کا طوق ڈالا گیا ۔
مغموم ع غمگین ۔ رنجیدہ ۔
مغنّی ع گانے والا ۔ گویّا ۔ ڈوم ۔
مغنیہ ع گانیوالی ۔ ڈومنی ۔ کسبی جو گانیوالی ہو ۔
مغنی ع بے پرواہی کرنے والا ۔
مُغِر ع غارت کرنیوالا ۔ لوٹنے والا ۔ شتابی کرنیوالا
مغیلان ع ببول کا درخت لیکر یہ لفظ مفرد ہے اسکی اصل اُم غیلان تھی یعنی مادر دیوان (الف) حذف کر کے مغیلان کہنے لگے ۔
مفاتیح ع جمع ہے مفتاح کی ۔ کنجیاں ۔
مفاجات ع اچانک ہونا ۔ اچانک ہو جانا ۔ ناگاہ ہونا ۔
مفاخرہ ع فخر کرنے والا ۔
مفارق ع فرق کرنے والا ۔
مفارق ع جمع ہے مفرق کی تارک سر ۔ ٹنڈی سر کی ۔ سر کے بالوں کی مانگ ۔
مفازہ ع جنگل ۔ بیابان ۔ جگہ رہائی پانے کی ۔
مفارہ ع چوہیا کے رہنے کی جگہ ۔
مفاسد ع جمع مفسد کی ۔ برائیاں خرابیاں ۔
مفاصل ع مفصل کی جوڑ ۔ بند ہاتھ پاؤں کے ۔
مفاصلہ ع فرق باہم ۔
مفتاح ع کنجی ۔ کلید ۔
مفتح ع جگہ کھولنے کی ۔ جگہ فتح کی ۔
مفتخر ع فخر کرنے والا ۔ شیخی کرنے والا ۔
مفرع ع شاخ کیا گیا ۔
مفترق ع علحدہ ۔ فرق کرنے والا ۔
مفتش ع ڈھونڈھنے والا ۔ تفتیش کرنے والا ۔
مفتقر ع محتاج ۔ فقیر ۔
مفتل ع بٹا ہوا ۔ ڈورا بٹا ہوا ۔ خواہ ریشمی ہو ۔ خواہ ڈورا ۔
مفتوح ع فتح کیا گیا ۔ کھولا گیا ۔
مفتری ع بہتان لگانے والا ۔ جھوٹی بات بنانے والا ۔
مفتول ع بٹا ہوا ۔ پیچیدہ تار ۔ خواہ ریشم کا ہو ۔ خواہ سوت کا ۔
مفتون ع فتنہ میں ڈالا ہوا ۔ شیفتہ ۔ مبتلا ۔ عاشق ۔
مفتی ع فتوے دینے والا ۔
مفخر ع فخر کیا گیا ۔ بہت بزرگ ۔
مفر ع جگہ بھاگ جانے کی ۔
مفخم ع بہت عزّت کیا گیا ۔ بہت بزرگ ۔
مفرح ع جائے خوشی ۔
مفرد ع وہ جو مرکب نہ ہو ۔
مفرط ع حد سے زیادہ گذرنے والا ۔ زیادتی میں مجازاً ۔ کثیر بسیار ۔ زیادہ ۔
مفروش ع بچھونا ۔ بچھایا گیا ۔
مفروق ع فرق کیا گیا ۔
مفسد ع فساد کرنے والا ۔
مفسدہ ع فساد ۔ دنگا ۔ بگاڑ ۔
مفسّر ع معنے بیان کرنے والا ۔

مفسوخ ع فسخ کیا گیا۔ اگلی صورت بگاڑی گئی یا عہد توڑا گیا۔

مفشوش ع سست عقل۔ بیہودہ ۔ جھوٹھا۔

مفصد ع جگہ فصد کرنیکی۔ خون نکالنے کی جگہ۔

مفصل ع جوڑ اعضا کا۔ بدن کا جوڑا۔

مفضول ع زیادتی کیا گیا۔ فضیلت ۔ دیا گیا۔

مُفطِر ع روزہ کھولنے والا۔ اسکی جمع مفاطیر آتی ہے۔

مفطن ع سمجھانے والا۔ نمائش کنندہ۔

مفعول ع فعل کیا گیا۔ کردہ شدہ۔

مفقر ع محتاج کرنے والا فقیر کرنے والا۔

مفقود ع گم شدہ۔ کھویا گیا۔

مفکوک ع جدا کیا گیا۔ چھڑایا گیا۔

مفلاک ع خالی ہاتھ۔ پریشان فقیر۔ مفلس۔

مفلس ع جس کے پاس پیسہ نہ ہو محتاج۔

مفلوج ع فالج زدہ جس کو فالج کی بیماری ہو۔

مفلوک ع فلک زدہ۔ مفلس۔ تباہ حال یہ صیغہ جعلی ہے۔

مفوض ع سپرد کیا گیا۔ سپرد کردہ شدہ۔

مفہوم ع سمجھا گیا۔

مفید ع فائدہ دینے والا۔

مفیض ع فیض پہنچانے والا۔

مفیق ع ہوشیار۔ ہوش میں لانے والا۔

مقابر ع جمع ہے مقبرہ کی جگہ قبر مردہ کی۔

مقابل ع سامنے والا۔

مقابلہ ع آمنا سامنا۔

مقابح ع برائیاں۔ قباحتیں۔

مقاتل ع باہم لڑکر قتل کرنے والا۔

مقاتلہ ع باہم قتل کرنا۔

مقادیر ع جمع ہے مقدار کی اندازے۔

مقاربت ع نزدیکی۔ قرب۔

مقارنت ع قرین ہونا۔ نزدیک

مقاسات ع رنج کھینچنا۔ دکھ اُٹھانا۔

مقاسمہ ع باہم تقسیم کرنا آپس میں بانٹ لینا۔

مقاصد ع جمع ہے مقصد کی۔ مطالب۔ مقصد۔

مقاطر ع ٹپکانیوالا پانی وغیرہ کا۔

مقاطیع ع جمع ہے مقطع کی۔ جگہ قطع کرنے کی۔

مقاعد ع جمع ہے مقعد کی جگہ بیٹھنے کی اور بتخانہ کی راہ۔

مقال ع گفتگو۔ بات چیت۔

مقالہ ع بات کہی ہوئی۔

مقالید ع جمع ہے مقلد کی بمعنے کنجیاں تالیاں۔ کلید ہا۔ یہ لفظ معرب ہے کلید کا۔

مقام ع جگہ ٹھہرنے کی۔ ٹھہرنا۔

مُقامر ع جوئیے باز۔ قمار باز۔

مقامرۃ ع جوئے بازی۔ قمار بازی

مقاوم ع برابری کرنے والا۔

مقبرہ ع گور مردہ کی۔ جائے قبر کی۔

مقبل ع منہ چڑھا۔ عزت دار۔ جسکی بات حاکم مانے۔
مقبل ع قبول کرنے والا۔ فرمان حق کا۔ سامنے ہونے والا۔
مقبوض ع قبض کیا گیا۔ پکڑا گیا۔
مقبول ع قبول کیا گیا۔ مانا گیا۔ منظور۔
مقتبس ع روشنی لینے والا۔ آتش گیرندہ۔
مقتدا ع وہ شخص جسکی پیروی اور لوگ کریں۔
مقتدر ع قدرت رکھنے والا طاقت ور۔
مقتدی ع پیروی کرنے والا۔ پیرو۔
مقتصر ع تھوڑے پر صبر کرنے والا مختصر کرنے والا۔
مقتضا ع چاہا گیا۔ خواہش کیا گیا۔ مجازاً مراد مطلب۔
مقتضی ع خواہش کرنے والا۔ چاہنے والا۔ تقاضا کنندہ۔
مقتفی ع پیچھے سے آنے والا۔ پیرو۔

مقتل ع جگہ قتل کرنیکی۔
مقتول ع قتل کیا گیا۔
مقدار ع اندازہ۔
مقدام ع بہادر۔ شجاع۔ دلاور۔ جو میدان جنگ میں آگے بڑھ کر لڑے۔
مقدّس ع پاک مرد۔ یا پاک چیز۔
مقدسہ ع پاک عورت۔
مقدم ع سفر سے یا کسی جگہ سے پھر کر آنا۔ اور جگہ قدم رکھنے کی۔
مقدّم ع آگے جانے والا۔ دلیر اور کونہ آنکھ کا جو ناک کی طرف ہے۔
مقدم ع پیش کرنیوالا۔ اور مقدم پیش کیا گیا۔ چودھری۔
مقدمۃ الجیش ع پیش خیمہ یعنے وہ تھوڑا سا لشکر جو فوج کے آگے جاوے۔ تاکہ جگہ اُترنے کی تلاش کر کے تجویز کرنے۔
مقدمہ ع کچھ عبارت جو مضمون کتاب کے شروع کرنے سے پہلے لکھی جاوے مجازاً واردات کسی حال کی۔

مقدور ع طاقت۔ قوت۔ قدرت کیا گیا۔
مقراض ع قینچی۔ کترنے کا اوزار
مقر ع جگہ قرار کی۔ جگہ ٹھہرنے کی۔
مقرب ع نزدیک کیا گیا۔ بزرگی دیا گیا۔ مجازاً خاص دوست۔
مُقرر ع قرار دیا گیا۔ ٹھہرایا گیا۔
مقروض ع کاٹا ہوا۔ کترا ہوا۔
مقروض ع وہ شخص جس پر قرض ہو۔ قرض دیا ہُوا۔
مقرون ع نزدیک کیا گیا۔
مقری ع پڑھانے والا۔ کو رمقری اس اندھے کو کہتے ہیں جو لڑکوں کو قرآن پڑھایا کرتا ہے حافظ نابینا۔
مقسوم ع بانٹا ہوا تقسیم کیا گیا۔
مقشر ع چھلکا اُتارا ہوا۔
مقصد ع جگہ قصد کرنے کی۔
مقصر ع قصور کرنے والا۔ کم رہنے والا۔
مقصود ع قصد کیا گیا۔ ارادہ کیا گیا۔

مقصورع کم کیا گیا۔ کم رہنے والا۔
مقطرع ٹپکایا گیا۔ قطرہ قطرہ کرکے ڈالا گیا۔
مقطع ع کاٹا ہوا۔ بریدہ شدہ۔ زاید اطراف کاٹے ہوئے اور چھوٹے قد کا آدمی۔
مقطوع ع قطع کیا گیا۔ کاٹا گیا۔ ٹکڑے ٹکڑے کیا گیا۔ اور وہ شخص جو کسی سبب سے قافلہ کے ہمراہ چلنے سے راہ میں رہ جاوے سپڑا قطع کیا گیا۔
مقعد ع جاے نشستگاہ۔ ڈبڈہی۔ دبر۔ کون۔
مقعّر ع ڈونگھا۔ گہرا۔ کھودا ہوا گڑھا۔
مقفّٰے ع قافیہ کیا گیا۔
مقلّد ع عمل کرنے والا کسی قول پر بدون دلیل کے پیرو۔
مقلوب ع اُلٹ کیا گیا۔ پلٹا گیا۔
مقناطیس ع چمک پتھر۔ سنگ آہن رُبا۔
مقنب ع بھنگ ملا ہوا کھانا یا کوئی شے۔

مِقنب ع شیر کی چنگال۔ توشہ دان شکاری کا۔ جن میں شکار رکھا جاتا ہے۔ اور گلہ گھوڑوں کا ۳۰ سے ۴۰ تک یا تین سو گھوڑے کی مقدار۔
مُقنّن ع قانون بنانے والا۔
مقود ع دھاگہ۔ ریسماں۔ رسی۔ پالہنگ۔
مِقوس ع گھوڑوں کی رسی۔
مُقوّس ع وہ شے جو خمدار ہو۔ مانند کمان کے قوسدار۔
مقول ع زبان۔ جیب۔
مُقوّم ع قیمت کرنے والا۔ راست دارندہ۔ سیدھا رکھنے والا۔
مقوی ع قوت دینے والا۔ طاقت دینے والا۔
مقہور ع قہر کیا گیا۔ جس پر غصہ بادشاہ یا خدا کا پڑے۔
مقیاس ع اندازہ اور وہ شے جس سے اندازہ کریں۔
مقید ع قید کیا گیا۔
مُقیم ع اقامت کرنے والا۔ رہنے والا۔
مقئی ع قے لانے والی چیز۔

مکابر ع وہ شخص جو اپنی بزرگی جتلانے کے واسطے بحث کرے غلبہ کرنے والا۔ جنگ کرنے والا۔
مکاتبت ع باہم خط و کتابت کرنا۔
مکّار ع مکر کرنے والا مرد۔ فریبی مرد۔
مکارم ع جمع ہے مکرمت کی۔ بزرگیاں۔ نوازشیں۔
مکارہ ع مکر کرنے والی عورت۔ فریب کرنے والا۔
مُکاری ع کرایہ کو دینے والا۔ کسی چیز کا۔
مکاسب ع جمع مکسب کی ہے۔ پیشے حرفے۔
مکاشفہ ع دشمنی ظاہر کرنا۔ جنگ برملا کرنا۔ اسرار کا ظاہر ہونا۔ اور غیبی علم کا معلوم ہو جانا ولی اللہ کو۔
مکافات ع بدلا۔ عوض۔ باہم برابر ہونا۔
مکامن ع جمع ہے مکمن کی وہ جگہ جہاں پر پوشیدہ ہو۔ کمین گھاتیں۔

مکان ع جگہ۔ گھر۔
مکائد ع جمع ہے مکیدہ کی بمعنے فریب پھندا۔ بداندیشی۔
مکاہنت ع غیب کی خبر بتلانے والا۔
مکائلہ ع باہم ملکر پیمانہ سے ناپنا۔
مکتب ع جگہ لکھنے کی مجازاً مدرسہ سکول۔
مکتری ع کرایہ لینے والا کسی شے کا۔
مکتسب ع کسب کرنے والا۔ حاصل کرنے والا۔
مکتفی ع کافی کرنے والا۔ بس کرنے والا۔
مکتنف ع پناہ ڈھونڈھنے والا۔ یکسو ہونے والا۔
مکتوب ع لکھا ہوا۔ لکھا گیا۔
مکتوم ع پوشیدہ کیا گیا۔
مکث ع صبر کرنا۔ انتظار کرنا۔
مکث ع بالضم و بالکسر دیر۔ درنگ۔
مکر ع فریب۔ دغا۔
مگر ف پر۔ سوا اس کے۔

مکدر ع کدورت میں ڈالنے والا۔
مکرّر ع دوبارہ۔
مکرم ع عزت دیا گیا۔ بزرگی کیا گیا۔
مکرمت ع بزرگی۔ نوازش۔
مکروہ ع کراہت کیا گیا۔ بھونڈا۔
مگس ف مکھی۔
مکسور ع زیر کیا گیا۔
مکشوف ع کھولا گیا۔ ظاہر کیا گیا۔
مُکلّف ع تکلیف دیا گیا۔ ٹیپ ٹاپ کیا گیا۔
مکلل ع تاج سر پر رکھا گیا۔ درخشاں۔ ملمع کیا گیا۔
مکمل ع پورا کیا گیا۔ کامل کیا گیا۔
مکمن ع گھات کی جگہ۔ پوشیدہ ہوکر۔ داؤ لگانے کی جگہ۔
مکمُون ع پوشیدہ۔ چھپا ہوا۔
مکنت ع قدرت۔ توانگری۔
مکنون ع پوشیدہ کیا گیا۔
مکیال ع پیمانہ۔ ٹوپہ۔ اناج ناپنے کا برتن۔
مکیدن ف چُوسنا۔

مکین ع مکاندار۔ مکان میں رہنے والا۔
مکبول ع بند کیا گیا۔ قیدی۔ محبوس۔
مُل ع شراب انگوری۔ امرود مشہور پھل۔
ملا ع آشکارا۔ مجلس۔ محفل
مُلّا ع بہت پڑھا ہوا۔ عالم۔ بہت املا کرنے والا۔
ملابس ع جمع ہے ملبس کی بمعنے پوشش لباس۔
ملاح ع کشتیباں۔ کشتی چلانے والا۔
ملاحت ع نمکینی۔ خوبصورتی نمکدار۔
ملاحدہ ع جمع ہے ملحد کی ملاحدہ بھی درست ہے۔
ملاحظہ ع کن انکھیوں دیکھنا گوشہ چشم سے دیکھنا۔ مجازاً دیکھنا۔
ملاذ ع جائے پناہ۔
ملازمت ع ہمیشہ ہونا کسی جگہ یا نزدیک کسی کے ہمیشہ رہنا۔
ملازم ع ہمیشہ ساتھ رہنے والا۔ مجازاً نوکر۔

ملاصق ع لگا ہوا۔ چسپیدہ۔
ملاطف ع مہربانی کرنے والا۔
ملاطفہ ع کسی کے ساتھ نیکی کرنی۔ مجازاً نامہ۔ مراسلہ۔
ملاعب ع جمع ہے ملعب کی بازیاں۔
ملاعبت ع بازی کرنا۔ لعب کرنا۔
ملاعنہ ع جمع ہے ملعون کی لعنت کئے گئے لوگ۔
ملاعین ع جمع ہے ملعون کی۔ مردود۔
ملاقات ع باہم ملنا۔ ایکدوسر سے ملنا۔
ملاقی ع ملنے والا۔
ملال ع رنجیدگی۔ طبیعت کا اکتا جانا۔
ملالت ع اداسی۔ اداس ہونا۔
ملام ع ملامت کرنا۔ جگہ ملامت کی۔ سرزنش کرنا۔
ملامت ع برا بھلا کہنا۔ برا کہنا ڈانٹنا
ملاہی ع جمع ہے لہو کی۔ کھیل کود۔ لہو بازیاں۔

ملائک } ع جمع ہے ملک کی فرشتے
ملائکہ ع }
ملایم ع مناسب۔ مجازاً نرم فرہم ہونے والا۔
ملائمت ع سازداری۔ مناسبت دوچیز کو باہم جمع کرنا۔
ملبّس ع لباس پہنایا گیا۔ کپڑے پہنے ہوئے۔
ملبوسات ع جمع ہے ملبوسہ کی جامہا پوشیدنی پہننے کے کپڑے۔
ملّت ع دین۔ مذہب۔ گروہ۔ شریعت۔
ملتجی ع پناہ ڈھونڈھنے والا۔ التجا کرنے والا۔
ملتحم ع زخم انگور لایا ہوا۔ بھرا ہوا زخم جو سخت ہو گیا ہو۔ جو خشک ہونے کے قریب ہو۔
ملتحی ع داڑھی جس کی نکل گئی ہو۔
ملتزم ع الزام کرنے والا۔ اپنے پر لازم پکڑنے والا نام مقام کا ہے۔ نزدیک رکن یمانی کے سامنے کعبہ کے جہاں دعا حاجتمندوں کی قبول ہوتی ہے۔
ملتصق ع ملا ہوا۔ لگا ہوا۔

ملتفت ع التفات کرنے والا۔ توجہ کرنیوالا۔
ملتقط ع چگنے والا۔ کسی شے کا چگنے والا۔
ملتقم ع لقمے کھانے والا۔
ملتقے ع جگہ ملاقات کی۔ ملنے کی جگہ۔
ملتمس ع التماس کرنے والا۔ عرض کرنے والا۔
ملتوی ع دیر کرنے والا۔ عرض کرنے والا۔
ملتہب ع آگ بھڑکی ہوئی۔ شعلہ بھڑکا ہوا۔
ملتجا ع جائے پناہ۔ جہاں پر آدمی اپنی جان بچانے کو جا کر قرار پکڑے۔
ملچخ ف غلولہ جس کو گوپن میں رکھکر کھیت میں پھینکا کرتے ہیں۔ اس کو غلّہ بھی کہتے ہیں۔
ملح ع نمک۔
ملح ع دونوں بازوؤں سے تڑپنا پر ونکا۔ اسی سے لفظ ملاح بنا ہے جو کشتی بان کو کہتے ہیں۔
ملحد ع راہ حق سے پھرنے والا۔ فاسق بیدین۔

ملحق ع لگا ہوُا۔ ملا ہوُا۔
ملحوظ ع لحاظ کیا گیا۔ دیکھا گیا۔
ملخ ف ٹڈی۔
ملزم ع کسی کے ذمہ کوئی کام ڈالنے والا۔ لازم۔ واجب کرنے والا۔
ملزوم ع لازم کیا گیا۔
مُلصق ع لگایا گیا۔ پیوستہ کیا گیا قریب۔
ملعون ع لعنت کیا گیا۔ مردود۔
ملفوف ع لپیٹا ہوُا۔ لفافہ کیا گیا۔
ملقب ع لقب دیا گیا۔ نام یا معنے وصفی دیا گیا۔
مُلک ع بادشاہی۔ ایک دیس جو ایک بادشاہ کے ماتحت ہو۔
مَلک ع فرشتہ۔ جمع ملائکہ۔
مِلک ع بادشاہ۔
مِلک ع جاگیر۔ اسباب۔ مال۔
ملک الموت ع وہ فرشتہ جو جان نکالتا ہے۔ عزرائیل۔
ملکوت ع بادشاہی۔ پروردگاری تصرف عالم فرشتوں کا۔ صوفیوں کے نزدیک عالم ارواح کو کہتے ہیں۔

ملکہ ع مہارت اور قوت جو علم یا ہنر کے سبب انسان میں حاصل ہو جاتی ہے۔ اور بیگم بادشاہزادی
ملکی ع منسوب ملک سے فرشتہ والی فرشتہ جیسے۔
ملکی ع ملک کا۔ ملک والا۔
مِلَل ع جمع ہے ملت کی۔ مذاہب ادیان۔
ملمع ع روشن کیا گیا۔ درخشان چمکول اور وہ قسم اشعار جن میں ایک مصرع یا ایک بیت عربی اور ایک فارسی ہو۔
ملوث ع لتھڑا ہوا۔ آلودہ۔
ملوک ع جمع ملک کی بادشاہ لوگ۔
ملول ع رنجیدہ۔ اُداس۔
ملوم ع ملامت کیا گیا۔
ملہم ع الہام کرنے والا۔ دل پر کوئی بات ڈالنے والا۔ یعنی خدا۔
ملہم ع الہام کیا گیا۔ القا کیا گیا دل پر کوئی بات خدا کی طرف سے پڑی ہوئی۔
ملہوب ع شعلہ زن کی ہوئی آگ۔ آگ بھڑکی ہوئی۔

ملہوف ع غمگین۔ مظلوم۔
ملے ع بھرا ہوُ۔ پُر۔
ملیح ع نمکین آلودہ۔
مُلیّن ع نرمی کرنے والا۔ ملین کرنے والا۔ قبض دور کرنے والا۔
مِمّا ع اُس چیز سے۔
ممات ع موت۔ مرنا۔
مماثل ع ہم مثل۔ اُس جیسا۔
ممارست ع تجربہ کرنا۔ کوشش کرنا۔ کسی کام میں مشق کرنا۔
ممالک ع جمع ہے مملکت کی۔
ممالیک ع جمع ہے مملوک کی غلام۔ بندہ۔
ممتاز ع امتیاز دیا گیا۔ عزت دیا گیا۔
ممثل ع ہم مثل کیا گیا۔
ممتد ع دراز کیا گیا۔
ممتلی ع بھرا ہوا۔ پر۔
مَن ف وزن ۴۰ سیر کا۔
ممتنع ع روکا گیا۔ باز رکھا گیا۔
ممجّد ع بزرگی دیا گیا۔ بزرگ۔
ممدّو ع نام ایک درد کا ہے جس سے پٹھے بدن سے کھچ جاتے ہیں۔

ممدوح ؏ مدح کیا گیا۔ تعریف کیا گیا۔
مُمِدّ ؏ مدد کرنے والا۔
ممدود ؏ دراز کیا گیا۔ پھیلایا گیا۔
ممر ؏ جگہہ گذرنے کی راہ گذرنیکا راہ سبب مجازاً۔
ممزوج ؏ ملایا ہوا۔ آمیختہ شدہ اور شراب جس میں پانی یا کچھ عرق ملا کر پیویں۔
مُمسک ؏ چنگل مارنے والا۔ بخیل۔ خرچ نہ کرنے والا۔
ممسوح ؏ مسح کیا گیا۔ سر یا کسی عضو پر ہاتھ ملایا گیا۔
ممشوط ؏ کنگھی کیا گیا۔
ممکن ؏ جو بات ہو سکے۔ جو انہونت نہ ہو۔
مملکت ؏ بادشاہت۔ سلطنت ملک۔
مملو ؏ بھرا ہوا۔ پُر۔
مملوک ؏ ملک۔ غلام۔
ممنوع ؏ منع کیا گیا۔
ممنون ؏ احسان کیا گیا۔
ممرف عورت کی چھاتیاں۔

پستان۔ چوچے۔
ممہد ؏ تمہید کیا گیا۔ پہلے مطلب سے وہ بات لکھی گئی۔ جس پر مطلب کا سمجھنا موقوف ہو۔ بچھایا گیا۔
ممیّز ؏ تمیز کرنے والا برے کو بھلے اور نیک کو بد سے۔
مَن ؏ وہ شخص۔ کون شخص من ف ہیں۔
مِن ؏ سے۔
مِن اجل ؏ واسطے۔ سبب۔
مناب ؏ جگہ کھڑے ہونے کی۔ قایم مقام۔
منابر ؏ جمع ہے منبر کی وہ لکڑی جو سیڑھی سے لگی ہوئی ایک جگہ بیٹھنے کے درمیان مسجدوں کے ہوتی ہے۔
مناجات ؏ سرگوشی کرنا۔ کان میں بات کہنا مجازاً دعا کرنی خدا کی جناب میں اس طور پر کہ جس کو حاضر جانکر جسطرح باتیں کیا کرتے ہیں۔
منات ؏ نام ایک بت کا جسکو قبیلہ ہذیل اور خزاعہ عرب

میں پوجا کرتے۔
مناخ ؏ جگہہ بٹھلانے اونٹ کی اور جگہ خواب کی۔ جائے آسودگی۔
مناخر ؏ جمع ہے منخر کی نتھنی ناک کی سوراخ۔
منادیٰ ؏ ندا کیا گیا۔ پکارا گیا۔
منادمت ؏ باہم ندیم ہونا۔ ہم صحبت ہونا۔ ہمنشینی۔
منادِی ؏ ندا کرنے والا۔ پکارنے والا۔
منادیل ؏ جمع ہے مندیل کی رومال۔
منارہ ؏ منار ؏ چراغدان۔ جائے نور۔ اونچا ستون خواہ اینٹ کا۔ خواہ لکڑی کا۔
منازِع ؏ جھگڑانے والا جھگڑالو۔
منازعت ؏ باہم جھگڑا کرنا۔
منازل ؏ جمع منزل کی۔ جگہ اُترنے کی۔
مناسب ؏ نسبت رکھنے والا۔ جگہ اُترنے کی۔
مناسبت ؏ باہم لگاؤ رکھنا آپس میں نسبت رکھنا۔

مناشیر ع جمع ہے منشور کی فرمان بادشاہی۔

مناص ع گریزگاہ۔ بھاگنا۔ بازپس ہونا۔

مناصب ع جمع ہے منصب کی جگہ برپا ہونے کی۔ مجازاً رتبہ۔ عہدہ۔ کام جلیل۔

مناصفہ ع باہم آدھو آدھ کرلینا۔

مناظرہ ع باہم بحث کرنا۔ باہم نظر کرنا نیک مطلب نکالنے کے واسطے۔

مناع ع روک دے امر کا صیغہ ہے اور پہاڑوں طے کے درمیان ایک ٹیلا ہے۔

منّاع ع باز دارندہ بہت روکنے والا اور نام ایک شخص کا ہے۔

مناعت ع نام ایک شہر کا ہے جو قبیلہ ہذیل کا عرب میں ہے اور نام ایک پہاڑ کا ہے۔ ہنوار ہونا جگہ کا محکمی۔ استواری۔

مناعم ع جمع ہے نعمت کی۔

مناعمت ع استوار کرنا دو نعمت میں پالنا۔

مناف ع نفی کرنے والا۔ ضد۔

منافات ع ایک دوسرے کو نفی کرنا۔ باہم ایک دوسرے کو نسبت کرنا۔ ضد۔

منافذ ع جمع ہے منفذ کی جگہہ نفوذ کی جگہ جاری ہونیکی۔

منافر ع نفرت کرنے والا۔

منافرت ع باہم نفرت کرنا اور حاکم کے پاس ہمراہ کسی شخص کے واسطے ثابت کرنے حسب نسب کے جانا۔

منافع ع فائدہ دینے والا۔

منافق ع نفاق رکھنے والا۔ وہ شخص جس کے دل میں کچھ اور ہو اور ظاہر اس کے خلاف کرے

مناقب ع اوصاف حمیدہ جمع منقبت کی۔

مناقشہ ع جھگڑا۔ جھگڑا کرنا۔

مناقض ع توڑنے والا مخالف

مناقضہ ع نقض کرنا۔ اعتراض باہم ایک دوسرے کی بات کو توڑنا۔ جھگڑا کرنا۔

مناکحہ ع باہم نکاح ہونا۔ عورت ومرد کا نکاح ہونا۔

مناکیر ع ناشائستگیاں بد اور بد اور قبیح باتیں جمع ہے منکر کی۔

مناکب ع جمع ہے منکب کی۔ مونڈھے۔ دوش۔

منال ع جاے یافت جگہ حاصل ہونے کسی شے کی جیسا کہ اراضی ملک۔ جاگیر۔ باغ۔ کھیتی دوکان یہ سب جگہ پیدا کی ہیں۔ ان کو منال کہتے ہیں۔

منام ع خوابگاہ۔ جاے خفتن۔ سونیکی جگہ۔ خواب۔ نیند۔

منامات ع جمع ہے منام کی خوابہا۔

منّان ع بہت احسان کرنیوالا۔ نیکوئی کرنیوالا۔ مراد خدا۔

مناہج ع جمع ہے منہج کی راہ راست راہ کشادہ۔

مناہدت ع ایکدوسرے کی طرف درمیان لڑائی کے قصد کرنا۔ انگلیوں پر فال لینا۔ پانسہ کسی کے ہمراہ ڈالنا فال کیواسطے۔

مناہل ع جمع ہے منہل کی چشمے

مناہی ع جمع ہے منہی کی منع کی ہوئی چیزیں غیر مشروع ناجائز باتیں۔

منایا ع جمع ہے منیّۃ کی موتیں۔
مرگ ہا۔
مِنّت ع احسان۔ نکوئی۔
مِنبر ع ایک سیڑھی بنی ہوئی
مسجدوں میں ہوتی ہے جس پر
عالم لوگ بیٹھکر نصیحت کرتے
ہیں۔
مَنبت ع جائے روئیدگی جگہ
اُگنے کی۔
منبع ع چشمہ جگہ نکلنے پانی کی۔
سوت۔
مُنبعث ع برانگیختہ کیا گیا۔
مِن بعد ع اُس کے بعد۔
مُنبسط ع پھیلایا گیا۔ بچھایا گیا
مجازاً مسرور خوشحال۔
مُنبّہ ع خبردار کیا گیا۔ مُنبِّہ خبردار
کرنے والا۔
منتہج ع راہ اختیار کرنے والا۔
منتج ع نتیجہ دینے والا۔
مُنتجع ع جائے گاہ آب و
گیاہ۔
منتخب ع انتخاب کیا گیا۔
مُنتزِع ع کسی چیز میں سے
کھینچکر نکالنے والا۔

مُنتسِب ع نسبت رکھنے والا۔
لگاؤ رکھنے والا۔
مُنتسِج ع بافتہ شدہ۔ بنا ہوا۔
مُنتسخ ع نسخہ گیرندہ۔ اور نسخہ
خوانندہ۔
مُنتشِر ع بکھرنے والا۔ پھیلنے والا
پراگندہ۔
مُنتظِم ع انتظام کرنے والا۔ راست
اور درست ہونے والا۔
مُنتصِب ع عہدہ پانے والا۔
قائم ہونے والا کسی کام پر۔
مُنتصِد ع اقامت کرنے والا کسی
کام پر ایک دوسرے پر چنا ہوا۔
مُنضمّ ع پیوستہ ہونے والا۔
آمیختہ ہونے والا۔
مُنتفع ع فائدہ مند۔
منتفی ع نیست ہونے والا۔
مُنتفع ع بھیگا ہوا۔ تراشیدہ۔
مُنتقِل ع انتقال کرنے والا۔
ایک مکان سے دوسرے مکان
پر چلے جانے والا۔
منتقِم ع بدلا لینے والا۔ کینہ
کشندہ از کسے۔
منتقی ع برگزیدہ۔

منتن ع بدبودار شے۔ گندہ۔ گندیدہ
منتہی ع انتہا کو پہنچنے والا۔
منثور ع دُر ناسفتہ۔ پراگندہ۔
نثر برخلاف نظم کے۔
مُنجر ع کشیدہ شدہ۔ کھینچا گیا۔
منجس ع ناپاک کرنے والا۔
منجلاب ع جائے انداخت
پانی خراب کا چوبچہ۔
منجلی ع ظاہر۔ آشکارا۔ روشن۔
مُنجم ع نجومی۔ جوتشی۔
مِنجل ع درانتی گھاس کاٹنے کی۔
منجمد ع ٹھٹھرا ہوا۔ سردی سے
جما ہوا بسبب سردی کے۔
منجنیق ع ڈھیکلی ایک آلہ ہے
جس میں بڑے بڑے پتھر رکھکر
قلعے کے دیوار پر مارتے ہیں۔
تاکہ دیوار ٹوٹ جاوے یہ لفظ
معرب ہے من چینک کا چونکہ قلعہ
گیری میں مفید ہے اس واسطے
یہ نام اُس کا ہوا۔
منحوت ع تراشیدہ شدہ۔ تراشا
گیا۔ چھیلا گیا۔
منحدر ع اوپر سے نیچے اُترنے
والا۔

منحات ع رندہ کرنے کا اوزار۔ ڈھینئی کا رندہ۔
منحرف ع پھرا ہوا۔ خم کھایا ہوا۔ برگشتہ۔
منخر ع سوراخ ناک۔ نتھا۔ سوراخ بینی۔
منخرین ع دو سوراخ بینی ناک کی دو سوراخ۔
منخرق ع پھٹنے والا۔ دریدہ شوندہ
منخرم ع ناک کٹا ہوا۔ گوش سوراخ کردہ شدہ۔
منخل ع چھلنی آٹا چھاننے کی۔
مندف ع صاحب۔ والا۔
مندرج ع درج کیا گیا۔
مندرس ع گھسا ہوا۔ کہنہ۔
مندفع ع دفع ہونے والا۔
مندمج ع گھسا ہوا۔ داخل شوندہ
مندمل ع گھاؤ بھرنے والا۔ زخم جو انگور کر لاوے۔
مندوب ع رویا گیا۔ نوحہ کیا گیا ماتم کیا گیا مجازاً مردہ۔
مندیل ع رومال و دستار۔ پٹکا جو کمر میں باندھتے ہیں۔

منزل ع مکان۔ گھر۔ جگہ اترنے کی۔
منزلت ع رتبہ۔ درجہ۔
منزوع ع کھینچا گیا۔
منزوی ع گوشہ اختیار کرنے والا گوشہ نشین۔
منزہ ع صاف۔ پاک۔

+ + + + + + +

منسج ع بُننے والا۔ جولاہا۔
منسد ع انسداد کیا گیا۔ روکا گیا بند باندھا گیا۔
منسوب ع نسبت کیا گیا۔
منسک ع عبادتگاہ۔ جائے قربانی حاجیاں۔
منسلک ع لڑی میں پرویا ہوا۔
منسوج ع بنا ہوا۔ بافتہ شدہ۔
منسوخ ع رد کیا گیا۔ نیست کیا گیا۔
منسی ع بھولنے والا۔
منسی ع بھولایا گیا فراموش کردہ شدہ
منشا ع جگہ پیدا ہونے کی۔ جائے ہونے کی۔ مجازاً۔ سبب۔
منش ف خرد طبیعت۔ مزاج۔
منشیات ع مفعلات کے وزن پر جمع ہے منشی کی صیغہ اسم مفعول کا انشا سے مراد مسودات عبارت تصنیفات ہے۔
منشار ع آرہ جس سے لکڑی چیرتے ہیں۔
منشرح ع کھلا ہوا۔ آشکار شدہ
منشط ع خوشی میں لانے والا۔
منشعب ع شاخ در شاخ ہونے والا۔ پراگندہ۔ پھیلا ہوا۔
منشق ع شگافتہ شوندہ۔ پارہ پارہ کیا گیا۔
منشور ع پراگندہ شدہ۔ فرمان شاہی۔
منشی ع آغاز کرنے والا۔ پیدا کرنے والا ایک بات کا اپنے دل سے۔
منصب ع جگہ قایم ہونے کی مجازاً رتبہ۔ عہدہ جلیل القدر جو امراکو ہوتا ہے۔
منصرف ع ایک حال سے دوسرے حال پر لوٹ جانے والا۔
منصف ع انصاف کرنے والا۔
منصوبہ ع کوئی شے برپا کی ہوئی۔ تدبیر کسی کام کی بازی شطرنج۔ نام ساتویں بازی نرد کا۔

منصوب ع کھڑا کیا گیا۔ نصب کیا گیا۔
منصور ع یاری دیا گیا۔ مدد دیا گیا۔ نام ایک فقیر کامل کا ہے۔
منصوص ع کمال تحقیق کو پہنچا ہوا۔ تحقیق کیا گیا۔
مُنَصَّہ ع جائے ظاہر ہونے کسی چیز کی تخت یا چوکی۔ جس پر دلہن کو بٹھلا کر جلوہ کراتے ہیں۔
منضج ع پکانے والا۔ پختہ کرنے والا۔ میوہ یا نان پکانے والا۔ وغیرہ کا۔
منضّد ع تو بر تو۔ ایک دوسرے پر چنا ہوا۔ تہ بر تہ رکھا ہوا۔
مُنضم ع ملایا گیا۔
مُنطبع ع منقوش ہونے والا۔ چھاپا گیا۔
منطبق ع برابر۔ موافق۔ مطابق کیا گیا۔
مُنطفی ع بجھنے والا۔ بجھا ہوا۔
منطق ع گفتگو۔ سخن کرنا۔ اور نام ایک علم کا ہے۔
منطمس ع محو ہونیوالا۔ نیست ہونے والا۔

منطقہ ع پٹکا۔ کمر بند۔
منطقۃ البروج ع وہ دائرہ کلان ہے۔ جس پر گیارہ برج آسمانی واقع ہیں۔
منطوق ع سخن۔ کلام۔ مضمون
منطوی ع لپٹا ہوا۔
منطیق ع فصیح۔ خوش کلام۔ خوشگو۔
مَنظر ع جائے نظر۔ چشم چہرہ۔ کھڑکی۔ دریچہ۔
منظوم ع پرویا گیا۔ نظم کیا گیا۔ نظم۔
منظومہ ع نظم کیا ہوا رسالہ۔
منع ع باز رکھنا۔ روکنا۔
منعدم ع نیست ہونا۔ معدوم ہونا۔
منعام ع بہت بخشش کرنے والا۔ بہت دینے والا۔
منعدم ع نیست ہونے والا۔ نابود ہونے والا۔
منعطف ع مڑنیوالا۔ لوٹنے والا
منعکس ع عکس قبول کرنیوالا شعاع جو الٹ کر آئی ہو۔
منعقدہ ع بستہ شوندہ۔ انعقاد

پانے والا۔
منعم ع مالدار اور نعمت دینے والا۔
منعوت ع نعت کیا گیا۔
منغمس ع ڈوبا ہوا۔ غریق۔
منغص ع مکدر۔ تیرہ۔
منغمص ع ڈوبا ہوا پانی میں نیچے بیٹھا ہوا۔
منفق ع نفقہ۔ دیا گیا۔ خرچ دیا گیا۔
منفق ع خرچ کرنے والا۔
مِنفاق ع بہت خرچ کرنیوالا۔
منفتح ع کھلا ہوا۔ کشادہ۔ فتح کیا گیا۔ جیت لیا گیا۔
منفتق ع چرا ہوا۔ شگافتہ شدہ
منفجر ع پھٹا ہوا۔ شگافتہ شدہ
مِنفخ ع دھوکنی لوہاروں کی جس سے آگ کو دھونکتے ہیں۔
مَنفذ ع راہ جگہ گذرنے کی۔ اور جگہ گھس جانیکی۔
منفرج ع کشادہ۔
منفرح ع خوش۔ شاد۔
منفرد ع تنہا۔ اکیلا۔
منفصل ع جدا۔ علیحدہ۔ انفصال یافتہ

منفصم ۶ ٹوٹا ہوا - ختم کیا گیا۔
مُنفَطر ۶ شگافتہ شدہ - چرا ہوا -
منفعت ۶ سود مندی - فایدہ -
منفعل ۶ اثر قبول کرنیوالا - شرمندہ -
مُنفِق ۶ خرچ کرنے والا -
منفک ۶ جدا کیا گیا -
منقاد ۶ مطیع - فرمانبرداری - عاجزی کرنے والا -
مُنقّی ۶ پاک کرنے والا - صاف کرنے والا -
منقّے ۶ پاک کیا گیا - صاف کیا گیا -
مِنقار ۶ چونچ پرندکی -
مِنقاش ۶ موچنا جس سے بال بدن کے اُکھیڑتے ہیں -
منقبت ۶ ہنر - ستودگی اصلاح میں تعریف - ثنا -
منقبض ۶ بھچا ہوا - گرفتہ شدہ تنگ کرکے باندھا ہوا - سمٹا ہوا
منقح ۶ پاک کیا گیا جھوٹ سے - وہ شئے جس میں دروغ نہ ہو -
منقرض ۶ بریدہ شدہ - کترا ہوا گذرا ہوا -

منقسم ۶ تقسیم کیا گیا - بانٹا ہوا -
منقش ۶ نقش ونگار کیا گیا - چتر کاری کیا گیا -
منقشر ۶ چھیلا ہوا - چھلکا اُتارا ہوا -
منقضی ۶ گذشتہ - گذرا ہوا -
منقطع ۶ قطع کیا گیا - انقطاع یافتہ -
منقلب ۶ گردش کرنے والا - پھرنے والا - برگرندہ - واژگون شوندہ
منقلع ۶ اُکھڑنیوالا - برکندہ شوندہ -
منقوب ۶ سوراخ کیا گیا - چھید اگیا -
منقوش ۶ نقش کیا گیا - کھودا ہوا -
منقصت ۶ نقصان عیب -
منقوص ۶ ناقص - کم -
منقول ۶ نقل کیا گیا - ذکر کیا گیا -
منکبین ۶ تثنیہ ہے منکب کا یعنے دو نو مونڈھے -
منکب ۶ مونڈھا - دوش -
منکدر ۶ تیرہ - دھندلا - گدھلا -

منکر ۶ بد - قبیح - ناشایستہ -
منکسر ۶ ٹوٹا ہوا - شکستہ -
منکشف ۶ کھلنے والا - کشادہ برہنہ - کھلا ہوا -
منکوب ۶ خراب - بدحال - سختی رسیدہ -
منکوحہ ۶ بیوی - جورو - نکاح کی ہوئی عورت -
منکوس ۶ اوندھا - سرنگون نگوں سار -
منگیدن ۶ آہستہ زیر لب بات کہنا - بڑبڑانا -
مُنِم ۶ سخن چینی کرنے والا -
مِنَن ۶ جمع منت کی - احسانہا -
منوب ۶ نیابت کیا گیا - وہ شخص جس کا کوئی نائب ہو -
مِنوال ۶ وہ لکڑی جولاہ کی جس پر کپڑا بنا ہوا لپٹا ہے مجازاً طور - دستور -
مُنوّر ۶ روشن - روشنی دیا گیا
مِنوچہر مخفف ہے مینوچہر کا یعنے بہشت رد کا ایرج کا نواسہ تھا - اور ایرج فریدوں کا بیٹا تھا -

منوط ع لٹکایا گیا۔ درآویختہ شدہ چیزے۔

منون ع زمانہ۔ موت۔

منوی ع نیت کیا گیا۔ مراد جو ارادہ میں ہو۔

منہج / **منہاج** } راہ راست۔ راہ کشادہ

منہدم ع ویران ہونے والا۔ عورت افتادہ۔

منہزم ع لڑائی سے بھاگنے والا۔ لشکر شکست خوردہ۔

منہضم ع ہضم کیا گیا۔ پچا ہوا۔

منہل ع وہ چشمہ جو چراگاہ میں ہو۔ جس میں چوپائے آدمی وغیرہ پانی پیویں۔

منہمک ع ایک کام میں بہت کوشش کرنے والا۔

منہی ع خبر دینے والا۔ اسکی جمع فارسی میں منہیاں آتی ہے۔

منہی ع وہ فعل جس کا کرنا شرع میں منع کیا گیا ہے۔

منے ع نام ایک پہاڑی کا مکہ میں جو محل قربانی ہے۔

مُنیہ ع آرزو۔ مطلب۔ مقصد۔

منیر ع روشنی دینے والا۔ روشن۔

منیع ع بازدارندہ۔ مجازاً محکم۔ استوار۔

من یزید ع اُس بیع کو کہتے ہیں جو بڑھتی ہووے۔ جیسے نیلام۔ ہراج۔

منیف ع پاک۔ بزرگ۔ بلند۔

مو ف بال۔

موئینہ ف فارسی میں بالوں کا کپڑا۔ یا پوست حیوان کا لباس جس میں بال ہوں۔

موات ع بیجان۔ زمین خشک جس میں پیداوار نہ ہووے۔ ہلاک۔ موت۔

مواثیق ع وثیقے۔ عہد و پیمان جمع ہے میثاق کی۔

مواجب ع جمع ہے موجب کی بمعنے لازم کیا گیا۔ مقرر کیا گیا۔ مجازاً تنخواہ یہ لفظ جمع ہے مگر مفرد کی جگہ بھی اس کا استعمال درست ہے۔

مواجہ ع باہم روبرو ہونا۔

مواخات ع باہم برادری رکھنا بھائی چارہ آپس میں کرنا۔

مواخذ ع گرفت کرنے والا۔ مواخذہ کنندہ کسی سے کسی بات میں جواب لینے والا۔

مواخذہ ع گرفت کرنا کسی سے بات میں جواب لینا۔

مواد ع جمع ہے مادہ کی اصل ہر چیز کی۔

موادعت ع رخصت کرنا۔ وداع کرنا ایک دوسرے کو باہم وداع کرنا۔

موارد ع جمع ہے مورد کی چشمے جگہ وارد ہونیکی۔

موازات ع مقابلہ۔ برابری۔

موازنہ ع ہموزن ہونا۔ دوچیزوں کا ہموزن ہونا۔

موازی ع برابر۔ مقابل۔

موازین ع جمع ہے میزان کی ترازوئیں۔

موسیٰ ع استرا بال مونڈنے کا۔ اور نام ایک پیغمبر کا یہ لفظ عبرانی ہے اُس کے معنے یہ ہیں مو بمعنے تابوت سا بمعنے آب چونکہ موسےٰ کو ان کی والدہ نے پانی میں بہا دیا تھا۔ اس لئے یہ نام رکھا گیا۔

مُواسا ع مدد کرنا۔ یاری۔ رعایت
صلح۔ غمخواری کرنا۔
مواسات ع یاری کرنا مال اور
تن سے کسی کے ہمراہ غمخواری
کرنا۔
مواشی ع جمع ہے ماشیہ کی۔
گائے۔ بیل۔ گھوڑا وغیرہ۔
مواصلت ع ملنا۔ ملاقات کرنا
ملجانا۔
مواطات ع موافقت۔
مواطن ع جمع ہے موطن کی۔
وطنہا۔
مواظبت ع ایک کام ہمیشگی کرنا۔
مواعدت ع باہم وعدہ کرنا آپس
میں وعدہ کرنا۔
مواعظ ع نصائح۔ نصیحتیں۔
جمع ہے موعظت کی۔
موافق ع موافقت کرنے والا۔
مطابق۔
موافقت ع ساتھ۔ دوستی۔
برابری۔ مطابقت۔
مواقع ع جائیہا۔ محلہا۔ جمع ہے
موقع کی۔
مواقف ع جمع ہے موقف کی۔
جگہ ٹھہرنیکی۔
مواکب ع جمع ہے موکبہ کی گروہ
سواروں کی سپاہ اور لشکر سواروں
کا۔ رسالے سواروں کے۔
موالات ع پے درپے ایک
کام کرنا۔ دوستی۔
موالفت ع کسی کے ساتھ الفت
کرنا۔ خوگر ہونا۔ باہم الفت کرنا۔
موالی ع جمع ہے مولی کے غلامان
موالید ع جمع ہے مولود کی بچے۔
موالید ثلثہ ع حیوانات۔ نباتات
جمادات۔
موانست ع باہم انس کرنا۔
دوستی کرنا۔
موانع ع جمع ہے مانع کی منع کرنے
والی۔ روکنے والی چیزیں۔
مواہب ع جمع ہے موہبہ کی
بخشش۔
مواہبت ع بخشش۔ عطا۔
مواہنت ع سستی۔ باہم سستی کرنا۔
موائد ع جمع ہے مائدہ کی خوانہائے
پر طعام۔
موبد ع حکیم۔ دانشمند آتش پرستاں
پیر میفروش۔
مؤبّد ع ہمیشگی کیا گیا۔ ابد کیا گیا۔
موجود ع وجود کیا گیا۔ پیدا ہوا
ہو۔ حاضر۔
موبمو ف سب بالوں میں۔
موت ع مرجانا۔
موتے ع مردگان۔ مرے ہوئے
مردے جمع ہے میت کی۔
موتراش ف استرا بال مونڈنے
کا۔
مؤتلف ع خوگرفتہ۔ الفت
کیا گیا۔
مؤتمر ع فرمانبردار۔ مشورت
کنندہ۔
مؤتمن ع امانت دار جو شخص کسی
کے مال میں خیانت نہ کرے۔
مؤثّر ع اثر کرنے والا۔ تاثیر
کرنے والا۔
مُوثِر ع ایثار کرنے والا۔
موثق ع استوار۔ مضبوط۔
موج ع لہر۔ پانی کی لہر
موجب ع واجب کرنے والا۔
لازم کرنے والا۔
موجد ع پیدا کرنے والا۔ کچھ نئی
چیز ایجاد کرنے والا۔

موجذ ع کوتاہ۔ مختصر۔ نام کتاب طب۔

موجزن ع لہراتا ہوا۔ موج مارنے والا۔

موجّل ع مہلت دیا گیا۔ وقت مقرر کیا گیا۔

موجودات ع جمع ہے موجودہ کی۔

مُوجّہ ع پسندیدہ خوب جس کی طرف منہ کیا جاوے۔

موچینہ ف بالوں کے اکھڑنے کا آلہ۔

موحش ع وحشت میں ڈالنے والا۔ اندوہگین کرنے والا۔

موٴخر ع آخر کیا گیا۔ پچھلا۔ گوشہ چشم جانب کان کے۔

مودِّب ع ادب دینے والا۔

مودَّب ادب دیا گیا۔

مودّت ع دوستی کرنا۔ دوستی۔

مودّٰی ع ادا کیا گیا۔ پہنچایا گیا۔

مودّی ع ادا کرنے والا۔ پہنچانے والا۔

مُودِع ع رخصت کرنے والا۔

مُودَع ع رخصت کیا گیا۔

مُودَع ع سپرد کی ہوئی شے۔

موٴذّن ع اذان دینے والا۔ آگاہ کرنے والا۔ بانگ دہندہ۔

موذی ع دُکھ دینے والا۔

مور ف چیونٹی۔ کیڑی۔

مورث ع وارث کرنے والا۔ وہ مرنے والا جس کا مال ہو اور وارث ہوں۔

مورچال
مورچل } اُس گڑھے کو کہتے ہیں جو قلعہ کو لینے کے واسطے چار طرف کھودتے ہیں۔

مورچہ ف ایک قسم کی چیونٹی جو بہت چھوٹی ہوتی ہے۔ زنگ جو لوہے کو لگتا ہے۔

مورِّخ ع تاریخ لکھنے والا۔

مَورَد ع چشمہ پانی پینے آدمیوں کا۔ اور بہائم کا جگہ وارد ہونے کی۔

مُورَّد ع گلگوں۔ سُرخ رنگ۔ مانند گلاب کے کیا گیا۔

مورد ع درخت آس کو کہتے ہیں۔

موروث ع میراث گرفتہ شدہ۔

موروثی ع باپ دادے کا۔ وہ شے جو وارثی ہو۔

مَوز ع کیلا کا درخت۔

موزع ع پراگندہ کرنے والا۔ تقسیم کرنے والا۔

موزون ع تُلا ہوا۔ وزن کیا ہوا۔

مُوسِر ع توانگر جو مفلس نہ ہو۔

موسس ع استوار کنندہ بنیاد ڈالنے والا۔

موسم ع وقت۔ سماں۔

موسوم ع نام کیا گیا۔ نام رکھا گیا۔ نشان کیا گیا۔ داغدار۔

موسیقی ع نام ہے علم راگ کا۔

موش ع چوہا۔

موشّح ع زیور سے آراستہ کیا گیا۔ مزین بدی پہنایا گیا۔

موش خور ف چیل۔ گدھ۔

موش خرما ف گلہری۔ مشہور جانور ہے۔

موش دشتی ع جنگلی چوہا۔

موش کور ف چھچھوندر۔

موصی ع وصیت کرنے والا۔

موصی بہ ع وہ شے جس کے دینے کی وصیت کی ہو۔

موصٰی ع وہ شخص جس کو وصیت کی ہو۔

موصی الیہ ع وہ شخص جس کو کہا ہو۔ کہ بعد میرے مرنے کے یہ کام کرنا۔

موصل ع جگہ وصل کی ملنے کی جگہ نام شہر کا عرب میں ہے۔
موصوف ع وصف کیا گیا۔ تعریف کیا گیا۔
موصول ع ملا ہوا۔ وصل کیا ہوا
موضع ع جگہ۔ مکان۔ گاؤں۔ جگہ رہنے کی۔
موضوع ع رکھا گیا۔ کیا گیا۔ وہ شے جس کا ذکر اس علم میں ہو
موطن ع جائے وطن۔ اپنا دیس
موطن ع وطن کیا گیا۔ وہ شہر جس کے اندر کوئی آپ جا بسے۔
موظف ع وظیفہ دینے والا۔ ہمیشہ ایک کام کا کرنے والا۔
موظف ع وظیفہ کیا گیا۔ وظیفہ دیا گیا۔
موعدت ع وعدہ۔ عہد و پیمان۔
موعد ع وقت وعدہ کرنیکا جگہ وعدہ کرنے کی۔
موعظت ع نصیحت کرنا نصیحت پند۔
موعود ع وعدہ کیا گیا۔ وعدہ کردہ شدہ۔
موفر ع زیادہ کرنے والا۔

موفق ع توفیق دیا گیا۔ نیک کام کرنے کا اسباب مہیا کیا گیا۔
موفور ع وافر کیا گیا۔ زیادتی کیا گیا۔
موفی ع تمام کردہ شدہ۔ وفا کیا گیا۔ مجازاً۔ کامل۔ تمام۔
موقت ع کسی وقت پر ٹھہرایا ہو۔ وقت کیا گیا۔
موقع ع جگہ واقع ہونے کی۔ جگہ گرنے کی۔
موقف ع جگہ کھڑے ہونیکی نام ایک مقام کا ہے جو سات کوس مکہ سے دور ہے۔
موقوف ع ٹھہرایا گیا۔ مجازاً۔ برخاست کیا گیا۔
موقن ع یقین کرنے والا۔
موق ع گوشہ چشم بطرف بینی۔ آنکھ کا کونا۔
موکب ع گروہ سواروں کا جو امیر کی سواری کے آگے چلے۔ سپاہ و لشکر سواران۔
موکد ع تاکید کیا گیا۔
موکل ع وہ شخص جس کو کچھ کام سپرد ہو۔

مول ف معشوق عورت حرامزادہ توبہ۔ ٹھہرو۔
مولاع غلام۔ آزاد۔ یاری دہندہ
مولیٰ ع خداوند۔ سردار۔ ہمسایہ
مولد ع جائے ولادت۔ جنم بھوم وطن جہاں پیدا ہو۔
مولع ع حریص۔ لالچی۔
مولف ع تالیف کرنے والا۔ جمع کرنے والا۔
مولفات ع وے کتابیں جو تالیف کی گئی ہوں۔
مولم ع درد دینے والا۔ الم دینے والا۔
مولود ع بچہ پیدا ہوا ہوا۔ خواہ لڑکی ہو یا لڑکا جنا ہوا۔ زمانہ جننے کا
مولوی ع اسم مفعول کا صیغہ ہے سرداری دادہ شدہ۔ سردار منسوب مولا سے۔ خداوند۔
مولہ ع شیفتہ۔ عاشق۔ دیوانہ ایک قسم کا بید جس کو بید مجنوں کہتے ہیں۔
مومر ع حکم کرنے والا۔
مؤمل ع امیدوار۔
مؤکد ع تاکید نے والا۔

مومن ع ایمان لانے والا۔
مومی ع اشارہ کیا گیا۔ اشارہ کردہ شدہ۔
مومی الیہ ع وہ شخص جسکی طرف اشارہ کیا گیا ہو۔
مومیاء ع نام ایک چکنائی کا ہے۔ جسے بطور دوا کے استعمال کرتے ہیں۔
مُؤنت ع محنت۔ رنج کھینچنا۔ اور بااحتیاج معاش کا جیسے نفقہ۔ لباس۔ خرچ۔ ضروری۔
مونث ع عورت۔ مادہ۔
مونس ع ہمدم۔ آرام دہندہ۔
موہبت ع بخشش۔ عطا۔
موہب ع بخشنے والا۔ ہبہ کرنے والا۔
موہوب ع عطا کیا گیا۔ کوئی چیز ہبہ کیا گیا۔ بخشا گیا۔
موہوم ع وہم کیا گیا۔ وہمی۔
مُوہِم ع وہم ڈالنے والا۔
مُوہون ع سست کیا گیا۔
موے ف بال۔
موید ع تائید کیا گیا۔ مدد کیا گیا۔
مویز ع کلان انگور۔ سوکھائی ہوئی

داکھ۔ منقا۔
مویہ ف نوحہ۔ رونا مردہ پہ۔
مہ ف بڑا بزرگ۔ سردار۔
مہ ف چاند۔ مخفف ماہ کا۔
مہاف بزرگ۔
مہاب ع ڈراونی شکل ہیبت ناک شخص۔
مہابت ع خوف۔ ڈر۔ خشم۔
مہاجر ع ہجرت کرنے والا۔ ایک جگہ چھوڑ کر چلا جانے والا۔
مُہاجرت ع جگہ رہنے کی چھوڑنا چلا جانا وطن چھوڑ کر
مہاد ع جمع ہے مہد کی بستے۔ فروش۔
مہار ف اونٹ کی نکیل وہ لکڑی جو اونٹ کے ناک میں ڈالتے ہیں۔ اور اُس میں ایک رسّی باندھتے ہیں۔
مہارت ع اُستادی۔ استعداد۔
مہالک ع جمع مہلکہ کی جگہ ہلاک ہونے کی۔
مہام ف جمع ہے مہم کی مہات۔
مہان ف اہانت کیا گیا ذلیل۔
مہان ف جمع ہے مہ کی بزرگان۔
مہب ع جگہ چلنے ہوا کی۔

مہبط ع جگہ اُترنے کی جائے ہبوط۔
مہتاب ف چاندنی اصل میں تاب ماہ تھا۔
مہتدی ع ہدایت پانیوالا۔ راہ راست پانے والا۔
مہتر ف بزرگ۔ سردار۔
مہجور ع چھوڑا گیا۔ جدائی کیا گیا۔ جُدا۔
مہچہ ف جھنڈیکا سرا۔ پرچم جو اوپر جھنڈیکے ہوتا ہے۔
مہد ع بھنگوڑا۔ گہوارہ۔ بستر۔
مہذب ع آراستہ کیا گیا۔
مہر ع وہ روپیہ جو عورت کو عوض نکاح کے خاوند دیتا ہے۔
مہر ف سورج۔
مہربان ف محبت کرنے والا۔
مہرجان مب معرب ہے مہرگان کا یعنے مدت رہنے آفتاب کی برج میزان میں۔
مُہرکن ف وہ شخص جو مُہر کھودتا ہے۔
مہروف چاند کی شکل۔

مُہرہ ف کوڑی۔ گھونگا۔ سنکھ۔ پتھر مشہور ہے

مہزول ع لاغر۔ دُبلا۔

مہزوم ع شکست دیا گیا۔ شکست پایا ہُوا۔

مہضوم ع ہضم کیا گیا۔ بچایا گیا۔

مُہل ع تانبا گلایا ہُوا۔

مہل ع آہستگی۔ دیر۔ زمانہ۔

مَہِل ع مت چھوڑ صیغہ نہی کا مہلیدن بمعنے گذاشتن۔

مُہلت ع درنگ۔ دیر۔

مہلک ع جائے ہلاک ہونے کی۔

مہلکہ ع جائے ہلاکت۔

مہم ع غم میں ڈالنے والا۔

مَہم ع اندوہ۔ غم۔ مجازاً امر عظیم کار دشوار۔ ضروری کام۔

مہمات ع جمع ہے مہم کی یعنے بہت سی مہمیں امور عظیمہ کارہائے ضروری۔

مہمان ف وہ شخص غیر جو کسی کے گھر پر آکر اُترے یہ لفظ مشتق ہے۔ مہ یعنے بزرگ اور ماں بمعنے مانند ہے یعنے مانند بزرگ کے۔

مہمان سرا ف مسافروں کے ٹھہرنے کی جگہ لنگر سدا برت۔

مہمانی ف ضیافت کرنا کھانا کھلوانا کسی غیر کو۔

مُہمل ع چھوڑا ہوا۔ بیکار۔ بیمعنی لفظ۔ بیہودہ۔

مہملہ ع خالی اور وہ حرف جس پر نقطہ نہو۔

مہمیز ع ایک میخ لوہے کی جو سواروں کی ایڑی میں لگی ہوئی ہوتی ہے۔

مہندس ع وہ شخص جو علم ہندسہ جانتا ہو۔

مہوش ف چاند کی مانند۔

مہی ف بزرگی۔ سرداری۔

مہیّا ع تیار۔ موجود۔

مہیب ع خوفناک۔ ہیبت دینے والا۔

مہین ف بزرگتر۔

مہین ع سُست۔ ضعیف حقیر و خوار۔

مے ف شراب۔

میادین ع جمع میدان کی ہے۔

میامن ع جمع ہے میمون کی بابرکت شخص یا بابرکت اشیا۔

میان ف کمر۔ درمیان۔

میانجی ف ایلچی۔ قاصد۔

میانہ ع درمیان کا۔ نہ بڑا نہ چھوٹا منجھولا۔

میانہ روی ف زیادتی اور کمی سے بچنا اور افراط اور تفریط سے بچنا۔

میت ع مردہ۔ مری ہوئی لوتھ۔

میثاق ع وعدہ۔ عہدہ۔

میخ ف کیلی خواہ لکڑی کی ہو یا لوہے کی۔

میخک ع چھوٹی کیل۔ کوکا۔

میخوش ف کھٹا مزہ جس میں شیرینی بھی ہو۔

میدان ف صاف سطح زمین کی جہاں پہاڑ نہ ہوں زمین صاف ہو۔

میدہ ع نفیس آٹا۔ باریک رد پارچہ پنیر۔ مخفف۔

مائدہ ف بمعنے خوان پر طعام

میر آخور ف داروغہ اصطبل کا۔

میر آتش ف داروغہ توپ خانہ۔

میر ع مخفف ہے امیر کا۔ یعنے سردار۔

میراث ع مال مُردہ کا جو وارثوں کے ہاتھ آوے۔

میر آب ع باغبان جسکا ذمہ درختوں کے پانی دینے کا ہو۔
میر شبگیر ف کوتوال شہر جو رات کو کوچہ گردی کرتا ہے۔
میر بخشی ف جو سب کی تنخواہ تقسیم کرے۔
میر حاج ع سردار حاجیوں کا۔
میر بحر ع داروغہ گذر دریا کا۔
میرزا ف اصل میں امیر زا تھا یعنی زائیدہ امیر امیر کا بیٹا۔
میر شکار ف شکاریوں کا سردار۔
میز ف وہ تخت جس پر کھانا کھاتے ہیں۔ اور کتابیں وغیرہ اسباب رکھتے ہیں۔
میزاب ع پرنالا۔
میزان ع ترازو۔ تُلا۔ تکڑی۔
میزبان ف صاحب خانہ جو ضیافت کرے۔
میزر ع تہ بند۔ تہمد۔ چادر۔ پائجامہ۔ شلوار۔
میزد ف کاٹھی کے درمیان کی جگہ جس پر بیٹھتے ہیں۔
مُیَسّر ع آسان کیا گیا۔
میسرہ ع توانگری۔ بائیں طرف وہ فوج جو وقت لڑائی کے دست چپ بادشاہ کے ہو۔
میش ف بھیڑ۔
میعاد ع وقت مقرر۔
میغ ع ابر سیاہ، ور سیاہ جسکے مقابل بارغ بمعنے سفیدی کے پڑے۔
میقات ع وقت اور ہنگام کار وعدہ گاہ اور وہ مقام جہاں پر احرام حج کا باندھیں وے پانچ ہیں ذوالحلیفہ۔ ذاتؔ عرق۔ جحفہ۔ قرن۔ یلملم
میق ع گریاں۔ رونے والا۔
میکدہ ف شراب خانہ۔
میگون ف شراب کے رنگ۔
میل ع سلائی جس سے آنکھوں میں سرمہ ڈالتے ہیں اور منار علامت فرسنگ کی ہے۔
میل ع خم کرنا۔ خمیدگی۔ ہلنا۔ جنبش کرنا۔ توجہ۔
میلک ف ایک قسم کا کیڑا ہے جو شہر نوشاد میں بنتا ہے۔
میلاد ع وقت ولادت۔ زمانہ پیدا ہونے کا اور نام ایک شہر کا ہے۔ اور نام پہلوان کا بھی۔
میمنت ع برکت۔ سعادت۔
میلان ع خواہش۔ مائل ہونا۔ رجوع۔
میمند ع نام ایک قصبہ کا ہے۔ مضافات غزنی سے۔
میمنہ ع دہنے ہاتھ کی جانب اور وہ فوج جو بروقت لڑائی کے دہنی طرف ہو۔
میمون ع خجستہ۔ مبارک فارسی میں بندر۔
مینا ف شیشہ شراب کا۔ اور آبگینہ رنگین۔
میناکار ف مینا کا کام چاندی سونے پر کرنے والا۔ جڑاؤ کام کرنے والا۔
مینو ف عالم علوی۔ بہشت فلک رنگدار شیشہ جو زیور پر چڑھا جاتا ہے

بابُ النُّون

نا ف حرف نفی ہے مشتقات اور صفات پر آتا ہے جیسے نابالغ نامسموع۔
نا ع ہم۔ ہم لوگ یا ہم عورتیں۔

ناب ف خالص ۔ صاف ۔ پاک ۔
ناپاک ف گندہ ۔ پلید ۔
ناپائیدار ف جو پائیدار نہ ہو ۔ جو دیر تک نہ رہے ۔
نابایستہ ف نالائق ۔ نازیبا ۔
ناپدید ف دکھلائی نہ دے ۔ ظاہر نہ ہو ۔
ناپسند ف جو پسند نہ ہو ۔
نابکار ف جو کام کا نہ ہو ۔
نابود ف جو نیست ہو جاوے ۔
نابہرہ ف کمینہ ۔ ہیچ ۔ بے عقل بے نصیب ۔
ناپیدا ف جو ظاہر نہ ہو ۔
نابینا ف اندھا ۔
ناتراشیدہ ف نہ چھلا ہوا بے ادب ۔
ناتراش ف سفلہ آدمی ۔ کمینہ ۔
ناتوان ف ناطاقت ۔ کمزور ۔
ناتوانی ف ناطاقتی ۔ کمزوری ۔
ناچار ف لاعلاج ۔ لابد ۔ بالضرور عاجز ۔
ناچاق ف دُبلا جو تندرست نہ ہو ۔
ناچیز ف بے حقیقت جو کچھ نہ ہو ۔

ناچخ ف چھوٹا نیزہ ۔
ناحق ف بے حق ۔ بے سبب ۔
ناحی ع کنارہ ۔ کونا ۔ کنارہ پکڑنے والا ۔
ناحیہ ع کونہ ۔ کنارہ ۔
ناخ ف ناف جو شکم پر سوراخ ہوتا ہے ۔
ناخدا ف ملاح اصل میں ناؤ خدا تھا یعنی مالک ناؤ کا ۔
ناخلف ف وہ بیٹا جو نالایق ہو جو باپ کے موافق نہ ہو ۔
ناخس ع مثل سوئی کے چبھنے والا ۔ درد جس میں ٹیس پیدا ہو ۔
ناخنہ ع آنکھ کی بیماری ۔ گوشت سفید مثل ناخن کے آنکھ کے کونے میں پیدا ہو جاتا ہے اگر علاج نہ کیا جاوے ۔ تو سیاہی آنکھ کی ڈھانپ لیتا ہے ۔ اور آدمی اندھا ہو جاتا ہے ۔
ناخواست ف بے اختیار ۔ بے طلب ۔ بے تلاش کے ۔
ناخوش ف جو راضی نہ ہو ۔
نادار ف مفلس جس کے پاس کچھ نہ ہو ۔

ناداری ف مفلسی ۔ محتاجی ۔
ناداشت ف مفلس ۔ محتاج ۔
نادان ف بیوقوف ۔
نادانستہ ف ناجان کر ۔ نہ جانی ہوئی ۔
نادانی ف بیوقوفی ۔
نادر ع شے قلیل ۔ کمتر ۔ تحفہ ۔
نادرست ف جو ٹھیک نہ ہو ۔
نادرہ ع عجیب ۔ تحفہ ۔
نادم ع شرمندہ ۔
نادی ع پکارنے والا ۔ مجلس ۔
نادیدنی ف قابل نہ دیکھنے کے ۔
نادیدہ ف نہ دیکھا ہوا ۔
نار ع آگ اور انار میوہ مشہور ہے ۔
ناراست ف جو سیدھا نہ ہو ۔
نارجیل ع کھوپرا ۔ نارجیل ۔
نارسائی ع ف پہنچ نہ ہونا ۔
نارسیدہ ، نارس ف کچا ۔ خام میوہ جو ابھی خام ہو ۔
نارنج مب معرب نارنگ کا ۔
نارنگ ، نارنگی ف نارنگی مشہور پھل ہے ۔
ناروا ف ناجایز ۔ غیر شرع ۔

ناری ع آگ کا ۔ آتشی ۔
ناز ف لاڈ ۔ پیار کا اندازہ ۔
ناز بالش ف نرم تکیہ ۔
نازک ف پتلا ۔ خوبصورت ۔
اور پتلا جو بھدا نہ ہو ۔
نازک بدن ف پتلے بدن کا ۔
نازل ع اُترنے والا ۔
نازلہ ع حادثہ ۔ مصیبت ۔
نازندہ ف ناز کرنے والا ۔
نازیدن ع ناز کرنا ۔
ناس ع آدمی ۔ انسان ۔ یہ صیغہ
اِسم جنس واحد اور جمع دونوں
پر بولا جاتا ہے ۔
ناساز ف ناموافق ۔
ناسپاس ف بے شکر ۔
ناسودہ ف جس کی تعریف نہ
ہوئی ہو ۔
ناسج ع بننے والا کپڑے کا ۔
ناسخ ع لکھنے والا ۔ نیست کرنے
والا ۔
ناسرہ ف کھوٹا ۔ زر قلب ۔ ملمع کا زر ۔
ناسزا ف نازیبا ۔ نالائق ۔
ناسُفتہ ف جو پرویا نہ گیا ہو ۔
جس میں سوراخ نہ ہوا
ہو ۔
ناسک ع عابد ۔
ناسوت ع عالم اجسام مراد دنیا
یہ جہان ۔
ناسور ناصور ف لفظ صاد اور
سین دونوں سے لکھا جاتا ہے اسکے
معنے وہ زخم جو برابر بہا کرے بند نہ ہو
ناسی ع بھولنے والا ۔
ناشاد ف ناخوش ۔
ناشتا ف بھوکا رہنا ۔ صبح سے
کچھ نہ کھایا ہونا ۔
ناشدنی ف نہ ہونے کے لائق ۔
ناشط ع خوشی کرنے والا ۔
ناشطات ع خوشی پیدا کرنے
والی جماعتیں ۔
ناشائستہ ف نالائق ۔
نامناسب ۔
ناشکیبائی ف ناصبری بے صبر
ہونا ۔
ناشناس ف جو پہچانتا نہو ۔
ناشناخت ع ناشناختہ شدہ ۔
ناشی ع اُٹھنے والا ۔
ناصب ع برپا کرنے والا ۔ قائم
کرنے والا ۔ دشمن رکھنے والا ۔ زیر
کا عمل کرنے والا ۔ عامل یعنی زبر
دینے والا لفظ پر ۔
ناصبہ ع مونث ہے ناصب کی ۔
ناصح ع نصیحت کرنے والا ۔
ناصر ع مددگار ۔
ناصع ع خالص ۔
ناصف ع آدھوں آدھ کرنیوالا ۔
ناصواب ف جو درست نہو
غلط ۔
ناصیہ ع پیشانی ۔ ماتھا ۔
ناضر ع تر و تازہ ۔
ناطح ع سینگ مارنے والا ۔
چوپایہ ۔
ناطق ع بولنے والا ۔ صاحب عقل
سمجھنے والا کلیات اور جزئیات کا ۔
ناظر ع دیکھنے والا ۔
ناظم ع پرونے والا ۔ انتظام کرنے
والا ۔
ناظور ع نگہبان ۔ نظر کنندہ ۔
ناعس ع اونگھنے والا ۔ وہ شخص
جسکی آنکھوں میں نیند بھری ہوئی ہو
ناعم ع نرم ۔
ناعمہ ع نرم بدن عورت ۔
ناف ف سونڈھی ۔ ناف پیٹ کی ۔

ناف پیچ ف درد پیچش ناف کا۔
نافجہ ع خوشبودار شے۔
نافح ع پھونکنے والا۔ ہوا بھر کر پھیلانے والا۔
نافذ ع جاری ہونے والا۔ نفوذ کرنے والا۔
نافر ع نفرت کرنے والا۔ بھاگ جانے والا۔
نافرجام ف بد اصل۔
نافرمان ف جو حکم نہ مانے۔
نافرمانی ف حکم نہ ماننا۔
نافع ع نفع دینے والا۔
نافلہ ع زاید۔
نافہ ف کستوری کی تھیلی جو ہرن سے نکلتی ہے۔
نافہم ف جو سمجھ نہ رکھتا ہو۔
نافی ع نفی کرنے والا۔ نیست کرنے والا۔
ناقابل ف جو قابل نہ ہو۔
ناقد ع پرکھیا۔ پرکھنے والا۔ روپیہ اشرفی کا۔
ناقل ع نقل کرنے والا۔ بیان کرنے والا۔
ناقص ع جس میں کچھ کمی ہو۔

ناقر ع دانہ چگنے والا جانور۔ عیب کرنے والا۔
ناقور ع بڑی تے۔ صور۔ سنکھ۔
ناقوس ع سنکھ جو ہندو بروقت پوجا کے بجاتے ہیں۔
ناقہ ع اونٹنی۔
ناک ع بھرا ہوا۔ صاحب۔ خداوند۔ مالک۔
ناکارہ ف جو کام کا نہ ہو۔
ناکاشتہ ف جو بویا گیا نہ ہو۔
ناکام ف نامراد۔ ناچار۔ بالضرور
ناگاہ / ناگاج } ف اچانک۔ اچانچک۔ ناگہ۔
ناکح ع چھید کرنے والا۔ بیاہ کرنے والا۔ نکاح کرنے والا۔
ناکدخدا ف جس کی ابھی شادی نہ ہوئی ہو۔ بے بیاہا ہوا۔
ناکردنی ف جو بات کرنے کے لائق نہ ہو۔
ناگزیر ف ناچار۔ لاعلاج یعنی بالضرور۔
ناکس ع اوندھا سرنگون۔
ناکسے ع نالائقی۔ نالیاقت۔ نیچ پن۔

ناگوار ف بدمزہ۔ بدذائقہ۔ ناپسند۔ ناخوش جو ہضم نہ ہو۔
ناگہان ف یکایک۔
نال ف سوت جو نیزہ میں سے بروقت تراشنے قلم کے نکلتا ہے نیشکر۔ رود خانہ کو چک اور نے جو اندر سے خالی ہو۔
نالاں ف روتا ہوا۔ نالہ کرتا ہوا۔
نالایق ف جو لائق نہ ہو۔
نالش ف نالاں ہونا۔ فریاد کرنا۔
ناکب ع اوندھا ڈالنے والا۔ رنج دہندہ۔
نالہ ف فریاد۔ واویلا۔
نالیدن ف شور کرنا۔
نامور ف وہ شخص جس کا نام مشہور ہو۔
نامجوے ف ناموری چاہنے والا
نامبردہ ف مذکور جس کا نام پر ذکر ہوا ہو۔
نامبارک ف منحوس جو مبارک نہ ہو۔
نامتناہی ف جس کی انتہا نہ ہو۔
نامحدود ف بے حد۔ بے انتہا۔
نامحرم ف ناواقف۔

نامور ف عزت والا۔ معزز۔ نامزد۔
نامراد ف بے مراد۔
نامرد ف جو مرد نہ ہو۔ ہیجڑا۔
نامردی ف نامرد ہونا۔
نامزد ف مشہور۔
نامعقول ف نامناسب جو عقل میں نہ آوے بیوقوفی کی بات
ناموری ف شہرت۔ مشہور ہونا۔
ناموس ع عصمت۔ حرمت۔ خلق سے عزت کی توقع رکھنی۔ نیکنامی۔ سیاست۔ شریعت۔ احکام خدا
نامہ ف خط لکھا ہوا۔ کاغذ۔ چٹھی
نامیدن ف نام رکھنا۔
نامیہ ع بڑھنے والی طاقت۔ نمو کرنے والی طاقت۔
نان ف روٹی۔
نان بای ف مخفف ہے نان بائی کا روٹی پکانے والا۔
نان رباط ف وہ روٹی جو خانقاہوں میں ملتی ہے۔
نان زرین ف سورج۔
نان سیمین ف چاند۔
نانگور ف کمینہ۔

نان وقف ف خدا کے نام کی روٹی۔ للّٰہ کھانا۔
ناؤ ف کشتی۔ پرنالہ۔
ناودان ف نالی۔ پرنالہ۔ نلی۔ جو اندر سے خالی ہو۔
ناورد ف جنگ و جدل۔
ناوک ع تیر۔
ناہمتا ف بے نظیر جس کی مانند کوئی اور نہ ہو۔
ناہد ع نارپستان وہ لڑکی جسکی چھاتیاں تھوڑی مدت سے اُٹھی ہوں۔
ناہموار ف جو برابر نہ ہو۔ مجازاً بے ادب۔
ناہج ع راہ کا چلنے والا۔ راہ فراخ پیدا کرنے والا۔
ناہنجار ف بدذات۔ بد اصل۔
ناہار ف اصل میں نااہار تھا۔ اہار کہتے ہیں خورش کو یعنی وہ شخص جس نے صبح سے کچھ نہ کھایا ہو۔
ناہض ع پرند جو پر کھولکر اڑنے کی تیاری کرے۔
ناہق ع ہیچنے والا۔ گدھے کی آواز
ناہل ع پیاسا۔ اور تشنہ۔

ناہی ع منع کرنے والا۔ روکنے والا
ناہید ف ستارہ۔ زہرہ۔
نائے ف نے۔ بانسلی۔ گلا۔ حلق
نایاب ف جو چیز نہ پائی جائے۔ ناموجود
نائب ف قائم۔ مقام۔
نائچہ ف نیچہ حقہ کا۔
نائرہ ع شعلہ۔ لپٹ آگ کی۔
نائک ف جماع کرنا۔
نائل ع پہنچنے والا۔ پانے والا۔
نائم ع خفتہ۔ سوتا ہوا۔ سونے والا۔
ناہیدن ف فخر کرنا۔ ڈھینگ مارنا۔
نبات ع روئیدگی۔ گھاس پات ترکاری مصری۔
نباتی ع روئیدگی کا جو گھاس پات ہو۔
نُباح ع بھونکنا کتے کا۔
نبّاش ع کفن چور۔ قبر اُدھیڑنے والا۔
نباہت ع بزرگوار اور مشہور ہونا۔
نباہ ع مشہور امیر۔ عزت دار۔
نبت ع اُگنا۔ روئیدگی۔

نبرع بلندی۔ بلند کرنا۔ اٹھانا۔
نبذع تھوڑا۔ ٹکڑا۔
نبراس ع چراغ۔ لال ٹین۔ شمع۔
نبرد ف لڑائی۔ جنگ۔
نبرد گاہ ف میدان جنگ کا۔
نبس ف نواسی یعنے دختر کی لڑکی یا نواسا۔
نبسہ ف پوتے۔ نواسے۔
نبشتن ف لکھنا۔
نبض ع ناڑی۔ حرکت ہاتھ کی رگ کی۔
نبضان ع نبض کی حرکت کرنے والا۔
نبل ع تیر پھینکنا۔ تیر۔
نبوت ع پیغمبری۔
نبہ ع خبردار کرنا۔ تنبیہہ کرنا۔ یاد دلانا۔
نبی ع پیغمبر خدا فرستادہ خدا جو کتاب اور دین لاوے۔
نبیرہ ف پوتا یعنے بیٹے کا بیٹا۔
نبیرہ ف پوتا۔ پوتی۔ نواسہ۔ نواسی
نبیلہ ع خوبصورت۔ بزرگ۔ دانا۔
نبق ع بیر۔ جھڑبیری کا بیر۔

نتاج ع بچہ جننا۔ نتائج ع جمع ہے نتیجہ کی مرادیں مطلب انجام کار بچے۔ اولاد
نتش ع بال اکھیڑنا۔ پر اکھیڑنا اکھیڑنا کانٹے کا موچنے سے۔
نتف ع بال اکھیڑنا۔
نتن ع بدبو۔
نتو ع ابھار۔ اونچا ہونا کسی چیز کا۔
نتیجہ ع بچہ۔ حاصل مطلب غرض۔
نث ع پھیلانا۔ فاش کرنا۔ ظاہر کرنا۔
نثار ع کسی کے سر پر روپیہ یا نقدی بطور صدقہ بکھیرنا۔
نثر ع برخلاف نظم کے۔ جو نظم نہ ہو۔
نثرہ ع نام دو ستاروں کا ہے برج اسد میں۔ منزل آٹھویں منازل قمری سے۔
نبوع ع چشمہ زمین سے نکلنا پانی کا زمین سے پھوٹکر اوپر آنا۔
نجابت ع شرافت۔ اصالت۔ بزرگواری۔
نجات ع خلاصی ہونا۔

نجاح ع حاجت روائی۔ رستگاری چھٹکارا۔
نجاد ع پرتلہ تلوار کا جو کندھے پر ڈالتے ہیں۔
نجّار ع بڑھئی۔
نجار ع اصل۔ جڑ۔
نُجبا ع جمع ہے نجیب کی۔
نجد ع بانجر۔ زمین بلند۔ نام ایک ملک کا ہے۔ درمیان عرب کے جس کی زمین بلند ہے۔
نجدت ع شجاعت۔ دلیری۔
نجس ع ناپاک ہونا۔ ناپاک پلید۔
نجف ع نام شہر کا ہے جہاں پر قبر حضرت علی رضی اللہ عنہ کی ہے۔
نجل ع نسل۔ اولاد۔ فرزند
نجوے ع سرگوشی۔ کاناپھوسی کان میں چپکے سے بات کہنا۔
نجوم ع جمع ہے نجم کی ستارے۔
نجیب ع شریف۔ بزرگ۔
نجیف ع چوڑے سر کا تیر۔
نحاس ع تانبا۔

نحافت ع دُبلاپن - لاغری توانائی -
نحت ع چھیلنا - تراشیدن صاف کرنا -
نحریر ع دانشمند - زیرک عالم
نحس ع نامبارک - بھونڈا -
نحل ع شہد کی مکھی -
نحلہ ع بخشش - عطا - صدقہ -
نحن ع ہم - مایان -
نحو ع طریق - راہ - مانند - جملوں کا علم -
نحوست ع نامبارکی - بد -
نحیب ع آواز رونے کی - آہ وزاری -
نحیف ع دُبلا - لاغر -
نخ ف ریشمی دھاگا - کچا ریشم تار سوت -
نخاس ع وہ بازار جس میں حیوانات یا غلام فروخت کرتے ہیں -
نخالہ ع بھوسی جو آٹے کے چھاننے سے نکلتی ہے -
نخب ع انتخاب کرنا - اور باہر نکالنا -
نخچیر ف جانور جنگلی - شکار -

نخست ف اوّل - پہلے -
نخستین ف پہلا - اوّل -
نخع ع سنک - آب بینی -
نخل ع درخت خرما کا - چھاننا آٹے کا -
نخلبند ف باغبان - مالی -
نخوت ع بزرگی - تکبر - غرور -
نخود ف چنا - ایک غلہ کی قسم ہے -
ند ع ترقی - بڑھاؤ - افراط -
ندے ع تری - آزادی -
ندا ع آواز کرنا - پکارنا -
ندّاف ع دُھنیا - رُوئی کے دُھنکنے والا -
ندامت ع شرمندگی -
ندب - ندبت ع رونا مردہ پر سیاپا کرنا -
نُدرت ع نادر ہونا - عجوبہ ہونا - تحفگی - کمی -
ندف ع رُوئی کا دھنکنا -
ندیم ع پشیمان -
ندایم ع جمع ہے ندیم کی - مصاحب لوگ -
ندیم ع مصاحب -

نذارت ع خوف ڈراؤ -
نذر ع اپنے پر کوئی چیز واجب کرنا - عہد پیمان اور جو خدا کے واسطے مثلاً روزہ یا صدقہ یا کچھ جانور مقرر کریں -
نذیر ع ڈرانے والا -
نر ف مرد - پُرش -
نرخ ف بھاؤ - اناج وغیرہ کسی چیز کا -
نرد ف گوٹ چوسر کی - شطرنج کی نرد -
نردبان ف سیڑھی -
نرگاؤ ف بیل -
نرگس ف نام ایک پھول کا ہے مجازاً آنکھ -
نرم ف ملایم - گدگدا -
نرماوہ ف مرد اور عورت - پیچ صندوق یا کواڑ وغیرہ کا -
نرمہ گوش ف کان کی لَو -
نرمی ف گدگداپن - برخلاف سختی کے -
نرمیش ف مینڈھا -
نری ع چمڑا بکری یا مینڈھے کا -

نریمان ف رستم پہلوان کا دادا۔
نزار ف لاغر۔ دُبلا۔
نزاع ع آرزومند ہونا۔ جھگڑا۔
نزاکت ف نازک پن۔
نزاہت ع پاکی۔ دور ہونا بدی سے۔
نزد ف / نزدیک } پاس۔ قریب۔ نزدیک
نزع ع ایک شے کو اس کی جگہ سے کھینچنا جان کندن۔
نزف ع تمام پانی کنوئیں کا کھینچ لینا۔ سست کرنا۔ خون چلنا۔ جریان خون کا۔
نزل ع ضیافت۔ مہمانی۔ جو مہمان کے آگے رکھیں کھانا جو مہمان کے کھانے کے واسطے رکھیں رسد۔
نزلہ ع رسد۔
نژم ف وہ بخار جو جاڑوں میں صبح کے وقت زمین پر ہوتا ہے جس کو کُہر کہتے ہیں۔
نزول ع اُترنا۔

نزہت ع بے عیب ہونا۔ پاکیزگی نکوئی۔ خوشحالی۔ سیر۔
نزیدن ف باہر کھینچنا۔ باہر نکالنا۔
نزیف ع تپ زدہ۔ مست۔ بیہوش جس کا خون بہت نکلا ہو۔ اور اس سبب سے وہ سُست ہو گیا ہو۔ اور وہ شخص جس کی پیاس کے سبب زبان خشک ہو گئی ہو
نزیل ع مہمان۔ مسافر۔ پردیسی جو کہیں سرا وغیرہ میں جا کر اُترے۔
نژند ف سرنگون۔ پست۔ خوار۔ سرگشتہ۔ غمگین۔ خفا۔
نژاد ف اصل۔ نسب۔
نژادہ ف اصل و نجیب۔
نژغار ف بانگ۔ فریاد۔ نعرہ۔
نژیدن ف کھینچنا۔
نس ع ہوش۔ عقل۔
نسیاً منسیاً ع فراموش از یاد رفتہ یعنے بہت بھولا ہوا۔
نساء ع عورتیں زنان جمع ہے امراۃ کی۔ خلاف قیاس اس لفظ کا مفرد نہیں ہے۔

نساج ع بافندہ بننے والا۔
نسایم ع جمع ہے نسیم کی ہوائیں سرد اور خوشبودار نرم ہوائیں۔
نسب ع نسل۔ نژاد۔ خاندان۔
نسبت ع لگاؤ۔ مناسبت۔ علاقہ۔
نسیب ع عالی نسب۔ ہمزاد۔
نسترن / نستر } ف سیوتی کا پھول۔ سیوتی
نستوہ ف نافرمان۔ غیر مطیع۔
نستعلیق ع اس کی اصل میں نسخ تعلیق تھا۔ چونکہ یہ خط نسخ اور خط تعلیق سے نکلا ہے اسواسطے یہ نام ہوا بسبب کثرت استعمال کے خا جیمہ کو حذف کر دیا۔
نسج ع بننا۔ بافتن۔ کپڑا بننا۔
نسخ ع دور کرنا۔ رد کرنا۔ لکھنا اور نام خط عربی ہے۔
نسخہ ع کتاب اور حکیم جو بیمار کو دوا لکھ کر دے۔
نسر ع کرگس جانور۔ اور نام ایک بت کا ہے۔
نسر طائر ع نام اُس شکل کا ہے کہ بصورت کرگس جانور کے گویا

اڑنے کو تیار ہے۔ جانب شمال
واقع ہے اسکو بھی عقاب کہتے ہیں
نسرین ع سیوتی کا پھول۔
سیوتی کا درخت۔
نسق ع روشن۔ دستور۔
ترتیب دینا۔
نسقچی ف چوبدار منتظم شہر اور
لشکر کے لوگوں کا۔
نسک ف دال مسور کی۔
نُسک ع قربانی۔ عبادت۔
نُسُک ع قربانیہا۔ جمع ہے
نسک کی۔
نسل ع اولاد۔ کنبہ۔
نسم ع آدمی۔
نسمت ع روح۔ آدمی۔ جان۔
نسناس ع بن مانس ایک جانور
ہوتا ہے مشابہ انسان کے۔
نسوان } ع جمع ہے نساء کی عورتیں
نسوہ } جمع الجمع ہے۔
نسی ع بہت بھولنے والا۔
اور وہ شخص جس کو قوم میں نہ
شمار کریں۔
نسیان ع فراموشی۔ بھولنا۔
